فضائل و برکاتِ دُرود و سلام پر ایک محبت میں ڈوبی تحریر

تم پہ کروڑوں درود

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مؤلف: خلیل احمد رانا

الحقائق فاؤنڈیشن

تم پر کروڑوں درود

مؤلف

خلیل احمد رانا

الحقائق فاؤنڈیشن

زیرنگرانی: **محمد کاشف رضا**

قانونی مشیر: جسٹس (ر) امیر عالم خان

(ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان)

عاطف عقیل خان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

کتاب	....	تم پہ کروڑوں درود
مؤلف	....	خلیل احمد رانا
صفحات	....	112
سن اشاعت	....	اکتوبر ۲۰۱۳ء
تعداد	....	پانچ ہزار
ہدیہ	....	-/90 روپے

نوٹ: کتاب کو والدین کے ایصال ثواب، مال و جان اور اولاد کے لیے خیر و برکت اور ذریعۂ نجات کے لیے شائع کروا کے مفت تقسیم کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

ناشر

الحقائق فاؤنڈیشن

آفس: بالمقابل علم دین سنٹر ماتھر سٹریٹ اُردو بازار لاہور

B-1 لنک میکلوڈ روڈ، پٹیالہ گراؤنڈ، لاہور

0321-4088628 - 0333-7861895

عرضِ حال

''الحقائق فاؤنڈیشن'' اہلِ علم اور عوام کے لیے علمی، فکری اور تحقیقی کتب کی اشاعت میں مصروفِ عمل ہے۔ ہمارے لیے جہاں بلند پایہ علمی کتب کی اشاعت وجہ فخر و انبساط ہیں، وہاں عوام کی اصلاحِ فکر و نظر اور تربیت کے لیے، ہماری کوششیں بھی کسی طرح کم نہیں۔ سوا سو سال کے بعد ''تفسیر رؤفی'' کی اشاعت نے اہلِ علم، کتاب دوست اور قرآنِ مجید کے طالب علموں میں خوشی کی ایک لہر دوڑا دی، جس کی دلیل بے شمار خطوط، فون اور بالمشافہ ملاقاتوں کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔

آپ کی خدمت میں جناب خلیل احمد رانا حفظہ اللہ کی کتاب ''تم پہ کروڑوں درود'' کے نام سے پیشِ خدمت ہے۔ جناب رانا صاحب اس سے قبل کئی کتب علمی ترتیب دے کر داد و تحسین سمیٹ چکے ہیں۔ درود و سلام پر عربی و فارسی میں بے شمار لٹریچر تحریر کیا گیا ہے۔ اُن میں بعض کتب کے اردو تراجم بھی منظرِ عام پر لائے گئے ہیں۔ مگر اُن کتب کی ضخامت اور طوالت کی وجہ سے عوامی حلقے ان کے مطالعے سے محروم ہی رہے۔ لہٰذا عوام کی خدمت میں رانا صاحب نے مختصر، عام فہم کتاب ترتیب دے کر اپنے لیے ذریعۂ نجات اور توشۂ آخرت بنا لیا ہے۔ اس کتاب میں فضائل و برکاتِ درود و سلام کے ساتھ صحابہ کرام، بزرگانِ دین، علماء صالحین کے وظیفۂ درود کے ساتھ ساتھ اُن علماء اور اہلِ قلم کے حوالہ جات بھی درود شریف کے حق میں دیئے ہیں جن کے کم فہم پیروکار درود شریف پڑھنے کی مخالفت کرتے نظر آتے ہیں۔ درود شریف پڑھنے کا حکم مطلق ہے۔ اس پر وقت، مقام اور حالت کی قید لگانا قرآن مجید کے ساتھ زیادتی ہے۔ کھڑے ہو کر درود پڑھو یا بیٹھ کر، اذان سے پہلے پڑھو یا بعد میں یہ بحث ایک مسلمان کے لیے جائز نہیں کیونکہ درود پڑھنے کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہے اور بس درود و سلام پڑھنا فرض ہے۔ لہٰذا درود شریف پڑھنے پر جو بد نصیب مناظرے کرتے ہیں در حقیقت وہ اپنی آخرت تباہ کرتے ہیں۔

خدا کرے درود شریف کی اس کتاب سے تمام مسلمان برکات حاصل کریں۔ اور درود شریف کی برکت سے ہمارے گھر، ہماری اولاد، ہمارے کاروبار، دشمنوں کے حسد، شر اور نظرِ بد سے محفوظ رہیں۔ آمین۔

محمد نعمان ارشد

ڈائریکٹر مارکیٹنگ

الحقائق فاؤنڈیشن

تم پہ کروڑوں دُرود

ترتیب۔ خلیل احمد رانا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہٖ الکریم

اللہ کریم جل مجدہٗ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا !

إِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِكَتَہٗ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ☆

(القرآن الحکیم، پ۲۲، سورۃ الاحزاب، آیت ۵۶)

ترجمہ۔ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے دُرود بھیجتے ہیں اس نبی پر اے ایمان والو تم ان پر دُرود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔

(علامہ سید احمد سعید کاظمی، البیان ترجمہ قرآن، مطبوعہ ملتان ۱۹۸۷ء)

قرآن کریم کے ارشاد ربانی کی طرح احادیث مبارکہ میں بھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود و سلام بھیجنے کی ہدایات ملتی ہیں۔

حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک قیامت کے دن میرا سب سے زیادہ مقرب اور سب سے زیادہ محبوب وہی شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ دُرود بھیجتا ہے۔

(امام ابوعیسیٰ ترمذی، ترمذی شریف، مطبوعہ کراچی، ج ۱، ص ۶۴)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ پر کتنا دُرود پڑھا کروں، آپ نے فرمایا جس قدر چاہو، عرض کیا چوتھائی حصہ پڑھوں (یعنی تین حصے دیگر وظائف اور دعائیں اور چوتھائی حصہ درود شریف) فرمایا جتنا چاہو اگر اور زیادہ کرو تو بہتر ہے،

عرض کیا آدھا وقت، فرمایا جتنا چاہو اگر اور زیادہ کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے، عرض کیا دو تہائی، فرمایا جس قدر چاہو اگر اور زیادہ کرو تو بہتر ہے، عرض کیا کہ کل وقت درود شریف ہی پڑھا کروں گا، فرمایا تو یہ دُرود تمہارے سارے رنج وغم کو کافی ہوگا اور تمہارے گناہوں کو مٹادے گا۔

(شیخ ولی الدین خطیب، مشکوٰۃ شریف، مطبوعہ کراچی، ص ۸۶)

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (شہادت ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ھ) کا معمول تھا کہ ہر روز بعد نماز فجر طلوع آفتاب تک قبلہ رُو بیٹھتے اور دُرود شریف پڑھتے تھے۔

(سید شریف احمد شرافت نوشاہی، شریف التواریخ، مطبوعہ لاہور، ۱۹۷۹ء، ج ۱، ص ۳۱۹)

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ (متوفی ۵ ربیع الاوّل ۵۰ھ) شب برأت میں ایک تہائی رات دُرود وسلام پڑھا کرتے تھے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی، سعادت دارین (عربی) مطبوعہ بیروت ۱۳۱۶ھ، ص ۱۶۹)

حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (متوفی ۱۵ رجب ۱۴۸ھ) ماہ شعبان میں ہر روز سات سو مرتبہ دُرود شریف پڑھنے کی بہت زیادہ فضیلت بیان فرماتے تھے۔

(امام علی بن سلطان قاری حنفی، رسالہ فضائل نصف شعبان (عربی، اُردو) مطبوعہ لاہور ۲۰۰۲ء، ص ۴۱)

حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (متوفی ۵۶۱ھ) پر جب کوئی صدمہ یا حادثہ پیش آتا تو آپ اللہ تعالیٰ کی جانب متوجہ ہوتے اور اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نفل پڑھتے تھے، نماز کے بعد سو مرتبہ دُرود شریف پڑھتے تھے اور کہتے تھے "اغثنی یا رسول اللہ علیک الصلوٰۃ والسلام" سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت کی طرف متوجہ ہو کر دل ہی دل میں آہستہ سے دو شعر پڑھتے تھے!

ایدرکنی ضیم وانت ذخی
والظلم فی الدنیا وانت ن
وعار علیٰ راعی الحمیٰ وھو فی ال
اذاضاع فی البیداء ب

ترجمہ۔ یعنی کیا مجھے بھی کوئی آفت پہنچ سکتی ہے جب کہ آپ کا تعلق میرے لئے ذخیرہ آخرت ہے اور کیا میں بھی دنیا میں ظلم وستم کیا جاؤں گا جب کہ آپ میرے معین ومددگار ہیں۔

یہ امر تو گلہ بان کے لئے باعث عار ہے کہ اس کے گلہ میں ہوتے ہوئے اس جنگل میں میرے اونٹ کی رسی گم ہوجائے۔

اِن اشعار کے پڑھنے کے بعد آپ دُرود شریف کی کثرت کرتے تھے، اس عمل کی برکت

سے آپ پر سے اللہ تعالیٰ اس صدمہ اور آفت کو دور فرما دیتا تھا اور آپ اپنے مریدین کو بھی مصیبت اور آفت کے وقت اس عمل کی تلقین فرماتے تھے۔

(مولانا احتشام الحسن کاندھلوی دیوبندی، غوث اعظم ،مطبوعہ ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور ۱۹۷۸ء، ص ۳۳)

عارف باللہ، شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی ابن عربی طائی اندلسی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۶۳۸ ھ) فرماتے ہیں!

''اہل محبت کو چاہئے کہ دُرود شریف کے ذکر پر صبر و استقلال کے ساتھ ہمیشگی کریں، یہاں تک کہ بخت جاگ اُٹھیں اور وہ جان جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود قدم رنجہ فرمائیں اور شرف زیارت سے نوازیں۔

میں نے ذکر درود شریف پر پابندی سے ہمیشگی کرنے والا کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جس طرح ایک عظیم فرد جو (اندلس کے شہر) اشبیلیہ (اسپین۔ یورپ) کا رہنے والا ایک لوہار تھا، وہ کثرت سے دُرود شریف پڑھنے کی وجہ سے ''اللھم صل علیٰ محمد'' کے نام ہی سے مشہور ہو گیا تھا اور ہر ایک شخص انہیں اسی نام سے جانتا تھا، ایک مرتبہ جب میں ان سے ملا اور دعا کی درخواست کی تو انہوں نے میرے لئے دعا فرمائی جس سے مجھے بہت فائدہ ہوا، وہ جانِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پر ہمیشہ دُرود شریف پڑھتے رہنے کے باعث مشہور تھے اور بغیر کسی خاص ضرورت کے کسی کے ساتھ گفتگو نہیں کرتے تھے، جب اُن کے پاس کوئی شخص لوہے کی کوئی چیز بنوانے آتا تو اس سے کام کو مشروط کر لیتے کہ بھائی جیسی چیز بتائی ہے ویسی ہی بنائیں گے اور اس پر کسی قسم کا اضافہ نہیں کریں گے، تاکہ جو وقت بچے اُس میں بھی دُرود شریف پڑھیں، اُن کے پاس جو بھی مرد، عورت یا بچہ آکر کھڑا ہوتا تو واپس لوٹنے تک اُس کی زبان پر بھی درود شریف جاری رہتا، وہ اپنے شہر میں اسی مقدس مشغلے کی وجہ سے ہر خاص و عام کے دلوں میں سمائے ہوئے تھے اور اللہ تعالیٰ کے دوستوں میں سے تھے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی، جواھر البحار فی الفضائل النبی المختار (اُردو ترجمہ) مطبوعہ مکتبہ حامدیہ لاہور ۱۹۷۵ء ، ج ۱، ص ۴۳۱)

شیخ المشائخ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اُوشی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۶۳۳ ھ) روزانہ رات کو تین ہزار مرتبہ دُرود شریف پڑھتے اور اس کے بعد سوتے تھے۔

(امیر خورد سید محمد مبارک علوی کرمانی، سیر الاولیاء (اردو ترجمہ) مطبوعہ اُردو سائنس بورڈ لاہور ۱۹۸۶ء، ص ۱۳۵)

حضرت عبداللہ بن موسیٰ بن نعمان مزالی تلمسانی مراکشی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۶۸۲ ھ) اپنی

کتاب "مصباح الظلام" میں لکھتے ہیں کہ حضرت خلاد بن کثیر بن مسلم رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں ہمیں بتایا گیا کہ جب آپ پر حالت نزع طاری ہوئی تو لوگوں نے آپ نے سرہانے ایک لکھا ہوا رقعہ پایا، جس پر تحریر تھا "ھذا براءۃ من النار لخلاد بن کثیر" آگ سے خلاد بن کثیر کے چھٹکارے کی دستاویز ہے، لوگوں نے ان کے گھر والوں سے پوچھا کہ موصوف کے کیا معمولات تھے؟ تو انہوں نے بتایا کہ آپ ہر جمعتہ المبارک کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے:

"اللھم صل علیٰ النبی الامی محمد"

(امام عبداللہ بن موسیٰ بن نعمان مزالی تلمسانی کراکشی، مصباح الظلام فی المستغیثین بخیر الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام فی الیقظۃ والمنام (اردو ترجمہ) مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور ۲۰۰۵ء، ص ۲۸۲)

حضرت محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۷۲۵ھ) فرماتے ہیں کہ ۲۰/ ماہ ذی الحجہ ۶۵۵ھ کو چاشت کے وقت شیخ الاسلام حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۶۶۴ھ) کی سعادت قدم بوسی حاصل ہوئی ، درود شریف کے فضائل بیان فرماتے ہوئے آپ آبدیدہ ہو گئے اور یہ حکایت بیان فرمائی کہ ایک شب حضرت خواجہ حکیم سنائی غزنوی قدس سرہٗ (متوفی ۴۲۵ھ) نے حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنا روئے مبارک ان سے چُھپاتے ہیں، خواجہ حکیم سنائی رحمتہ اللہ علیہ دوڑے اور قدموں کو بوسہ دے کر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میری جان آپ پر قربان ہو کیا سبب ہے جو آج مجھے یہ محرومی ہو رہی ہے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواجہ سنائی رحمتہ اللہ علیہ کو گلے لگا لیا اور فرمایا کہ سنائی! تم نے اس قدر دُرود پڑھا ہے کہ مجھے تم سے حجاب آتا ہے، بعد میں حضرت گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا! سبحان اللہ یہ بھی اللہ کے بندے ہیں جن کی کثرت درود خوانی سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حیا آتی ہے۔

(خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی، راحت القلوب (اُردو ترجمہ) مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۱۴۰۵ھ، ص ۱۴۱)

حضرت شیخ الاسلام غوث بہاء الدین زکریا سہروردی ملتانی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۶۶۱ھ) وصیت فرمایا کرتے تھے کہ دین تب ہی سلامت رہ سکتا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود شریف پڑھے۔

(شیخ عبدالحق محدث دہلوی، اخبار الاخیار (اُردو) مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کراچی، ص ۶۵)

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میری والدہ ماجدہ حضرت بی بی زلیخا رحمتہ اللہ علیہا کو ان کی زندگی میں جب کوئی ضرورت پیش آتی تو وہ پانچ سو مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر اپنا دامن پھیلا کر دعا مانگتی تھیں اور جو چاہتی تھیں مل جاتا تھا۔

(شیخ عبدالحق محدث دہلوی، اخبار الاخیار (اُردو ترجمہ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۸۶)

حضرت شیخ ابوسعید صفروی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۸۵۱ھ) درود تامہ بہت کثرت سے پڑھتے تھے، شیخ صفروی علیہ الرحمہ، شیخ محمد ابوالمواہب شاذلی علیہ الرحمہ کے شیخ ہیں، صلوٰۃ تامہ یہ ہے:

"اللھم صلی علیٰ سیدنا محمد و علیٰ اٰل سیدنا محمد کما صلیت علیٰ سیدنا ابراھیم و علیٰ اٰل سیدنا ابراھیم و بارک علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ اٰل سیدنا محمد کما بارکت علیٰ سیدنا ابراھیم و علیٰ اٰل سیدنا ابراھیم فی العالمین انک حمیدٌ مجیدٌ السلام علیک ایھا النبی ورحمتہ اللہ و برکاتہٗ

(شیخ عبدالوہاب شعرانی، طبقات الکبریٰ (اردو ترجمہ) مطبوعہ نفیس اکیڈمی کراچی ۱۹۶۵ء، ص ۵۳۳)

سیدی شیخ محمد صفی الدین ابی المواہب شاذلی الوفائی تیونسی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۸۵۰ھ) دن میں ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف " اللھم صل سیدنا محمد و علیٰ اٰل محمد" پڑھا کرتے تھے، آپ ایک ہزار تعداد پوری کرنے کے لئے بعض دفعہ جلدی جلدی پڑھا کرتے تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں تشریف لائے اور فرمایا! کیا تجھے معلوم نہیں کہ جلد بازی شیطان کا کام ہے، ٹھہر ٹھہر کر ترتیب سے بنا سنوار کر پڑھا کر، اگر کبھی وقت تنگ ہو جائے تو پھر جلدی پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے، یہ بر بنائے فضیلت ہے ورنہ جس طرح بھی درود شریف پڑھو وہ دُرود ہی ہے۔

(شیخ عبدالوہاب شعرانی، طبقات الکبریٰ، مطبوعہ کراچی، ص ۵۳۳)

سیدی شیخ برھان الدین ابراہیم بن علی بن عمر الانصاری المتبولی المصری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۸۷۷ھ) ولایت میں بڑا اونچا مقام رکھتے تھے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا آپ کا کوئی شیخ نہ تھا، آپ قاہرہ (مصر) کے محلہ حسینیہ میں جامع مسجد امیر شرف الدین کے دروازے کے قریب بھنے ہوئے چنے بیچا کرتے تھے، کثرت درود شریف کی وجہ سے آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کثرت خواب میں دیکھتے تھے، آپ اپنی والدہ ماجدہ کو اس کی اطلاع دیتے تو وہ فرماتیں کہ بیٹا مرد

وہ ہے جسے بیداری میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو، جب آپ بیداری میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے لگے اور مختلف معاملات میں مشورے کرنے لگے تو آپ کی والدہ محترمہ فرمانے لگیں کہ اب تم بالغ ہوئے ہو اور مردانگی کے میدان میں پہنچے ہو۔

(امام عبدالوہاب شعرانی، طبقات الکبریٰ، مطبوعہ کراچی، ص ۵۵۱)

قطب عالم شیخ عبدالجلیل چوہڑ بندگی سہروردی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۹۰۲ھ) درود شریف کی کتاب "دلائل الخیرات" کثرت سے پڑھتے تھے، آپ کا معمول تھا کہ آپ ایک مرتبہ فجر کی نماز کے بعد اور ایک مرتبہ شام کو پابندی سے مکمل دلائل الخیرات شریف ختم کرتے تھے۔

(اعجاز الحق قدوسی، تذکرہ صوفیائے پنجاب، مطبوعہ سلمان کمپنی کراچی ۱۹۹۶ء، ص ۳۹۲)

حضرت شیخ سیدی احمد مصری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۹۲۳ھ) دن رات میں بیس ہزار مرتبہ تسبیح پڑھتے اور چالیس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتے، حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ آپ نے میرے لئے کئی دعائیں فرمائیں اور مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف کے ورد کی رہنمائی فرمائی۔

(امام عبدالوہاب شعرانی۔ طبقات امام شعرانی (اردو ترجمہ برکات روحانی) مترجم سید محفوظ الحق شاہ صاحب، مطبوعہ نوریہ رضویہ پبلی کیشنز لاہور ۱۴۲۳ھ/۲۰۰۲ء، ص ۶۷۰)

امام عبدالوہاب شعرانی مصری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۹۷۳ھ) اپنی کتاب "لواقح الانوار القدسیہ فی بیان العھود المحمدیہ" میں فرماتے ہیں کہ سیدی شیخ علی نورالدین شَونی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۹۴۴ھ) (شَون مصر میں جزیرہ بنی نصر احمدی کا ایک شہر) روزانہ دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتے تھے اور شیخ احمد الزواوی البحیری المصری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۹۲۳ھ۔ مدفون قصبہ دمنہور، مصر) کا طریقہ تھا کہ روزانہ چالیس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کرتے تھے، امام شعرانی فرماتے ہیں کہ مجھے ایک بار انہوں نے فرمایا کہ ہمارا طریقہ یہ ہے کہ ہم بہت ہی کثرت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتے ہیں، یہاں تک کہ بیداری میں آپ ﷺ ہمارے ساتھ تشریف فرما ہوتے ہیں، ہم آپ ﷺ کے ساتھ صحابہ کرام کی مانند مجلس کرتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے دین کے متعلق پوچھتے ہیں اور ان احادیث کے متعلق جنہیں حفاظ حدیث نے ضعیف قرار دیا ہے وہ ہمارے پاس ہوتی ہیں اور ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے مطابق عمل کرتے ہیں، جب تک ہماری یہ کیفیت نہ ہو تو ہم اپنے آپ کو بکثرت درود شریف پڑھنے والوں میں

نہیں سمجھتے، اے میرے بھائی تجھے معلوم ہونا چاہئے کہ بارگاہ خداوندی میں پہنچنے کا قریب ترین راستہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا ہے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی فلسطینی، افضل الصلوات علی سید السادات (عربی) مطبوعہ بیروت (لبنان) ۱۳۰۹ھ، ص ۳۱)

امام عبدالوھاب شعرانی رحمتہ اللہ علیہ اپنی کتاب ''الاخلاق المتبولیۃ'' میں لکھتے ہیں کہ شیخ علی نورالدین شونی رحمتہ اللہ علیہ میرے مشائخ میں سے تھے اور دن رات اپنے رب کی عبادت کرنے والے تھے، انہوں نے مصر اور اس کے نواح کے علاوہ بیت المقدس، شام، یمن، مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود پاک پڑھنے کی مجالس قائم کیں اور شیخ سیدی احمد بدوی رحمتہ اللہ علیہ کے شہر طندتا (مشہور سیاح ابن بطوطہ بھی اسی شہر کے رہنے والے تھے) اور جامع از ہر مصر میں اسی سال تک درود شریف کی مجلس قائم کئے رکھی، فرماتے تھے کہ اس وقت میری عمر ایک سو گیارہ سال ہے، لوگ انہیں ہر سال حج کے موقع پر عرفات میں دیکھتے تھے، ان کے دوسرے مناقب نہ بھی ہوتے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس اقدس میں صبح و شام ان کا ذکر ہونا ہی ان کے بلند مرتبہ کے لئے کافی ہے، امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں پینتیس سال ان کی خدمت میں رہا، آپ ایک دن بھی مجھ سے کبھی ناراض نہیں ہوئے، شیخ علی نورالدین شونی رحمتہ اللہ علیہ نے سیدی احمد بدوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۶۳۵ھ) کے شہر ''طندتا'' کے نواح ''شون'' میں بچپن گزارا، پھر سیدی احمد البدوی رحمتہ اللہ علیہ کے شہر میں منتقل ہو گئے، وہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کی مجلس بنائی، ان دنوں آپ بے ریش نوجوان تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کی اس مجلس میں بہت سے لوگ جمع ہو جاتے تھے، شیخ علی نورالدین شونی رحمتہ اللہ علیہ اور دوسرے حاضرین جمعہ کی رات کو بعد نماز مغرب اس مجلس درود شریف کو شروع کرتے اور دوسرے روز جمعہ کی اذان تک اس میں بیٹھتے تھے، پھر ۸۹۷ھ میں جامعہ از ہر میں آپ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجنے کی مجلس بنائی۔

امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آپ نے مجھے بتایا کہ جب میں بچپن میں اپنے گاؤں شَوْن میں مویشی چرایا کرتا تھا، اس وقت بھی میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا شوق رکھتا تھا، میں اپنا صبح کا کھانا بچوں کو دے دیتا اور اُن سے کہتا کہ اسے کھاؤ پھر میں اور تم مل کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھیں، اس طرح ہم دن کا اکثر حصہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر

درود شریف پڑھنے میں گزارتے تھے۔

امام شعرانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس وقت حجاز، شام، مصر، صعید، محلہ الکبریٰ، اسکندریہ اور بلاد مغرب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنے کی مجالس آپ ہی سے پھیلی ہیں، شیخ علی نورالدین شونی رحمتہ اللہ علیہ ان لوگوں میں سے تھے جو بیداری میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے جس طرح شیخ علی خواص رحمتہ اللہ علیہ، شیخ سیدی ابراھیم متبولی رحمتہ اللہ علیہ اور امام جلال الدین سیوطی رحمتہ اللہ علیہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتے تھے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوات علی السادات (عربی) مطبوعہ بیروت ۱۳۰۹ھ، ص ۱۰۶)

حضرت شیخ احمد الکعکی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۹۵۲ھ) دن رات میں آپ کا معمول تھا کہ چالیس ہزار مرتبہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(امام عبدالوھاب شعرانی، طبقات امام شعرانی (اردو ترجمہ) مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ لاہور ۲۰۰۲ء، ص ۷۴۰)

امام عبدالوھاب شعرانی شافعی مصری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۹۷۳ھ) کا یہ ہمیشہ معمول رہا کہ آپ ہر جمعہ کی رات تمام شب صبح تک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا ورد فرماتے، آپ کا یہ معمول وفات تک جاری رہا۔

(حافظ رشید احمد ارشد، تعارف شیخ عبدالوھاب شعرانی (الطبقات الکبریٰ، اردو ترجمہ) مطبوعہ نفیس اکیڈمی کراچی، ۱۹۶۵ء، ص
چ)

اس کے علاوہ آپ وظیفہ "جزی اللہ عنا محمدًا ماھو اھلہٗ" ایک ہزار مرتبہ صبح اور ایک ہزار مرتبہ شام کو پڑھا کرتے تھے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوات علی سید السادات (عربی) مطبوعہ بیروت ۱۳۰۹ھ، ص ۴۳)

حضرت شیخ مسعود الدراوی رحمتہ اللہ علیہ بلاد فارس کے اولیاء میں سے تھے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبین میں سے تھے، آپ اکثر اس جگہ تشریف لے جاتے جہاں مزدوری وغیرہ کے لئے جمع ہوئے لوگ مل جاتے ہیں، آپ وہاں سے بقدر ضرورت مزدوری کے خواہش مند افراد کو ساتھ لیتے، وہ سمجھتے کہ آپ ہمیں کسی کام کرنے کے لئے لے جا رہے ہیں، جب وہ لوگ آپ کے گھر پہنچتے تو آپ ان سے فرماتے کہ بیٹھو اب ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلوٰۃ وسلام عرض کرتے ہیں، عصر کی نماز تک یہ سلسلہ جاری رہتا، پھر آپ ان کو مزدوری عطا فرماتے اور وہ اپنے اپنے

گھروں کو روانہ ہو جاتے، آپ اپنے حسن عقیدت اور صدق دل کی وجہ سے جاگتے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیا کرتے تھے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی، جامع کرامات الاولیاء (اُردو ترجمہ) مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۰ء، ج ۳ ص ۲۱۴)

عارف باللہ سیدی شیخ امام عبداللہ بن محمد المغربی القصیری الکنکسی رحمۃ اللہ علیہ روزانہ پچیس ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے:

اللھم صل علیٰ سیدنا محمد النبی الامی و علیٰ آلہٖ وصحبہٖ وسلم

یہ درود شریف انہوں نے اپنے شیخ قطب کامل سیدی عبداللہ الشریف العلمی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کیا، یہی درور شریف ان کی طریقت کا سہارا ہے، اسی کے ذریعے وہ خود بھی مقام ولایت تک پہنچے اور اسی کے ذریعے انہوں نے اپنے شاگردوں کو مقام ولایت تک پہنچایا۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی، سعادۃ الدارین فی الصلوٰۃ علیٰ سید الکونین (عربی) مطبوعہ بیروت ۱۳۱۶ھ، ص ۲۴۱)

حضرت سید علی المشہور ربابا میر رحمۃ اللہ علیہ (بیجاپور۔ بھارت) نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنے کے لئے سات ہزار درود شریف تالیف فرمائے، آپ شاہ وجیہہ الدین حسینی علوی گجراتی احمد آبادی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۹۹۷ھ) سے بیعت تھے، آپ کا مزار بیجاپور کے شہر پناہ کے باہر زہرہ پور میں واقع ہے۔

(محمد ابراھیم بیجاپوری، روضۃ الاولیاء بیجاپور، مترجم شاہ سیف اللہ قادری شطاری، سن طباعت اُردو حیدر آباد دکن ۱۳۱۴ھ، ص ۷۸)

حضرت خواجہ ملک شیر خلوتی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۰۵ھ) حضرت سید مصطفیٰ چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے مُرید تھے، احمد آباد (گجرات کاٹھیاواڑ، بھارت) میں پیدا ہوئے، آپ کا مزار شریف موضع بودر، علاقہ خاندیس (بھارت) میں ہے، آپ تمام رات دن نوافل اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجنے میں صرف کیا کرتے تھے۔

(محمد غوثی شطاری مانڈوی، گلزار ابرار (اُردو ترجمہ) سن تالیف ۱۰۱۴ھ، مطبوعہ المعارف لاہور ۱۳۹۵ھ، ص ۴۱۲)

حضرت شیخ محمد چشتی بدایونی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۲۴ھ) روزانہ دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتے تھے، درود شریف کی برکت سے آپ کو طے الارض (زمین کا سکڑ کر فاصلہ کم ہو جانا)

حاصل تھا، اس لئے آپ ہر جمعہ کو بیت اللہ شریف کے طواف کے لئے مکہ مکرمہ جاتے تھے۔

(خواجہ رضی الدین بسمل بدایونی، تذکرۃ الواصلین، مطبوعہ نظامی پریس بدایوں ۱۹۴۵ء، ص ۱۹۷)

حضرت خواجہ محمد ہاشم کشمی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۴۵ھ) لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۳۴ھ) کثرت سے درود شریف پڑھتے تھے، خصوصاً جمعہ کی شب اور جمعہ کے دن اور پیر کی شب اور پیر کے دن میں، زندگی ظاہری کے آخری ایام میں جمعہ کی راتوں میں احباب کو جمع کر کے ہزار بار درود شریف پڑھتے تھے، اس عدد کو پورا کرنے کے بعد ایک گھڑی مراقبہ میں جاتے اور پورے انکسار کے ساتھ دعا کرتے تھے، (اس کے بعد) رسالہ صلوٰۃ ماثورہ جو ایک جز سے زیادہ ہوتا تھا یا درود شریف کا وہ رسالہ پڑھتے جو حضرت شیخ الجن والانس سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ کا ترتیب دیا ہوا ہے۔ (ملخصاً)

(خواجہ محمد ہاشم کشمی، زبدۃ المقامات (اردو ترجمہ پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفٰے خاں حیدر آباد سندھ متوفی ۲۰۰۵ء) مطبوعہ سیالکوٹ ۱۴۰۷ھ، ص ۲۸۶)

حضرت اخوند درویزہ ننگرھاری پشاوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۴۸ھ) پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اتنی غالب تھی کہ آپ اکثر درود شریف ہی پڑھتے رہتے تھے اور (محبت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں) آہیں بھر بھر روتے تھے۔

(مولانا محمد امیر شاہ گیلانی قادری پشاوری، تذکرہ علماء و مشائخ سرحد، مطبوعہ پشاور ۱۹۶۳ء، ج ۱، ص ۳۲، ۳۳)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۵۲ھ) فرماتے ہیں کہ جس وقت اس فقیر کو شیخ عبدالوھاب متقی القادری الشاذلی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۰۱ھ) نے مدینہ منورہ کے مبارک سفر کے لئے رخصت کیا تو ارشاد فرمایا کہ یاد رکھو اس سفر میں فرائض ادا کرنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنے سے بلند تر کوئی عبادت نہیں ہے، میں نے درود پاک کی تعداد دریافت کی تو فرمایا یہاں کوئی تعداد مقرر نہیں ہے جتنا ہو سکے پڑھو، اسی میں رطب اللسان رہو اور اسی کے رنگ میں رنگے جاؤ، وہ ہر طالب کو تلقین فرماتے تھے کہ روزانہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف کو ہزار مرتبہ سے کم نہ مقرر کرنا چاہیے، اگر اتنا نہ ہو سکے تو پانچ سو مرتبہ لازمی ہو تو گویا ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اور سونے سے پہلے بھی وقت کو خالی نہ رکھنا چاہئے اور اپنے لئے ہر نماز کے بعد تین سو سے کم نہ مقرر نہ کرتے تھے۔

(شیخ عبدالحق محدث دہلوی، مدارج النبوت (اردو ترجمہ) مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی ۱۹۷۴ء، ج ۱، ص ۵۷۵)

حضرت شیخ مصطفٰے بن زین الدین بن عبدالقادر المشہور ابن سوار شافعی دمشقی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۷۱ھ) ہر پیر کی رات جامع مسجد اموی دمشق میں شب بھر درود شریف پڑھنے کا اہتمام فرماتے، آپ کے ایک شاگرد شیخ عبداللہ بن علی عاتکی علیہ الرحمہ نے آپ کے انتقال کے دو روز بعد آپ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ہوا میں اُڑ رہے ہیں، انہوں نے عرض کیا یا سیدی آپ کہاں اُڑے جا رہے ہیں؟ فرمایا اعلیٰ علیین کی طرف، شیخ عبداللہ نے پوچھا یہ عظمت آپ کو کس وجہ سے ملی، فرمانے لگے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہ کثرت درود و سلام کی برکت سے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی، جامع کرامات الاولیاء (اُردو ترجمہ) مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۰ء، ج ۳، ص ۶۲۱)

قطب زمانہ حضرت سید حسن رسول نما اویس ثانی نارنولی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۰۳ھ) کا شمار دہلی کی عظیم اور بلند پایہ روحانی شخصیتوں میں ہوتا ہے، آپ نے تقریباً سو سال عمر پائی، تمام عمر ''باغ کلالی، پہاڑ گنج، دہلی'' میں رہے، آپ کو ''رسول نُما'' کے لقب سے اس لئے یاد کیا جاتا ہے کہ آپ ہر روز گیارہ سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھتے تھے:

''اللھم صل علیٰ محمد و عِترتہٖ بعد د کل معلوم لک''

آپ اس دُرود شریف پڑھنے کی وجہ سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس پاک کے حضوری تھے اور آپ جس کو یہ درود شریف پڑھنے کے لئے بتا دیتے تھے اُس کو بھی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو جاتی تھی، بے شمار لوگ آپ کی صحبت بابرکت سے فیض یاب ہوئے، اس درود شریف کو پڑھنے کی آپ کی طرف سے عام اجازت ہے۔

(محمد عبدالمجید صدیقی، سیرت النبی بعد از وصال النبی، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور ۱۹۷۹ء، ج ۱، ص ۲۵۰)

حضرت شاہ عبدالرحیم دہلوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۳۱ھ/ ۱۷۱۸ء) روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، انفاس العارفین (اردو ترجمہ) مطبوعہ المعارف لاہور ۱۳۹۸ھ/ ۱۹۷۸ء، ص ۱۹۰)

عارف باللہ سیدی شیخ احمد بن ثابت البجائی الحسنی المغربی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۵۲ھ/ ۱۷۳۹ء) کثرت سے درود شریف کا ورد کرتے تھے اور اکثر خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کرتے تھے، ایک مرتبہ آپ نے خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ میں چاہتا ہوں آپ ہر اس مسلمان کے ضامن ہوں جو درود و سلام پر

لکھی گئی میری کتاب ''التفکر الاعتبار فی فضل الصلوٰۃ علی النبی المختار صلی اللہ علیہ وسلم'' کو پڑھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس کے پڑھنے والے کا ضامن ہوں اور اس کا بھی جو اس کتاب میں لکھے گئے صیغوں کے ساتھ درود وسلام بھیجے۔

(التفکر الاعتبار، مطبوعہ مکتبہ نور الھدایۃ، جامعہ اسامہ بن زید، حلب (شام) ۲۰۰۸ء، ص ۲۸)

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی، سعادت دارین (اردو ترجمہ) مطبوعہ مکتبہ حامدیہ لاہور ۱۴۰۹ھ/۱۹۸۸ء، ج ۱، ص ۳۰۲)

نوٹ۔ (اسماعیل پاشا بغدادی نے ''ھدیۃ العارفین'' مطبوعہ استنبول، ترکی، جلد ۵، صفحہ ۱۷۳، ''ایضاح المکنون فی الذیل علی کشف الظنون، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت جلد ۱، ص ۳۱۲، اور عمر رضا کحالہ مصری نے ''معجم المؤلفین'' جلد ۱، صفحہ ۱۸۰ پر اس کتاب کا ذکر کیا ہے)

حضرت عبدالقادر ثانی حیدر آبادی بن شاہ سعدالدین رحمہم اللہ تعالیٰ (متوفی ۱۱۵۹ھ) ہر وقت درود شریف پڑھتے تھے۔

(محمد عبدالجبار ملکاپوری، تذکرہ اولیائے دکن، مطبوعہ مطبع رحمانی حیدر آباد دکن، (بھارت) ج ۳، ص ۵۶۱)

حضرت شیخ محمد عابد نقشبندی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۶۰ھ/۱۷۴۷ء) روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود شریف کا ورد کرتے تھے۔

(فقیر محمد جہلمی، حدائق الحنفیہ، مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور ۱۴۰۰ھ/۱۹۸۰ء، ص ۴۶۳)

(ایضاً۔ محمد دین کلیم، مدینۃ الاولیاء، مطبوعہ المعارف لاہور ۱۳۹۶ھ/۱۹۷۶ء، ص ۴۳۸)

حضرت سید محمد وارث رسول نما بناری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۶۶ھ/۱۷۵۳ء) شاہ رفیع الدین غازی پوری رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز تھے، آپ روزانہ (اپنے حلقہ میں) ایک لاکھ مرتبہ ''درود طریقہ'' کا ورد کرتے تھے، دُرود طریقہ یہ ہے:

''اللھم صل علیٰ سیدنا محمد النبی الامی وعلیٰ آلہٖ و اھل بیتہٖ و اصحابہٖ و بارک وسلم علیہ و علیھم اجمعین''

اس درود شریف کا ورد مخصوص طریقہ پر کسی صاحب اجازت بزرگ کی اجازت سے بہت فوائد کا حامل ہے، آپ کے ایک مرید غالباً شاہ ابوالحیات قادری پھلواری بہاری رحمۃ اللہ علیہ، مؤلف کتاب ''تذکرۃ الکرام'' (فارسی) روزانہ (اپنے حلقہ میں) دس لاکھ مرتبہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(حکیم محمد اسرار الحق بہاری، حضرت رسول نما بناری اور اُن کے معاصر علماء، مطبوعہ پٹنہ (بھارت) ۱۹۹۱ء، ص ۶۴، ۹۳)

حضرت سید محمد وارث رسول نما بنارسی علیہ الرحمہ کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر جھلی کے نیچے سبز کلمات میں سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی لکھا ہوا تھا، جس کو ہر شخص آسانی سے پڑھ سکتا تھا، آپ کے بدن سے ہر وقت خوشبو آتی تھی، آپ کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ عشق و محبت تھا۔

(قاضی محمد زاہد الحسینی، تذکرۃ المفسرین، مطبوعہ اٹک، ۱۴۰۱ھ، ۱۷۰)

حضرت شیخ عبدالنبی محمد بن یونس القشاشی المالکی الدجانی المدنی رحمۃ اللہ علیہ، بیت المقدس (فلسطین) کے مضافاتی قصبہ دجانہ کے رہنے والے تھے، نہایت صالح بزرگ تھے، آپ کو عبدالنبی کے نام سے اس لئے پکارا جاتا تھا کہ آپ لوگوں کو اُجرت دے کر مسجد میں بٹھاتے تاکہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھیں۔

(شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، انسان العین فی مشائخ الحرمین، مشمولہ انفاس العارفین (اردو ترجمہ) مطبوعہ لاہور ۱۹۷۸ء، ص ۳۷۶)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۷۶ھ/۱۷۶۲ء) فرماتے ہیں کہ میرے والد ماجد شاہ عبدالرحیم دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے ہر روز درود شریف پڑھنے کی وصیت فرمائی اور فرمایا ہم نے جو کچھ پایا اسی درود شریف کے سبب پایا ہے۔

(شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، القول الجمیل (عربی، اردو) مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی، ص ۱۱۷)

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمہ ہی فرماتے ہیں کہ درود شریف کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا دنیا کی رسوائی سے محفوظ رہتا ہے اور اس کی آبرو میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔

(شاہ محمد عاشق پھلتی (متوفی ۱۱۷۸ھ)، القول الجلی فی ذکر آثار ولی، فارسی (عکس قلمی) مطبوعہ دہلی، ۱۹۸۹ء، ص ۲۷۶)

حضرت بابا ماہی شاہ قادری نوشاہی ہوشیار پوری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۹۴ھ/۱۷۸۰ء) مدفون موضع جھنگی شاہ تحصیل دسوہہ، ضلع ہوشیار پور (مشرقی پنجاب۔ بھارت) نے دریائے بیاس کے کنارہ پر بارہ سال میں ایک کروڑ مرتبہ درود شریف ہزارہ پڑھا اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور مجلس سے مشرف ہوئے، درود ہزارہ یہ ہے:

"اللھم صل علیٰ سیدنا محمد بعدد کل ذرۃ مائۃ الف الف مرۃ".

(سید شریف احمد شرافت نوشاہی، شریف التواریخ، جلد ۳، جز ۳، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء، ص ۲۰۹)

حضرت میرزا مظہر جان جاناں شہید نقشبندی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۹۵ھ) فرماتے

ہیں کہ سالک کے لئے روزانہ ہزار بار درود شریف پڑھنا لازم ہے۔

(شاہ غلام علی دہلوی، مقامات مظہری (اردو ترجمہ) مطبوعہ اُردو سائنس بورڈ لاہور ۱۹۸۳ء، ص ۳۲۹)

حضرت مولانا انوار الحق فرنگی محلی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۳۶ھ) اپنے ہر مرید کو کثرت سے درود شریف پڑھنے کی تلقین فرماتے تھے۔

(محمد عنایت اللہ فرنگی محلی، تذکرہ علمائے فرنگی محل، مطبوعہ لکھنؤ ۱۹۳۰ء، ص ۲۶)

حضرت شاہ غلام علی نقشبندی مجددی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۴۰ھ) اپنے متوسلین کو تلقین فرمایا کرتے تھے کہ ہر روز رات کو ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنا چاہئے۔

(شاہ رؤف احمد رافت دہلوی، درالمعارف (اردو ترجمہ) مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور ۱۹۸۳ء، ص ۱۱۸، ۳۰۲)

حضرت شاہ محمد آفاق نقشبندی مجددی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۴۰ھ) روزانہ دس ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے "**اللھم صل علی سیدنا محمد و علیٰ آل سیدنا محمد و بارک وسلم**"۔

(ڈاکٹر ظہور الحسن شارب دہلوی، دلی کے بائیس خواجہ، مطبوعہ فرید بک سٹال اردو بازار لاہور، ص ۲۶۴)

حضرت امام الدین بن میاں تاج محمود بن حافظ شرف الدین علیہم الرحمہ متوطن موضع شاہ اعظم مضافات تونسہ اور حضرت مولوی اللہ بخش بلوچ رحمۃ اللہ علیہ ساکن موضع سوکڑی مضافات تونسہ ضلع ڈیرہ غازی خاں لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک نوجوان قبول نامی جو بدقسمتی سے نابینا ہوگیا تھا، حضرت فخر الاولیاء خواجہ محمد سلیمان تونسوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۶۷ھ/ ۱۸۵۰ء) کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا حضرت میں نابینا ہوں میرے لئے دُعا فرمایئے کہ اللہ کریم مجھے روشنی چشم عطا فرمائے، آپ نے فرمایا کہ میاں درود شریف پڑھا کرو، اس نے عرض کیا غریب نواز! میں پہلے پڑھتا رہتا ہوں، آپ نے فرمایا درود شریف ایسی چیز نہیں ہے کہ تو پڑھے اور تیری آنکھیں روشن نہ ہوں، چنانچہ اُس نوجوان نے کثرت سے درود شریف پڑھنا شروع کیا، جب نو لاکھ مرتبہ پورا کیا تو اللہ کریم نے اُسے بینائی عطا فرمادی۔

حضرت خواجہ تونسوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بھی فرمایا کہ صاحبزادہ خواجہ نور احمد جیؒ رحمۃ اللہ علیہ، مہار شریف (چشتیاں، ضلع بہاول نگر) کے اقرباء میں سے ایک شخص نابینا ہوگیا تھا، اس نے کثرت سے درود شریف پڑھنا شروع کیا، اللہ کے فضل سے ایک ماہ میں بینا ہوگیا۔

(امام الدین، نافع السالکین، مطبوعہ دہلی ۱۳۱۰ھ/ ۱۸۹۲ء، ص ۱۱۳۔ ایضاً۔ اللہ بخش بلوچ، خاتم سلیمانی، مطبوعہ لاہور ۱۳۲۵ھ/

۱۹۰۷ء، ۱۳۹)

حضرت افضل العلماء ابوعلی محمد ارتضاء الصفوی قاضی القضاء مدراسی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۷۰ھ) کی عادت شریفہ تھی کہ اکثر اوقات درود شریف پڑھنے میں مشغول رہا کرتے تھے۔

(محمد مہدی واصف مدراسی، حدیقۃ المرام (تذکرہ علمائے مدراس، جنوبی ہند)، مطبوعہ مجلس ترقی اردو کراچی ۱۹۸۲ء ص ۱۹)

حضرت مولانا غلام محی الدین قصور دائم الحضوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۷۰ھ/۱۸۵۴ء) خلیفہ مجاز حضرت شاہ غلام علی دہلوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۴۰ھ) کا معمول تھا کہ آپ کثرت سے درود شریف پڑھا کرتے تھے، مولانا نبی بخش حلوائی لاہوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۴۴ء) فرماتے ہیں کہ میں نے کئی مرتبہ آپ کی قبر پر خود حاضر ہو کر یہ کیفیت دیکھی کہ قبر سے خوشبو کی لپٹیں آتی تھیں اور مجھے یوں محسوس ہوتا کہ کسی عطار نے اپنی ساری خوشبوؤں کو بکھیر دیا ہے، میں نے تپتی دھوپ میں بھی حاضری دی مگر آپ کی قبر کے پاس تمام پتھروں اور اینٹوں کو ٹھنڈا پایا۔

(مولانا نبی بخش حلوائی، شفاء القلوب بالصلوٰۃ علی المحبوب، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور، ۱۹۸۲ء، ص ۲۲۵)

حضرت میاں محمد حسن بلوچستانی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۷۴ھ/ ۱۸۵۷ء) پانچ روز میں ایک لاکھ مرتبہ درود شریف کا ورد فرماتے تھے، اور آپ کے چھوٹے صاجزادے حضرت میاں تاج محمد بلوچستانی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۲ء) نے بھی درود شریف کا ورد اور دلائل الخیرات شریف کے ورد کو اپنا معمول بنا رکھا تھا۔

(ڈاکٹر انعام الحق کوثر، تذکرہ صوفیائے بلوچستان، مطبوعہ اردو سائنس بورڈ لاہور ۱۹۸۶ء، ۶۵، ۲۶۷)

حضرت مولانا محمد حیات خاں رام پوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۸۱ھ) رام پور شہر (صوبہ یوپی۔ بھارت) میں محلہ نالہ پار کی مسجد شب و روز تنہا رہا کرتے تھے، درود شریف کا ورد کثرت کیا کرتے تھے اور ہر مہینے خواب میں زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشرف ہوتے تھے۔

(حافظ احمد علی شوق، تذکرہ کاملان رام پور، مطبوعہ پٹنہ (بھارت) ۱۹۸۶ء، ص ۳۵۲)

عارف باللہ سید امام علی شاہ نقشبندی مجددی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۸۲ھ/ ۱۸۶۶ء) کی خانقاہ مکان شریف (رتڑ چھتر، ضلع گورداسپور، بھارت) میں ہر روز نماز عصر کے بعد سوا لاکھ مرتبہ درود شریف خضری "صلی اللہ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وسلم" کا ختم ہوتا تھا۔

(قائم الدین قانون گو، ذکر مبارک، مطبوعہ سیالکوٹ ۱۹۸۰ء ص ۱۳۵)

امام الاطباء حکیم سید ببر علی موہانی رحمتہ اللہ علیہ اپنے وقت میں یکتائے عصر سمجھے جاتے تھے،

آپ مولانا فضل رسول بدایونی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۸۹ھ) کے اساتذہ میں سے تھے، غریب مریضوں پر بے انتہا توجہ فرماتے تھے، آپ کئی پشتوں سے مذہباً شیعہ تھے، لیکن کثرت درود شریف کی وجہ سے دربار نبوت کے فیض نے آپ کو اپنی طرف کھینچا، آپ ایک عجیب ذوق وشوق کی حالت میں کثرت سے درود شریف پڑھتے تھے، آخر ایک دن یہ مبارک شغل رنگ لایا اور سویا ہوا نصیب جاگ اُٹھا، خواب میں حضور سید الابرار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوئے، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک مرصع تخت پر جلوہ افروز ہیں اور چاروں خلفاء راشدین ہم نشینی سے بر اندوز ہیں، صبح کو بیدار ہوئے تو فوراً عقائد باطلہ سے تائب ہوئے اور مذہب حق اہل سنت قبول کیا، اکبر آباد (بھارت) میں وصال ہوا۔

(محمد یعقوب ضیاء القادری بدایونی، اکمل التاریخ، مطبوعہ حیدر آباد دکن ۱۹۱۵ء، ج ۲، ص ۱۷، ۱۸)

حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۰۰ھ/۱۸۸۳ء) روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتے تھے۔

(سید محمد سعید، ملفوظات مرآت العاشقین (اردو ترجمہ) مطبوعہ المعارف لاہور ۱۳۹۷ھ/۱۹۷۷ء، ص ۱۰۲)

ایک مرتبہ آپ کے ایک مرید نور مصطفےٰ قریشی نے عرض کیا کہ حضور جو وظیفہ دونوں جہانوں کے لئے فائدہ مند ہو ارشاد فرمائیں، خواجہ شمس العارفین نے فرمایا اگر تم دونوں جہانوں کی فلاح چاہتے ہو تو درود شریف پڑھا کرو کیونکہ اسی میں سعادت دارین ہے۔

(امیر بخش منشی، انوار شمسیہ، مطبوعہ سیال شریف ضلع سرگودھا (پاکستان) ۱۹۷۸ء، ص ۵۵)

مولانا فیض الحسن سہارنپوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) ہر جمعہ کی رات بیدار رہ کر دُرود شریف پڑھتے تھے، لاہور میں جب آپ اورینٹل کالج میں عربی کے پروفیسر تھے تو ہر جمعہ کو داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۴۶۵ھ) کی درگاہ میں بیٹھ کر دس ہزار مرتبہ درود شریف کا ورد کرتے تھے۔

(محمد صادق قصوری، اساتذۂ امیر ملت، مطبوعہ رضا اکیڈمی لاہور ۱۹۹۶ء، ص ۴۲)

حضرت حافظ محمد صدیق قادری رحمتہ اللہ علیہ بانی خانقاہ بھرچونڈی شریف سندھ (متوفی ۱۳۰۸ھ) جسمانی تکلیف، مرض کا علاج، اور ترقی درجات کے لئے درود شریف قدسی ''صلی اللہ علیٰ محمد وآلہٖ وسلم'' کا کثرت سے ورد فرماتے تھے، دس ہزار سنگریزوں کی دو بڑی بالٹیاں مسجد کے گوشے میں موجود رہتیں، مصیبت زدہ لوگ آتے اور خانقاہ کے فقراء سے درود قدسی پڑھوا کر

دم کراتے تاہنوز یہی طریقہ جاری ہے۔

(سید مغفور القادری، عباد الرحمٰن (تذکرہ مشائخ بھر چونڈی) مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور، ۱۹۹۱ء، ص ۶۹)

حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن گنج مراد آبادی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۱۳ھ) فرمایا کرتے تھے کہ درود شریف بکثرت پڑھو جو کچھ ہم نے پایا درود سے پایا۔

(ابوالحسن علی ندوی، تذکرہ مولانا فضل رحمٰن گنج مراد آبادی، مطبوعہ مجلس نشریات اسلام کراچی، ۱۹۸۵ء، ص ۵۰)

حضرت خواجہ توکل شاہ انبالوی نقشبندی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۱۵ھ) ہر شخص کو درود شریف کی کثرت کے لئے فرمایا کرتے تھے اور درود شریف کی کثرت پر خوش ہوتے تھے اور فرماتے تھے کہ اس سے روح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے پڑھنے والے کی (روحانی) پرورش شروع ہوجاتی ہے۔

(خواجہ محبوب عالم، ذکر خیر، مطبوعہ سیداشریف ضلع گجرات (پنجاب) ۱۹۷۴ء، ص ۲۵۷)

(ایضاً۔ مولانا نور بخش توکلی، تذکرہ مشائخ نقشبندیہ، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۶ء، ص ۳۶۸)

حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۱۹ھ/۱۹۰۱ء) کے پاس علاقہ کے لوگ سخت قحط سالی کی وجہ سے پریشان ہو کر دعا کے لئے حاضر ہوئے، آپ نے فرمایا تم لوگ اسی لاکھ مرتبہ درود شریف پڑھو، دوسرے جمعہ کو ایک شخص آیا اور عرض کی کہ حضرت ہم نے ایک کروڑ مرتبہ درود شریف پڑھا ہے، آپ نے فرمایا بہت اچھا کیا، اب ہم اپنے اللہ سے لینے والے ہیں، پس دوسرے دن ہی نالہ میں اس قدر پانی آیا کہ سارا علاقہ سیراب ہوگیا۔

(پروفیسر افتخار احمد چشتی سلیمانی، تذکرہ خواجگان تونسوی، جلد اول، مطبوعہ فیصل آباد ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۵ء، ص ۱۳۲)

حضرت سید وارث علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء) دیوہ شریف (ضلع بارہ بنکی، صوبہ یوپی۔ بھارت) ہر کسی کو سوائے درود شریف کی اجازت کے اور کچھ پڑھنے کی اجازت نہ دیتے تھے، ایک مرید کو فرمایا اگر محبت الٰہی کا بہت شوق رکھتے ہو تو یہ درود شریف بکثرت پڑھا کرو:

"اللھم صل علیٰ محمد و آلہٖ بقدر حسنہٖ"

(پروفیسر فیاض احمد کاوش، آفتاب ولایت، مطبوعہ کراچی ۱۹۹۰ء، ص ۱۴۹)

حضرت سیدی ابوالحسن نوری میں قادری مارہروی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۲۴ھ/۱۹۰۶ء) سجادہ نشین خانقاہ مارہرہ ضلع ایٹہ (یوپی۔ بھارت) نے آخری عمر میں بسبب ضعف تمام اوراد ترک فرمادیئے تھے، صرف درود شریف کا ورد فرماتے تھے، آپ نے درود شریف کے چند صیغے چھپوادیئے

تھے اور مُریدین کو کو حکم فرمایا تھا کہ اگر شامت اعمال سے کچھ بھی نہ ہو سکے تو ان کو ضرور پڑھ لیا کرو، ارشاد فرماتے تھے کہ درود شریف تمام دعاؤں کی روح ہے اس کے بغیر کوئی عبادت کامل نہیں ہوتی۔

(مولانا غلام شبر قادری بدایونی، تذکرہ نوری، مطبوعہ لائل پور (فیصل آباد) ۱۹۶۸ء، ص ۹۶)

حکیم حیدر علی خاں حیدر رام پوری علیہ الرحمہ (متوفی ۱۳۲۹ھ/ ۱۹۱۱ء) نے تا دم مرگ سفر وحضر میں بعد نماز عشاء روزانہ درود شریف کا ورد کیا، اور اس کی وجہ سے انہیں دست غیب بھی حاصل تھا۔

(حافظ احمد علی شوق رامپوری، تذکرہ کاملان رام پور، مطبوعہ خدا بخش اورینٹل لائبریری پٹنہ (بھارت)، ص ۱۲۱)

حضرت فخر العارفین سید محمد عبد الحی ابو العلائی جہانگیری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۳۹ء) مدفون بمقام مرزا کھل، ضلع چٹاگانگ (بنگلہ دیش) فرمایا کرتے تھے کہ درود شریف ہی میں سب کچھ ہے، مریدین کو فرماتے تھے کہ ہر روز بعد نماز عصر پانچ سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھا کریں:

"اللھم صل علیٰ سیدنا محمد النبی الامی وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم".

(حکیم سید سکندر شاہ کانپوری، سیرت فخر العارفین، مطبوعہ کراچی ۱۳۸۳ھ، ص ۱۱۳، ۲۱۹)

عاشق مصطفےٰ ﷺ امام احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۲۱ء) فرمایا کرتے تھے کہ یہ درود شریف:

صلی اللہ علی النبی الامی وآلہٖ صلی اللہ علیہ وسلم صلاۃً وسلاماً علیک یا رسول اللہ.

بعد نماز جمعہ مجمع کے ساتھ مدینہ طیبہ کی طرف منہ کر کے دست بستہ کھڑے ہو کر سو بار پڑھا کریں، جہاں جمعہ نہ ہوتا ہو وہاں جمعہ کے دن نماز صبح خواہ ظہر یا عصر کے بعد پڑھیں، جو کہیں اکیلا ہو وہ تنہا پڑھے، یونہی عورتیں اپنے اپنے گھروں میں پڑھیں، آپ اس کے بہت فائدے بیان فرماتے تھے۔

(مولانا احمد رضا خاں قادری بریلوی، الوظیفۃ الکریمۃ، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور، ص ۲۱)

حضرت پیر عبد الغفار کشمیری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۲ء) مدفون لاہور کی تصانیف حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے صلوٰۃ وسلام پر وقف رہیں، درود شریف کے موضوع پر دنیا کے کسی خطے میں بھی کسی تصنیف کا پتہ چلتا تو ہر قیمت پر حاصل کرتے اور اپنی نگرانی میں اسے زیور

اشاعت سے مزین کر کے مفت تقسیم کراتے، آپ کی قلمی تالیف ''خزائن البرکات'' جو چار ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے، دنیا کے نوادرات میں سے ایک ہے، نہایت خوش خط، متوسط قلم، خوبصورت ورق، مظبوط جلد آج بھی آپ کی عظمت کی امین بنی ہوئی ہے، کاش کوئی اہل ثروت جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت بھی نصیب ہو اس کی اشاعت کا اہتمام کرے تاکہ درود شریف پر یہ نادر انسائیکلو پیڈیا منصۂ شہود پر جلوہ گر ہو سکے، اس مہنگائی کے دور میں کم از کم ہر ایک جلد پر ایک لاکھ خرچ آسکتا ہے، کتابت کی قطعاً ضرورت نہیں، پوزٹیو تیار کرائے جا سکتے ہیں، پیر عبدالغفار شاہ کی رحمۃ اللہ علیہ کے تالیف کردہ درود شریف کے اس مجموعہ کو دیکھ کر اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ آپ سچے عاشق رسول تھے، اس مجموعہ میں درود شریف مع اسناد و اجازت جمع کئے گئے ہیں۔

انیس الفقراء حضرت مخدومی حکیم محمد موسیٰ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۹۹ء) آپ کا تعارف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ''برصغیر میں صرف اس مقدس ماں نے ہی یہ ایک بیٹا جنا جس نے اپنی پوری زندگی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود شریف کے لئے وقف کر رکھی تھی، حضرت پیر عبدالغفار کشمیری رحمۃ اللہ علیہ خزائن البرکات (محررہ ۱۳۳۸ھ) کے دیباچہ میں فرماتے ہیں!

للناس شغل ولی شغل فی تصور النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

بود در جہاں ہر کسے را خیالے
مرا از ہمہ خوش خیال محمد

''یعنی کسی کا کوئی شغل ہے اور کسی کا کوئی، مگر میرا شغل تو ہر وقت خیال مصطفےٰ علیہ السلام ہے''

درود و سلام ہی آپ کی غذا و دوا تھی، صبح و شام یہی وظیفہ اور یہی معمول تھا، بقول ایک صوفی کے پیر عبدالغفار نے زندگی بھر باتیں کم کیں اور درود و سلام زیادہ پڑھا اور یہ بڑی سعادت ہے۔ (ملخصاً)

(خلیفہ ضیاء محمد ضیاء، گلزار رحمانی، مطبوعہ مکتبہ قادریہ لاہور ۱۹۷۶ء، ص ۱۱)

حضرت خواجہ عبدالرحمٰن حنفی قادری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۲ھ) مدفون چھوہر شریف (ہری پور ہزارہ) نے درود شریف کے تیس پارے مرتب کئے، یہ بڑے محبت والے صیغوں کے درود شریف ہیں، ان کا نام ''مجموعہ صلوٰت الرسول'' ہے، اس کتاب کو آپ نے بارہ سال آٹھ مہینے اور بیس دن میں لکھا، اس کا پہلا اڈیشن رنگون (برما) سے شائع ہوا، دوسری بار ۱۹۵۳ء میں تین

جلدوں پشاور سے شائع ہوئی۔ (اور ابھی حال ہی میں غالباً ۲۰۰۳ء میں تیسرا اڈیشن جامعہ رحمانیہ ہری پور ہزارہ سے شائع ہوگیا ہے)۔

(محمد امیر شاہ قادری گیلانی، تذکرہ علماء و مشائخ سرحد، مطبوعہ پشاور ۱۳۸۳ھ/۱۹۶۳ء، ج ا، ص ۱۹۵، ۱۹۶)

حضرت مولانا حافظ محمد عنایت اللہ خاں رام پوری نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۴۵ھ) ہر روز رات کو ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتے تھے۔

(مولانا حامد علی خاں رامپوری ثم ملتانی، تذکرۃ المشائخ، مطبوعہ ملتان ۱۳۸۸ھ/۱۹۶۸ء، ص ۱۵۳)

حضرت میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ، شرق پور، ضلع شیخوپورہ، پنجاب پاکستان (متوفی ۱۳۴۷ھ/ ۱۹۲۸ء) ہر روز بعد نماز تہجد تین ہزار مرتبہ درود شریف خضری "صلی اللہ علیٰ حبیبہٖ سیدنا محمد و آلہٖ و اصحابہٖ وسلم" کا ورد فرماتے تھے، آپ کی مسجد میں روزانہ بعد نماز فجر اور نماز عشاء سے پہلے کپڑے کی ایک لمبی سفید چادر بچھا دی جاتی تھی جس پر کھجور کی گٹھلیاں رکھی ہوتی تھیں، آپ دیگر ہمرائیوں کے ساتھ ان پر درود شریف خضری پڑھتے تھے، آستانہ عالیہ شرقپور شریف میں یہ طریقہ آج بھی اُسی ترتیب سے جاری ہے۔

(حاجی فضل احمد مونگہ شرقپوری، حدیث دلبراں، مطبوعہ لاہور، ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۳ء، ص ۱۱۹، ۲۹۵، ۳۰۰، ۳۰۲)

حضرت سید پیر مہر علی شاہ چشتی نظامی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۵۶ھ/ ۱۹۳۷ء) مدفون گولڑا شریف ضلع راولپنڈی، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(مولانا فیض احمد فیض، ملفوظات مہریہ، مطبوعہ گولڑا شریف، راولپنڈی، ۱۳۹۴ھ/۱۹۷۴ء ص ۴۸)

مشہور مسلم لیگی لیڈر راجا حسن اختر مرحوم نے علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۵۷ھ/ ۱۹۳۸ء) کے تبحر علمی کے متعلق ایک دفعہ ازراہ عقیدت علامہ سے عرض کی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مشرق و مغرب کے علوم کا جامع بنایا ہے، علامہ فرمانے لگے ان علوم نے مجھے چنداں نفع نہیں پہنچایا، مجھے نفع تو صرف اس بات نے پہنچایا ہے جو میرے والد ماجد نے بتائی تھی، مجھے جستجو ہوئی کہ اس عظیم راز کو کس طرح معلوم کروں جس نے اقبال کو اقبال بنایا، آخر دل کو مظبوط کر کے عرض کیا کہ وہ بات پوچھنے کی جسارت کر سکتا ہوں، علامہ فرمانے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر صلوٰۃ وسلام۔

(ماہنامہ "نعت" لاہور، شمارہ دسمبر ۱۹۹۰ء، ص ۷، بحوالہ کتاب "سلطان ظہور اختر" تالیف حسن آفاقی، مطبوعہ راولپنڈی، ص ۲۳۳)

مشہور صحافی، کالم نگار میاں محمد شفیع (م۔ش) حضرت علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ کے لقب ''حکیم الامت'' کے ضمن میں ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ!

۱۹۳۷ء میں گرمیوں کے دن تھے کہ ڈاکٹر عبدالحمید ملک مرحوم (سابق استاد کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور) تشریف لائے، علامہ اقبال نے ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی، پھر گفتگو کا دور چلا، دفعتاً ڈاکٹر عبدالحمید ملک نے سلسلہ کلام کا رُخ پھیرتے ہوئے نہایت بے تکلفی سے پوچھا کہ علامہ صاحب آپ حکیم الامت کیسے بنے؟ علامہ اقبال نے بلاتوقف فرمایا کہ یہ کوئی مشکل نہیں، آپ چاہیں تو آپ بھی حکیم الامت بن سکتے ہیں، ملک صاحب نے استعجاب سے پوچھا وہ کیسے؟ علامہ اقبال نے فرمایا! میں نے گن کر ایک کروڑ مرتبہ درود شریف پڑھا ہے، آپ بھی اس نسخہ پر عمل کریں تو آپ بھی حکیم الامت بن سکتے ہیں۔

(ماہنامہ نعت، لاہور، شمارہ دسمبر ۱۹۹۰ء، ص ۷۰، بحوالہ روزنامہ نوائے وقت لاہور (اشاعت خاص) ۲۱ را پریل ۱۹۸۸ء، مضمون ''فکر اقبال قرآن و سنت کی روشنی میں'' از محمد حنیف شاہد)

مولانا محمد سعید احمد مجددی، مدیر اعلیٰ ماہنامہ ''دعوت تنظیم اسلام'' گوجرانوالہ (پاکستان) نے معروف ماہر امراض قلب ڈاکٹر رؤف یوسف (لاہور) کے حوالے سے لکھا ہے کہ علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے انہیں بتایا تھا کہ آلومہار شریف (گوجرانوالہ) کے خواجہ سید محمد امین شاہ رحمتہ اللہ علیہ نے انہیں روزانہ کثرت سے درود شریف خضری پڑھنے کو کہا تھا، لہذا میرا معمول ہے کہ روزانہ دس ہزار مرتبہ درود شریف پڑھتا ہوں۔

(ماہنامہ دعوت تنظیم اسلام، گوجرانوالہ، شمارہ مارچ ۱۹۹۰ء، ص ۶۷)

حضرت خواجہ غلام حسن سواگ نقشبندی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۵۸ھ/۱۹۳۹ء) مدفون کروڑ لعل عیسن ضلع لیہ (پنجاب، پاکستان) فرمایا کرتے تھے کہ درود شریف ہر درد کا درماں، دفیعہ غم، حل المشکلات کے لئے درود شریف تریاق اکبر ہے، ہر کام میں درود شریف کا کثرت سے پڑھنا مفید ہے۔

(محمد اقبال باروی، فیوضات حسنیہ، مطبوعہ لیہ، ۱۴۰۱ھ/1981ء، ص ۹۵)

قبلہ عالم پیر سید جماعت علی شاہ لاثانی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۵۸ھ/ ۱۹۳۹ء) اپنے مریدین کو درود شریف پڑھنے پر بہت زور دیتے تھے، نماز تہجد کے بعد کم از کم ایک سو گیارہ مرتبہ درود شریف ہزارہ پڑھنے کا اکثر حکم فرماتے، ایک مرتبہ فرمایا درود شریف مومنین کے لئے نعمت عظمیٰ ہے اور

تمام اوراد و وظائف سے افضل و اعلیٰ ہے۔

(پروفیسر محمد حسین آسی، انوار لاثانی، مطبوعہ علی پور سیداں (سیالکوٹ) ۱۹۸۳ء، ص ۸۱)

حجتہ الاسلام مولانا حامد رضا خاں بریلوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۶۲ھ/۱۹۴۳ء) کثرت سے درود شریف کا ورد فرماتے تھے، کثرت درود شریف کی وجہ سے اکثر آپ کو نیند کے عالم میں بھی درود شریف پڑھتے دیکھا گیا۔

(مولانا عبدالمجتبیٰ رضوی، تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۹ء، ص ۴۸۴)

پیرزادہ اقبال احمد فاروقی، نگران مرکزی مجلس رضا لاہور، فاضل جلیل مولانا نبی بخش حلوائی رحمتہ اللہ علیہ، مؤلف تفسیر نبوی پنجابی منظوم (متوفی ۱۳۶۵ھ/۱۹۴۴ء) کے خاص شاگردوں میں سے ہیں، وہ بیان کرتے ہیں کہ مولانا حلوائی رحمتہ اللہ علیہ کا معمول تھا کہ ساری ساری رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں درود شریف پڑھا کرتے تھے، کھجور کی ہزاروں گٹھلیاں صاف اور معطر کرا کر کورے گھڑوں بھر رکھتے اور اپنے تمام شاگردوں کو حکم دیتے کہ وہ صبح کی نماز کے بعد ایک حلقہ بنائیں اور ہزاروں کی تعداد میں گٹھلیاں شمار کرتے ہوئے درود پاک پڑھیں، آپ کا یہ معمول سالہا سال جاری رہا، بعض اوقات آپ کے شاگرد (درویش) شکایت کرتے کہ روٹی میں کمی آگئی ہے اور کھانا کم ملتا ہے، تو آپ فرماتے کہ تم نے درود پاک پڑھنے میں کوتاہی کی ہوگی، درویش بعض اوقات ایک بار درود پڑھتے اور دس بیس گٹھلیاں گراتے جاتے، آپ دوسری صبح خود حلقہ درود میں بیٹھتے اور درویشوں کے معمول پر کڑی نگرانی کرتے، پھر دوپہر کا کھانا اپنے سامنے کھلاتے اور فرماتے اگر آج کھانا کم ہوا تو مجھے گلہ کرنا، فاروقی صاحب بتاتے ہیں کہ میں نے کئی بار اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ کھانا آیا، بیس درویش پیٹ بھر چکے، لیکن پھر بھی دس روٹیاں بچ جاتیں جو حضرت شاہ محمد غوث رحمتہ اللہ علیہ کے مزار بیرون دہلی دروازہ (لاہور) پر بیٹھے ہوئے مساکین میں تقسیم کی جایا کرتی تھیں۔

(قلمی یادداشت مولانا اقبال احمد فاروقی لاہور، محررہ بنام راقم خلیل احمد رانا)

حضرت امیر ملت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۷۰ھ/ ۱۹۵۱ء) کا روزانہ معمول تھا کہ آپ نماز تہجد کے بعد تین سو بار درود شریف ہزارہ پڑھتے تھے۔

(پروفیسر محمد طاہر فاروقی، سیرت امیر ملت مطبوعہ علی پور سیداں (سیالکوٹ) ۱۳۹۴ھ، ص ۱۰۶)

حضرت سید نور الحسن شاہ بخاری نقشبندی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۷۳ھ/۱۹۵۲ء) مدفون کیلیانوالہ شریف ضلع گوجرانوالہ (پنجاب پاکستان) کا روزانہ معمول تھا کہ بعد نماز تہجد تین ہزار مرتبہ

درود شریف خضری پڑھتے پھر بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء کھجور کی گٹھلیوں کے شماروں پر کثرت سے درود شریف پڑھتے تھے۔

(حافظ محمد عنایت اللہ نقشبندی، تحفۃ الصلوۃ الی النبی المختار، مطبوعہ لاہور ۱۹۹۴ء، ص ۳۲۰)

حضرت مولانا حمید الدین ہزاروی چشتی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۵۳ء) درود شریف ''مستغاث'' کثرت سے پڑھا کرتے تھے۔

(شاہ حسین گردیزی، تجلیات مہر انور، مطبوعہ گولڑا شریف، اسلام آباد ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء، ص ۳۰۰)

ڈاکٹر محمد افسر الحق دہلوی ایم ایس سی (علیگ) ایسوس آئی اے آرٹی، پی ایچ ڈی (نئی دہلی) ایف ای ایس آئی، سابق اسسٹنٹ سسٹیمیٹک انٹامالوجسٹ، ڈویژن آف انٹامالوجی انڈین ایگری کلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی، حضرت پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوری رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے، وہ لکھتے ہیں کہ ۱۹۵۳ء میں جب مین دہلی میں قیام پذیر تھا ایک دن رات کو اچانک مجھے دل کی تکلیف ہوئی، میرا دل ڈوبنے لگا، گھبراہٹ اور بے چینی برداشت سے باہر ہوئی اور مجھے یقین ہو گیا کہ میری موت واقع ہو رہی ہے، یہ عالم سکرات ہے اور میں چند لمحوں سے زیادہ نہ جیوں گا، عین اس وقت پریشانی، بے کسی، بے چارگی کے نقطۂ عروج پر میری نگاہ ایک دم اوپر اُٹھی، کیا دیکھتا ہوں کہ دو انسان میرے سامنے ہوا میں معلق ایستادہ ہیں، ایک پُر عظمت انسان کو میں فوراً پہچان گیا وہ حضرت امیر ملت پیر سید جماعت شاہ علی پوری رحمۃ اللہ علیہ میرے روحانی پیشوا تھے جو میری سیدھی جانب تھے وہ مسکرا رہے تھے، اُن کی مسکراہٹ میں انتہا درجہ کی تشفی و تسکین تھی، اُن کے بدن اطہر پر وہی لباس تھا جو وہ معمولاً پہنا کرتے تھے، سفید بڑا عمامہ، لمبا ڈھیلا گھٹنوں کے نیچے تک سفید کُرتا، پنجابی شلوار، ایک سفید شال کندھوں پر لپٹی ہوئی تھی، دوسری پُر انوار شخصیت ان کی داہنی طرف تھوڑے فاصلہ پر قیام پذیر تھی یعنی میری بائیں جانب، وہ مقدس ہستی جسم پر ایک سیاہ عبا پہنے ہوئی تھی جو شانوں سے قدموں تک تھا، اُن کا پاکیزگی میں دُھلا ہوا چہرہ انور ایک سیاہ نقاب میں ڈھکا ہوا تھا، اُن کا قد متوسط تھا اُن کا جسم بھرا ہوا تھا، اُن کا چہرہ اگرچہ نقاب میں چھپا ہوا تھا کہ روشنی کی شعاعیں نقاب کے باہر صاف صاف آ رہی تھیں اور اطراف کے اندھیرے ماحول کو جگمگا رہی تھیں، وہ ایک انتہائی پُر وقار اور پُر عظمت ہستی تھی جو میری نگاہوں کے سامنے سے گزری۔

کئی مہینے گزر گئے ایک دن ایک انوکھے طریقہ سے میری رہنمائی ہوئی میں آنکھیں بند کئے رات کو بیٹھا ہوا آہستہ آہستہ درود پڑھ رہا تھا کہ معاً میرے سامنے وہی پُر عظمت شخصیت آ گئی جو اس

خطرناک اور مہیب رات کو میرے پیرومرشد کے دائیں جانب تھوڑے فاصلہ پر قدم رنجہ تھی، میں نے غور سے دیکھا بالکل وہی تھی، وہی کالی عبا شانوں سے قدموں تک، وہی چہرہ مبارک، وہی نقاب اور وہی متوسط بھرا ہوا جسم، میرا درود پڑھنا تھوڑی دیر کے لئے موقوف ہوگیا اور میرے دل میں آپ کے پروقار انداز اور آپ کی تیز مگر متین نگاہوں کو دیکھتے ہوئے جو مجھ پر مرکوز تھیں، بے پناہ عقیدت و محبت کا ایک سمندر موجزن ہوگیا، میں سوچنے لگا یا اللہ یہ کون صاحب ہیں جن کی پاک توجہ میرے وجود کا تزکیہ کر رہی ہے اور یہ اپنی اصلیت، پتہ و نشان سے مجھے کیوں مطلع نہیں فرماتے؟ تھوڑی دیر سکون رہا اور میں نے پھر درود شریف پڑھنا شروع کر دیا، جیسے ہی درود کا ورد شروع کیا اسی لحہ ان کے نقاب میں ہلکی سی جنبش ہوئی اور چہرہ مبارک کے خط و خال بہت مبہم مبہم میرے سامنے جھلکے اور مجھے اندازہ ہوا کہ آپ مسکرا رہے ہیں، ایک دم مجھے خیال آیا کہ کہیں آپ ہی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ ہوں، جیسے ہی خیال آیا میں دیوانہ وار اپنے آپ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم
کے قدموں پر نچھاور کرنے کے لئے اٹھنا چاہا مگر میری آنکھیں کھل گئیں اور محویت ختم ہوگئی، میں نے سوچا کہ کیوں نہ میں درود ہزارہ کے علاوہ اور درودوں کا ورد شروع کردوں جو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسرت کا موجب ہو، چنانچہ میں اردو بازار جامع مسجد دہلی گیا اور درود شریف کے متعلق کتابوں کی تلاش کی، مجھے بہت سے چھوٹے چھوٹے کتابچے مل گئے جن میں طرح طرح کے درود لکھے ہوئے تھے، میں نے وہی پڑھنے شروع کر دیئے، ہر جگہ ہر وقت درود شریف پڑھنے لگا اور سوچتا تھا کہ درود شریف پر کوئی ایسی مبسوط کتاب مل جائے جس کا ورد میں باقاعدہ کروں، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیشہ یاد کرنے کا یہی طریقہ سب سے بہتر ہوسکتا ہے، اور آپ کی خوشی کا باعث بن سکتا ہے، اس مقصد کو پانے کے لئے دہلی کا کونہ کونہ چھان مارا مگر سب سے بے سود ہوا۔

ایک دن میں اپنے برساتی فلیٹ میں مغرب کے بعد بیٹھا ہوا کچھ پڑھ رہا تھا کہ یکایک میرے سامنے ایک ہاتھ دکھائی دیا، میں فوراً ساکت ہوگیا، یہ سیدھے ہاتھ کا سایہ تھا، مجھے فوراً یقین ہوگیا کہ حضرت رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری پشت پر کسی اونچی جگہ رونق افروز ہیں اور اپنا دست مبارک میرے اوپر اٹھائے ہوئے ہیں، اس عظیم الشان حقیقت کو بھانپ کر مبہوت ہوگیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے اشارہ فرمایا جس کو میں فوراً سمجھ گیا کہ کہیں جانے کا حکم ہو رہا ہے، پس میں اُٹھ کھڑا ہوا اور چلنا شروع کر دیا، جدھر جدھر آپ کا اشارہ ہوتا گیا میں چلتا گیا اور تھوڑی دیر بعد ایک ایسی جگہ آیا جہاں ایک نورانی شکل کے بزرگ سفید داڑھی، ڈھیلے ڈھالے کپڑے

پہنے ہوئے مشفق انداز میں تشریف رکھتے تھے، میں نے ان کو سلام کیا، وہ فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور سلام کا جواب دیا، ان کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی جو فوراً انہوں نے مجھے دے دی، اس کو الٹ پلٹ کر دیکھا اور اس کا نام و پتہ نوٹ کر لیا، پھر تھوڑی دیر بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست راست کا اشارہ ہوا اور میں اٹھ کھڑا ہوا، ان بزرگ کو سلام کیا، ان سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا، واپس ہوا اور اپنے مقام پر آ گیا، جب پرچہ کو غور سے پڑھا تو لکھا تھا ''اوائل الخیرات ڈاکٹر محمد عبدالمعید خاں دائرۃ المعارف حیدر آباد'' آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیچھے سے اشارہ فرمایا کہ یہ تیرے لئے ہے، تو اسے پڑھ اور اس پر عمل کر، میں انتہائی خائف اور معطل ہو چکا تھا، میں ادب کے ساتھ آنکھیں بند کیں اور اثبات میں سر جھکا لیا۔

اس واقعہ کے فوری بعد میں نے ڈاکٹر عبدالمعید خاں صاحب کو خط لکھا کہ آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ ناچیز ادنیٰ و اسفل و گنہگار کو اطلاع دی ہے کہ آپ نے کوئی کتاب اوائل الخیرات کے نام سے چھاپی ہے، مجھے حکم ہوا ہے کہ اس کتاب کو پڑھوں اور اس پر عمل کروں، اور ان سے مندجہ بالا کتاب طلب کی، ان کا جواب میرے پاس آیا جس میں انہوں نے بڑی حیرت کا اظہار کیا اور لکھا کہ کتاب ابھی مکمل طور پر چھپ کر تیار بھی نہیں ہوئی ہے اور اس کی تقسیم بھی شروع نہیں ہوئی۔

کچھ دنوں بعد دفتر میں بیٹھا ہوا تھا کہ ڈاکیہ ایک پارسل لے کر آیا جو کتابوں کا تھا، وصول کر کے کھولا تو خوشی کی انتہا نہ رہی، کیونکہ اس کتاب ''اوائل الخیرات'' مولفہ حضرت سید محمد عبدالغفور النامی رحمۃ اللہ علیہ کے نسخے تھے۔

ڈاکٹر افسر الحق دہلوی کے خط سے متعلق پروفیسر عبدالمعید خاں لکھتے ہیں!

ڈاکٹر افسر الحق کے خط کا ''اوائل الخیرات'' سے حیرتناک تعلق ہے، جس کے سمجھنے سے میری عقل ابھی تک قاصر ہے، شاید صاحب دل و صاحب نظر اس گتھی کو سلجھا سکیں اور اس مسئلہ پر کچھ روشنی ڈال سکیں، واقعہ یہ ہے کہ اس خط کے آنے سے پہلے نہ میں افسر الحق صاحب کو جانتا تھا نہ وہ مجھے پہچانتے تھے، خود خط کی عبارت بتاتی ہے کہ انہیں اس خط کے مجھ تک پہنچنے کا بھی یقین نہیں تھا، حیرتناک امر یہ ہے کہ ڈاکٹر افسر الحق صاحب کو میرا نام اور میرا پتہ کس طرح معلوم ہوا اور اس سے بڑھ کر تعجب انگیز بات یہ ہے کہ اوائل الخیرات جس کو چھاپنے کا میں نے اپنی والدہ محترمہ اور عزیز نوجوان بھتیجے کی وفات کے بعد ارادہ کیا اور ان دونوں کے ایصال ثواب کے لئے چاہا کہ چہلم تک وہ چھپ جائے تاکہ چہلم میں آنے والوں کو تقسیم کی جا سکے، جلدی میں اس کتاب کی طباعت تو ہو چکی

تھی، لیکن اس کی سلوائی اور جلد بندی ابھی مکمل نہ ہو سکی تھی، جس قدر اس کتاب کے نسخے تیار ہو سکے اس کے تقریباً سوا سو نسخے چہلم میں احباب و اقارب میں تقسیم ہو گئے، اور چہلم کے دوسرے روز میں دہلی میں ایک کمیٹی میں شرکت کے لئے چلا گیا، ابھی میں دہلی میں تھا کہ میرے نام دائرۃ المعارف کے پتہ پر میرے غیاب میں ڈاکٹر افسر الحق صاحب کا متذکرہ بالا خط موصول ہوتا ہے، دو چار روز کے بعد میں جب دہلی سے واپس آتا ہوں تو یہ خط دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ آخر اس کتاب کا نام اوائل الخیرات اور اس کے میری نگرانی میں طبع ہونے کا علم اور اس دائرۃ المعارف کے مطبع میں چھپنے کی اطلاع ایک دہلی میں رہنے والے ناواقف کار کو کیونکر ہوئی جو ابھی مطبع سے پوری طرح باہر بھی نہیں نکل سکی تھی۔

والسلام علی خیر الانام

محمد عبد المعید خاں

۱۰ر شوال ۱۳۸۷ھ / ۱۱ر جنوری ۱۹۶۸ء

پروفیسر و صدر شعبہ عربی۔ جامعہ عثمانیہ و ناظم دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدر آباد دکن (ملخصاً)

(ڈاکٹر محمد افسر الحق دھلوی، ابتدائیہ کتاب اوائل الخیرات "میری زندگی کا اہم ترین واقعہ"، مطبوعہ کرماں والا پبلی کیشنز کراچی، ص ۳ تا ۲۷)

علامہ سید محمد عبد الغفور النامی رحمۃ اللہ علیہ (حیدر آباد دکن) اپنی تالیف "اوائل الخیرات" کے مقدمہ میں فرماتے ہیں!

میں بچپن سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود و سلام پڑھا کرتا تھا، اور خواب میں دیکھنے کا بہت مشتاق تھا، لیکن سالہا سال تک میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بے حد محبت تھی، لہذا دیکھنے کا شوق دن رات بڑھتا ہی گیا، یہاں تک کہ میں مختلف اصحاب رضی اللہ عنہم کی درود پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ شروع کیا، اور درود کے وہ صیغے جو مجھے زیادہ پسند تھے مدت دراز تک اُن کو پڑھتا رہا، ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیدار سے مشرف فرمایا اور میں نے خواب میں دیکھنے کی سعادت حاصل کی، لیکن مختلف صورتوں میں اور عجیب طریقوں سے دیکھا، حتیٰ کہ ان صورتوں کو جن کو خواب میں دیکھا تھا ان کی تعبیر سے عاجز آ گیا، حالانکہ میں دکن میں فن تعبیر میں کافی مشہور تھا، اس کے بعد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب و بیداری اور مراقبہ میں دیکھنے لگا، لیکن میں اس کی تاویل نہ کر سکا، جب میں نے آنحضرت صلی

اللہ علیہ وسلم کو بیداری میں دیکھا تو پھر مجھے گمان ہونے لگا کہ یہ میرا وہم وخیال ہے، کیونکہ میں ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارک کا تصور کیا کرتا تھا، ہر گھڑی اور ہر حالت میں، خواہ باطہارت رہوں یا بے طہارت، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور حاضر رہتا تھا انتہا یہ کہ مجھے اس تصور میں ایک لذت آنے لگی اور یہ ایسی لذت تھی کہ دنیا کی کوئی دوسری لذت اس کے مقابل نہ آسکتی تھی، پھر مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شرف تکلم سے بھی سرفراز فرمایا، لیکن میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ مخاطبت خواب میں ہوتی تھی یا بیداری میں، ایسی حالت مجھ پر دس سال تک طاری رہی اور مجھے اس تصور کی تصدیق و تکذیب میں برابر تامل ہوتا رہا، کبھی میں اس کی تصدیق کرتا اور کبھی تکذیب، پھر اللہ تعالیٰ نے میری رہنمائی فرمائی۔

میں اس تذبذب کی حالت میں تھا کہ ایک روز نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا جب کہ آپ کے ساتھ ایک بزرگ بارونق و پرعظمت سیدہ بھی تھیں، میں اپنی نظریں نیچے کئے ہوئے تھا، اس گمان سے کہ شاید پرعظمت محترمہ ازواج مطہراتؓ میں سے ہیں، اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف بڑی محبت سے دیکھا اور مسکراتے ہوئے فرمایا کہ تمہاری ماں عائشہ کو سلام کرو، میں نے بڑی خوشی سے اپنے سر کو آپ کے قدموں پر رکھا اور خواب سے بیدار ہو گیا، اللہ کی حمد وثناء کی اس فضل ونعمت اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفقت پر مجھے خوب رونا آ گیا اور پشیمان ہوا کہ ناحق میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام کی کثرت کو کم کر دیا حالانکہ اس سے قبل شب وروز بہ کثرت درود پڑھا کرتا تھا، اس واقعہ کے بعد سے میں نے پھر درود کی کثرت حسب سابق ہر فرض نماز کے بعد شروع کر دی اور پہلے سے بھی زیادہ پڑھنے لگا، پھر ایک دن کیا دیکھتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ، کے ساتھ تشریف فرما ہیں اور بعض اہل بیت بھی ساتھ ہیں، مجھے ایسا معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں تشریف فرما ہیں اور شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ، سے مخاطب ہو کر میرے متعلق یہ فرما رہے ہیں کہ!

''میں اس بچے کے درود کے صیغے بہت پسند کرتا ہوں'' حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ، نے اس صیغے کی نسبت مجھ سے دریافت فرمایا، میں نے عرض کیا کہ وہ یہ ہے:

بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْاُمِّیُّ

حضرت شیخ جیلانی رضی اللہ عنہ، نے فرمایا کہ میں بھی تمہاری طرح پڑھتا ہوں کہہ کر خود نے بھی بار بار پڑھا اور وجد کرنے لگے، اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تم پڑھو، میں

نے بھی اس درود کو پڑھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر پڑھو، میں نے پھر پڑھا، پھر ارشاد مبارک ہوا دوبارہ پڑھو پھر میں نے اس کو کئی مرتبہ حالت سرور میں پڑھا، اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے بازو کو پکڑ کر اپنے قریب کھینچا اور بڑے لطف و کرم کے ساتھ مجھے ایسا ملاحظہ فرمایا جیسا کوئی اپنے بچے کو دیکھا کرتا ہے، پھر مجھ سے دریافت فرمایا تم نے اس درود کے الفاظ کہاں سے حاصل کیئے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے ان الفاظ کو صحابہ کی روایت کی ہوئی حدیثوں میں پایا ہے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی میرے لئے اور ان سب کے لئے جو اس درود کو پڑھیں اور ان سب کی شفاعت کا بھی وعدہ فرمایا، اور فرمایا کہ یہ درود اللہ کے پاس مقبول ہوگا، میں فرط مسرت سے رونے لگا اور آپ کے پائے مبارک کو بوسے دینے لگا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ردائے مبارک سے میرے آنسو پونچھے اور فرمایا بچے کیوں روتا ہے، پھر شیخ جیلانی رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا میرے بچے اے عبدالقادر! اس لڑکے کو میں اپنی راست نگرانی میں تربیت دوں گا، حضرت شیخ جیلانی نے فرمایا مرحبا یا رسول اللہ، حضرت جیلانی رضی اللہ عنہ طریقہ بیعت میں میرے مرشد ہیں کیونکہ میں نے طریقہ قادریہ میں حضرت شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی قدس سرہٗ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پھر میری طرف متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ اے بچے میں تجھے اپنے خاص طریقے پر چلاؤں گا، میں نے عرض کیا میری جان آپ پر قربان یا رسول اللہ، آپ نے فرمایا! ”مجھ پر درود وسلام کی ایک کتاب تم لکھو، اور اس کا نام ”اوائل الخیرات“ رکھو جو سات حزب پر مشتمل ہو جیسے کہ جزولی نے دلائل الخیرات لکھی ہے“، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں تو اس کار عظیم کا اہل نہیں ہوں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لکھو اللہ تعالیٰ روح القدس کے ذریعہ تمہاری مدد فرمائے گا اور تمہاری یہ کتاب اللہ کے اور میرے نزدیک مقبول ہوگی، میں نے عرض کیا مرحبا یا رسول اللہ! اور اس کتاب کو بہ تعمیل حکم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لکھا اس کتاب کو قرآنی آیت ”لقد جاء کم رسول الخ“ سے ابتداء کرنے کی سعادت حاصل کی، پہلا دوسرا تیسرا اسی طرح سات حزب لکھے اور ان میں سے بعض کو خواب میں بعض کو مراقبہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں پڑھا، پھر خواب و مراقبہ سے بیدار ہو کر اللہ اور اس کے رسول کا شکر ادا کیا کہ مجھ پر یہ فضل و کرم فرمایا گیا۔

(مقدمۃ المصنف، علامہ سید محمد عبدالغفور النامی، کتاب ”اوائل الخیرات“ مطبوعہ کراچی، ص ۳ تا ۶)

(کتاب "اوائل الخیرات" کو ابھی حال ہی میں ادارہ بنام "اُمت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ نے شائع کیا ہے۔۱۷۶، ویسٹ وڈ کالونی، رائیونڈ روڈ لاہور، فون ۰۴۲-۷۵۱۵۹۰۵ سے مفت مل سکتی ہے)

بانیان پاکستان میں سردار عبدالرب نشتر مرحوم و مغفور (متوفی ۱۳۷۷ھ/ ۱۹۵۸ء) ایک درویش صفت اور عشق رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سرشار انسان تھے (آپ کرت سے درود شریف پڑھا کرتے تھے) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات بابرکات سے آپ کو کس قدر محبت تھی اس کا اندازہ آپ کی لکھی ہوئی نعت کے ان اشعار سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے، فرماتے ہیں!

شب و روز مشغول صل علیٰ ہوں

میں وہ چاکر خاتم الانبیاء ہوں

نگاہ کرم سے نہ محروم رکھیو

تمہارا ہوں میں گر بھلا یا بُرا ہوں

(مضمون "سردار عبدالرب نشتر" مضمون نگار، ممتاز عارف، روز نامہ نوائے وقت لاہور، شمارہ جمعرات ۱۴رفروری ۱۹۸۰ء، ص ۳)

حضرت میاں برکت علی قادری نوشاہی برقندازی لاہوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۵۸ء) مدفون چیچہ وطنی ضلع ساہیوال نے اپنی وفات کے وقت فرمایا کہ میں نے اپنی زندگی میں جس قدر درود شریف پڑھا ہے، میں اُمید کرتا ہوں کہ قبر میں میرے جسم کو مٹی وغیرہ کوئی چیز نہیں کھائے گی۔

(سید شریف احمد شرافت نوشاہی، شریف التواریخ، ج ۳، جز ۸، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۴ھ/۱۹۸۴ء، ص ۷۵)

حضرت محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد قادری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۸۲ھ/ ۱۹۶۲ء) مدفون فیصل آباد شہر، درس حدیث کے اول آخر اور درمیان میں قصیدہ بردہ شریف جھوم جھوم کر پڑھتے تھے قصیدہ کا پہلا شعر تو بہت کثرت سے پڑھتے تھے۔

مولای یا صل وسلم دائماً

علی حبیبک خیر الخلق کلھم

(ملخصاً بتغیر قلیل)

(محمد جلال الدین قادری، محدث اعظم پاکستان، مطبوعہ لاہور ۱۴۰۹/۱۹۸۹ء، جلد ۲، ص ۱۴۴)

مفسر اعظم مولانا محمد ابراہیم رضا خاں جیلانی میاں بریلوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۸۵ھ

۱۹۶۵ء) درود شریف کا کثرت سے ورد فرماتے تھے، (درود شریف کی برکت سے) اللہ تعالیٰ نے آپ کی زبان میں خاص اثر ودیعت فرمایا تھا۔

(محمود احمد قادری، تذکرہ علمائے اہل سنت، مطبوعہ کان پور (بھارت) ۱۳۹۱ھ، ص ۵۶)

زیادہ وقت درود شریف پڑھنا ہی آپ کا خاص وظیفہ اور عمل تھا، روحانی اور جسمانی مریضوں کا علاج آپ درود شریف ہی کے ذریعے کرتے تھے، اپنے مریدوں اور شاگردوں کو درود شریف پڑھنے کی تلقین کرتے، کوئی شخص کوئی وظیفہ یا عمل پوچھتا تو اسے درود پاک ہی بتاتے، درود پاک ہی کی برکت سے آپ حاسدین اور دشمنوں کی عداوت وحسد کے باوجود ہر مقام پر کامیاب و کامران رہے، آپ کا محبوب درود پاک یہ تھا "اللہ رب محمد صلی علیہ وسلما" آپ ہر موقع پر یہی درود پاک پڑھتے تھے، ایک بار آپ سے سوال کیا گیا کہ "درود اسم اعظم" کیا ہے؟۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے درود کے یہ صیغے "اللہ رب محمد صلی علیہ وسلما" اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کی بعض تصانیف اور دلائل الخیرات سے اخذ کئے ہیں اور سفر حج سے پہلے ہمیشہ اس کو پڑھتا تھا، ۱۳۷۲ھ/۱۹۵۲ء میں جب حج کی سعادت نصیب ہوئی تو حالت طواف میں دیگر دعاؤں کے ساتھ اکثر اس کو پڑھتا رہا، مقام ابراہیم علیہ السلام پر آ کر دوگانہ ادا کر لیا تو دل میں خیال ابھرا کہ کاش اس مبارک مقام پر سیدنا خضر علیہ السلام سے ملاقات ہو جاتی، اسی خیال کے ساتھ دیکھا کہ ایک سفید پوش بزرگ میرے قریب سے گزرے ہیں، جنہوں نے میرے سر پر ہاتھ رکھا اور باآواز بلند فرمایا "نحن عباد محمد صلی علیہ وسلما" وہ بزرگ بغیر توقف کے چلتے رہے، جب پانچ سات گز کے فاصلے پر چلے گئے تو میں نے ان کے فرمائے ہوئے کلمات پر غور کیا اور اسے اپنے ورد زباں درود مقدس کے ہم وزن پایا، میرے دل نے گواہی دی کہ یہی حضرت خضر علیہ السلام ہیں، میں نے بعجلت انہیں دیکھا مگر وہ نظر نہیں آئے، اس کے بعد میرا معمول ہو گیا کہ جب بھی "اللہ رب محمد صلی علیہ و سلما" پڑھتا ہوں تو اس کے ساتھ "نحن عباد محمد صلی علیہ و سلما" بھی پڑھتا ہوں، یہ بہت ہی بابرکت درود ہے۔

اللہ رب محمد صلی علیہ و سلما

نحن عباد محمد صلی علیہ و سلما

ترجمہ۔ اللہ پروردگار ہے حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا درود بھیجے ان پر اور سلام

ہم غلام ہیں حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درود بھیجے اللہ تعالیٰ ان پر اور سلام

(پروفیسر ڈاکٹر عبدالنعیم عزیزی، مضمون ''مولانا محمد ابراہیم رضا خاں جیلانی میاں بریلوی''، ماہنامہ جہان رضا لاہور، شمارہ ذیقعدہ ۱۴۱۶ھ/اپریل ۱۹۹۶ء، ص ۱۴۔۱۵)

عالم کبیر، ولی کامل شیخ محمد عارف عثمان نقشبندی حنفی دمشقی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۶۵ء) نے دمشق (شام) میں دُرود شریف پڑھنے کی محافل کا آغاز کیا، ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ آپ ابدال شام میں سے تھے، آپ عاشق رسول امام یوسف بن اسماعیل نبھانی فلسطینی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۳۲ء) کے اہم شاگرد تھے، شیخ محمد عارف عثمان دمشقی عشق رسول اللہ صلی علیہ وسلم میں مستغرق رہتے تھے، آپ نے تقریباً تیس حج کئے اور اس دوران زیادہ وقت مدینہ منورہ میں مقیم رہتے اور روضہ اقدس کے قریب بیٹھ کر عبادت میں مصروف رہتے، آپ کو بار ہا رسول اللہ صلی علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا، آپ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے یوم ولادت کی مناسبت سے ہر پیر کو محفل درود شریف کا اہتمام کرتے، اس محفل کا آغاز آپ نے اس طرح کیا کہ دمشق میں موجود آپ کے احباب علماء و مشائخ میں سے کسی ایک بزرگ کے گھر یہ محفل پیر کے دن منعقد ہوتی، بعد میں یہ محفل مسجد میں ہونے لگی اور دمشق کی مساجد میں سے کسی ایک مسجد میں پیر کو بعد نماز فجر آپ کی سر پرستی میں منعقد ہوتی، جس میں دمشق کے اکابر علماء و مشائخ شیخ محمد ھاشمی مالکی حسنی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۶۱ء)، شیخ یحیٰی الصباغ رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۶۱ء)، شک محمد سعید برہانی نقشبندی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۶۷ء)، شیخ عبدالوھاب صلاحی رشیدی حسینی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۶۲ء) اور ان کے احباب شاگرد و مریدین شرکت کرتے، کچھ ہی عرصہ بعد دمشق کی اہم مساجد میں یہ محفل درود شریف بیک وقت مکلف علماء و مشائخ کی سر پرستی میں منعقد ہونے لگی، پھر شیخ محمد عارف عثمان علیہ الرحمہ کی سعی یہ مبارک سلسلہ دمشق سے باہر دوسرے شہروں تک پھیل گیا، بالخصوص شہر حمص اور حماۃ میں ان محافل کا وسیع اہتمام ہونے لگا، شہر حماۃ میں محفل درود شریف شیخ محمد علی مراد شامی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۳۰ رمئی ۲۰۰۰ء) خلیفہ مجاز شیخ ضیاء الدین احمد قادری مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۸۱ء) کی سر پرستی میں منعقد ہونے لگی پھر عمر بھر آپ جہاں مقیم رہے وہاں بھی اس محفل کو جاری رکھا، اس محفل میں درود شیف پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے حاضرین میں تسبیح تقسیم کی جاتی ہیں جس پر انہیں درود شریف اللھم صلی علیٰ سیدنا محمد و آلہٖ وسلم پڑھنے کو کہا جاتا ہے، اس طرح اجتماعی طور پر ایک لاکھ مرتبہ درود شریف پڑھا جاتا ہے۔

(عبدالحق انصاری، الشیخ محمد علی مراد، مطبوعہ بہاء الدین زکریا لائبریری، چھومی (ضلع چکوال) ۲۰۰۱ء، ص ۱۹۔۲۰)

حضرت سید محمد اسماعیل شاہ بخاری کرماں والے نقشبندی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۸۶ھ/ ۱۹۶۶ء) اپنے ہر مرید کو بعد نماز تہجد پانچ سو مرتبہ درود شریف خضری روزانہ پڑھنے کی تلقین فرماتے تھے، آپ فرمایا کرتے تھے کہ "درود شریف ہی اسم اعظم ہے"۔

(نور احمد مقبول، خزینہ کرم، مطبوعہ لاہور ۱۳۹۸ھ/ ۱۹۷۸ء، ص ۷)

حضرت مولانا سلطان اعظم قادری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۸۷ھ/ ۱۹۶۷ء) مدفون موضع موسیٰ والا، مضافات پپلاں ضلع میانوالی، درود شریف کبریت احمر ہمیشہ بکثرت پڑھتے تھے، آپ فرماتے تھے کہ اس درود شریف کی برکت سے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار اقدس تک رسائی ہوئی۔

(محمد عبدالحکیم شرف قادری، تذکرہ اکابر اہل سنت، مطبوعہ لاہور ۱۳۹۶ھ/ ۱۹۷۶ء، ص ۱۵۹)

حضرت حافظ سید مغفور القادری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰ء) فرماتے ہیں کہ ہم نے جو کچھ پایا درود شریف ہی کی طفیل پایا، نیز آپ نے فرمایا کہ ہمارے خاندان میں حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ، سے سینہ بہ سینہ یہ روایت چلی آرہی ہے کہ درود شریف "صلی اللہ علی النبی الامی وعلی آلہٖ وصحبہٖ و بارک وسلم" انتہائی مقبول ہے۔

(پروفیسر سید اسرار بخاری، حیات مغفور، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۸ء، ص ۵۳)

عارف کامل مولانا سید امیر علوی اجمیری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۰ھ/ ۱۹۷۰ء) کے متعلق حکیم اہل سنت مخدومی حکیم محمد موسیٰ امرتسری لاہوری علیہ الرحمہ (متوفی ۱۹۹۹ء) راوی ہیں کہ غالباً جنوری ۱۹۶۲ء میں خبر ملی کہ حضرت مولانا بعارضہ فالج بیمار ہیں، نومبر ۱۹۶۲ء میں اچانک میرے پاس مطب پر تشریف لے آئے، غور سے دیکھنے کے باوجود جسم کے کسی حصہ پر فالج کا اثر نظر نہ آیا، البتہ زبانی گفتگو کی بجائے اشاروں سے بات چیت کررہے تھے، کاغذ اور قلم پیش لیکن گرفت بالکل صحیح ہونے کے باوجود ایک لفظ بھی نہ لکھ سکے، میں نے پوچھا کہ حضرت کسی وقت کوئی لفظ زبان ادا ہوتا بھی ہے یا نہیں؟ تو آپ نے بغیر کسی لکنت کے صاف طور پر پڑھا "الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وسلم علیک یا حبیب اللہ" گویا اللہ تعالیٰ نے ان کی زبان کو اپنے اور اپنے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر مبارک کے لئے مختص فرمادیا تھا، ورنہ اگر مرض ہوتا تو دنیاوی باتوں کی طرح درود شریف کی ادائیگی پر بھی قدرت نہ ہوتی اور یہ حالت آخری دم تک رہی، آپ ان لوگوں میں سے تھے جن کی مجلس میں بیٹھ کر خدا یاد آتا تھا اور سکون قلب نصیب ہوتا تھا۔

(مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری، تذکرہ اکابر اہل سنت پاکستان، مطبوعہ لاہور ۱۳۹۶ھ/۱۹۷۶ء، ص ۱۷۳۔۱۷۴)

حضرت میاں رحمت علی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء) خلیفہ مجاز حضرت میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ، مدفون گھنگ شریف ضلع قصور، درود شریف کی کثرت پر بڑا زور دیتے تھے اور مریدین کو بھی درود و سلام پڑھنے کی تلقین کرتے، آپ فرمایا کرتے تھے کہ دوستو یہاں ہر وقت درود شریف پڑھا جاتا ہے، خاص طور پر نماز فجر کے بعد کپڑے کی چادر بچھادی جاتی اور اس پر درود شریف پڑھنے کے لئے شماروں کے ڈھیر لگا دیئے جاتے۔

(پروفیسر قاری مشتاق احمد، ذکر رحمت، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۸ء، ص ۳۵، ۷۷، ۸۲)

شیخ التفسیر مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۱ھ/ ۱۹۷۱ء) مدفون گجرات (پنجاب) کا محبوب ترین وظیفہ درود پاک تھا، وہ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے ہر حالت میں درود شریف پڑھتے رہتے تھے یہاں تک کہ جب کوئی مخاطب بات کرنے لگتا تو اور آپ کو اس بات سننے کے لئے خموشی کا وقفہ ملتا تو اس وقفہ میں بھی درود شریف جاری رہتا، فی الواقعہ اس وظیفہ سے انہیں عشق تھا۔

(قاضی عبدالنبی کوکب، حیات سالک، مطبوعہ لاہور ۱۳۹۱ھ/۱۹۷۱ء، ص ۸۵)

ڈاکٹر حاجی نواب الدین امرتسری، سابق وٹرنری سرجن رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء) مدفون لاہور، طالب علمی کے زمانہ میں حضرت میاں شیر محمد شرقپوری رحمتہ اللہ علیہ کے مرید ہو گئے تھے، حضرت میاں صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے آپ کو درود شریف خضری صلی اعلیٰ حبیبہ محمد وآلہ وسلم پڑھنے کی اجازت مرحمت فرمائی، آپ روزانہ تین ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے اور اس کی برکت سے ہر شب زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشرف ہوتے تھے۔

(محمد عبدالمجید صدیقی، زیارت نبی بحالت بیداری، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۹ء، ص ۱۰۲۔۱۰۳، بحوالہ ماہنامہ سلسبیل لاہور، سیرت مصطفےٰ نمبر، شمارہ اکتوبر ۱۹۸۱ء، ص ۳۷)

فرید العصر حضرت میاں علی محمد خاں چشتی نظامی بسی شریف (ضلع ہوشیار پور، مشرقی پنجاب، بھارت) والے رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵ء) مدفون پاکپتن شریف، مجموعہ درود شریف دلائل الخیرات کی تلاوت کا بہت شغف رکھتے تھے، چاشت تک وظائف پورے کر کے بقایا سارا دن دلائل الخیرات شریف کا ورد فرماتے تھے، دلائل الخیرات شریف کی کثرت تلاوت کا یہ حال تھا

کہ یومیہ منزل پڑھنے کے علاوہ مکمل دلائل الخیرات شریف روزانہ ختم فرماتے۔

(قاسم الرضوی، ماہنامہ انوار الفرید، ساہیوال، شمارہ نومبر، دسمبر ۱۹۸۲ء، ص ۴۳۔۴۴)

عارف باللہ حضرت شیخ عبدالمقصود محمد سالم مصری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۷ھ/ ۱۹۷۷ء) مؤسس جماعت تلاوۃ القرآن الکریم، قاہرہ (مصر) اپنی مبارک تصنیف ''انوار الحق فی الصلوٰۃ علی سید الخلق'' میں فرماتے ہیں!

میں ۱۳۳۷ھ/ 1918ء میں محکمہ پولیس میں سپاہی کی حیثیت سے اپنے فرائض ادا کررہا تھا، ہر روز رات گیارہ بجے سے صبح سات بجے تک پہرہ دیا کرتا تھا، جب رات کے گہرے اندھیرے چھا جاتے اور سردی بھی خوب بڑھ جاتی تو میں اکیلا پہرہ دیتے ہوئے ایک کونے سے دوسرے کونے تک آنے جانے میں رات کاٹتا، سیکنڈ گھنٹوں میں اور منٹ سالوں میں گزرتے، موسم سرما کی اس اُس سخت طوفانی بارش والی ٹھنڈی اور اندھیری طویل رات کو میں کبھی نہیں بھول سکتا جب میں زندگی کے خواب غفلت سے بیدار ہوا، اس رات میں گہری سوچوں میں ڈوب گیا کہ مجھے اس فانی دنیا میں جو مختصر زندگی کی مہلت ملی ہے، اس میں کیا کروں اور کس طرح میں زندگی گزاروں؟ تو مجھے دور گہرے غیب کے پردے سے ایک روحانی آواز نے پکارا کہ اے حیران انسان قرآن پاک کی طرف آ، تو میرے دل نے اس آواز کو قبول کرلیا اور میں نے ایک نور محسوس کیا جو میرے قلب کو روشن کررہا تھا، چنانچہ میں نے قرآن پاک کو اپنی تنہائی کا مونس بنالیا اور اس طرح میں نے راحت محسوس کی، ساتھ ہی میرے دل میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا ذوق بھی پیدا ہوا تو میں نے درود شریف کو بھی اپنا وظیفہ بنالیا اور اللہ تعالیٰ کی توفیق وکرم سے روزانہ ایک ہزار مرتبہ صبح اور اسی قدر شام کو درود شریف پڑھتا تھا، اسی طرح دن گزرتے گئے، کچھ عرصہ کے بعد میرے عہدہ میں ترقی کے ساتھ میرا تبادلہ ہوگیا، اب میرے پس کافی وقت فارغ رہتا تھا تو میں ان دنوں میں روزانہ پانچ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ لیتا تھا، پندرہ دن کے بعد دو دن کی چھٹی ملتی تھی تو ان دو دنوں میں چودہ ہزار مرتبہ روزانہ درود شریف پڑھ لیتا تھا۔

آپ جاننا چاہیں گے کہ میں اتنی زیادہ تعداد میں درود شریف پڑھ لیتا تھا تو وہ کون سا درود شریف تھا؟ وہ درود شریف یہ تھے ''اللھم صل علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی آلہٖ و صحبہٖ وسلم'' اور ''صلی اللہ علیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' اور ''محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' ورنہ میں اس مختصر وقت میں اتنی زیادہ تعداد میں درود شریف نہیں پڑھ سکتا تھا۔

اس دوران مجھ پر عجیب طرز اور الفاظ والے درود شریف غالب آتے اور میں انہیں ا
دوستوں پر پیش کرتا تو وہ اس سے خوش ہوتے، پھر انہیں جمع کر لیتے اور زبانی یاد کر لیتے، ان حالا
کے پیش نظر میں اکثر خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتا، یہا
تک میں ایک رات میں ایک بار سے زیادہ مرتبہ زیارت سے بہرہ ور ہوتا۔

(شیخ عبدالمقصود سالم مصری، انوار الحق فی الصلوٰۃ علی سید الخلق ﷺ (عربی، اردو) مطبوعہ لاہور، ص ۸۹۔۹۰)

علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری اشرفی لاہوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۸ھ/ ۱۹۷۸ء)
ساقی کوثر صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس سے بے حد عشق تھا، سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک
سنتے ہی وجد میں آجاتے اور فرماتے درود شریف بکثرت پڑھا کرو، میں نے جو کچھ پایا درود پاک کے
ورد سے پایا۔

(محمود احمد رضوی، سیدی ابوالبرکات، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۹ء، ص ۱۷۸)

حضرت فقیر سلطان علی نقشبندی عثمانی حسنی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۹ھ/ ۱۹۷۹ء) مدفو
موضع شاہ والا متصل قائد آباد، تحصیل و ضلع خوشاب (پنجاب، پاکستان) روزانہ بعد نماز فجر پور
جماعت کے ساتھ مل کر کھجور کی گٹھلیوں پر درود شریف کا ورد فرماتے تھے۔

(محمد عبدالرحمٰن حسنی، تحفہ سلطانیہ، مطبوعہ شاہ والا ضلع خوشاب ۱۴۰۴ھ/ ۱۹۸۴ء، ص ۱۶)

حضرت خواجہ خان محمد تونسوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۹۹ھ/ ۱۹۷۹ء) تونسہ شریف ضلع ڈیر
غازی خان (پاکستان) نے ایک مرتبہ فرمایا کہ ہمارے حضرت خواجہ محمد حامد تونسوی رحمتہ اللہ علیہ درو
شریف پڑھنے کی بہت زیادہ تاکید فرماتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ درود شریف سکھانے میں نیک
بد کا کوئی فرق نہ کریں کیونکہ یہی درود شریف بندے کو اللہ تعالیٰ کی طرف کھینچ لاتا ہے، ایک بار مجھ
ایک مشکل پیش آئی، استخارہ میں حضرت خواجہ محمد حامد تونسوی رحمتہ اللہ علیہ نے مجھے چودہ بار "درو
تنجینا" پڑھنے کا حکم دیا، اب اس روز سے چودہ بار بلاناغہ پڑھتا ہوں، پھر فرمایا درود شریف "اللھ
صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد و بارک وسلم" باوضو ہو کر کثرت سے پڑھا کریں
آپ اپنے مریدین کو ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے کی تلقین فرماتے تھے۔

ایک مرتبہ آپ نے فرمایا کہ مدینہ منورہ میں ایک خوش قسمت پٹھان ہے جس کا نام بتانے کی
مجھے اجازت نہیں کیونکہ اس پٹھان نے مجھ سے حلف لیا تھا کہ زندگی بھر اس کا نام نہیں بتاؤں گا، اس
کے متعلق مدینہ منورہ کے لوگوں نے مجھے بتایا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مواجہ شریف

سے اپنا ہاتھ مبارک نکال کر اس سے مصافحہ کیا، دو تین آدمیوں کو دیکھا کہ اس پٹھان کے ہاتھ کو بوسہ دے رہے ہیں، میں نے اس سے دریافت کیا تو اس نے اقرار کیا کہ اس ناچیز پر کرم ہوا ہے اور مجھ سے حلف لیا کہ میرا نام اپنی زندگی میں کسی کو نہ بتانا، ایک مرتبہ یہ پٹھان حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پائنتی مبارک کی جانب بیٹھے "درود مستغاث" پڑھ رہے تھے تو سپاہی نے روکا، رات کو سپاہی کے پیٹ میں سخت درد ہوا، کوئی علاج مؤثر نہ ہوا آخر اس پٹھان موصوف کے دم کرنے سے شفا ہوئی، اس دن سے کوئی سپاہی اسے پائنتی مبارک میں درود مستغاث پڑھنے سے نہیں روکتا تھا۔

(فقیر محمود سدیدی، ملفوظات خواجہ خان محمد تونسوی، مطبوعہ ملتان ۱۴۰۰ھ، ص ۱۱، ۳۷، ۳۹)

قطب مدینہ حضرت شیخ ضیاء الدین احمد قادری مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علہ (متوفی ۱۴۰۱ھ/ ۱۹۸۱ء) کثرت سے درود شریف پڑھنے کی تلقین فرماتے اور خصوصاً فرماتے کہ یہ درود شریف پڑھا کریں "**صلی اللہ علیٰ النبی الامی و آلہٖ صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ و سلاماً علیک یا رسول اللہ**"۔

(خلیل احمد رانا، انوار قطب مدینہ، مطبوعہ مرکزی مجلس رضا لاہور ۱۴۰۸ھ، ص ۲۱۸)

حضرت شیخ الاسلام خواجہ قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۴۰۱ھ/ ۱۹۸۱ء) کثرت سے درود شریف کا ورد کرتے تھے اور خادموں کو بھی زیادہ تر درود شریف ہی پڑھنے کی تلقین فرماتے تھے، آپ فرمایا کرتے تھے کہ میں ساری زندگی میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ درود شریف سے بڑھ کر کوئی وظیفہ نہیں ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ذکر ہے۔

(ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور (شیخ الاسلام نمبر) شمارہ اکتوبر ۱۹۸۱ء، ص ۲۹)

آپ کا وظیفہ درود شریف یہ تھا!

اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد و بارک و سلم۔

(ماہنامہ ضیائے قمر، گوجرانوالہ، شمارہ مئی ۱۹۹۴ء، ص ۱)

مناظر اسلام مولانا صوفی اللہ دتہ لاہوری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۴۰۵ھ/ ۱۹۸۵ء) محلہ وسن پورہ لاہور والے اپنے معتقدین کو ہمیشہ درود شریف اور استغفار پڑھنے کا وظیفہ بتایا کرتے تھے، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر دُرود شریف پڑھنے کی فضیلت پر آپ کو اس قدر یقین کامل تھا کہ ایک مرتبہ فرمایا میری بچی شدید بیمار پڑ گئی لیکن رب تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس حال میں بھی دل میں یہ خیال نہ آیا کہ دُرود شریف کے علاوہ بھی کوئی اور دعا پڑھوں۔

(شہزاد احمد، تذکرہ عاشق رسول ﷺ، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۷ء، ص ۲۶۔۲۷)

غزالئی زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی امروہوی محدّث ملتانی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۴۰۶ھ/ ۱۹۸۶ء) ہمیشہ درود شریف پڑھنے کی تلقین فرماتے، مولانا محمد رمضان الباروی، مدرس مدرسہ خیر المعاد ،قلعہ کہنہ ملتان نے راقم الحروف کو بتایا کہ ایک مرتبہ علامہ کاظمی علیہ الرحمہ حج پر گئے ہوئے تھے، جدہ شریف میں آپ کے احباب میں سے ایک ساتھی کو کوئی پریشانی لاحق ہوئی غالباً حج کے کاغذات گم ہوگئے، تو آپ نے فرمایا یہ درود شریف کثرت سے پڑھو **اللھم صل وسلم و بارک علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آل سیدنا محمد قد ضاقت حیلتی ادرکنی یا رسول اللہ**، آپ فرمایا کرتے تھے کہ یہ درود حل مشکلات ہے، وہ صاحب کہتے ہیں کہ میں نے کثرت سے یہ درود شریف پڑھا تو حیرت انگیز طریقہ سے میری پریشانی دور ہوگئی۔

(قلمی یادداشت، فقیر خلیل احمد رانا)

حضرت مولانا اللہ بخش چشتی گولڑوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۴۰۹ھ/ ۱۹۸۹ء) مدفون گولڑا شریف (اسلام آباد) نہایت با اخلاق، عبادت گزار اور شب بیدار تھے آپ کثرت سے درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(شاہ حسین گردیزی، تجلیات مہر انور، مطبوعہ گولڑا شریف ۱۹۹۲ء، ص ۲۵۷)

مفتی عزیز احمد قادری بدایونی ثم لاہوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۴۰۹ھ/ ۱۹۸۹ء) کا معمول تھا کہ ہر جمعہ کی نماز کے بعد مدینہ منورہ کی طرف رخ کر کے نمازیوں کو درج ذیل درود شریف پڑھاتے تھے، "**صلی اللہ علی النبی الامی و آلہٖ صلی اللہ علیہ وسلم صلاۃً و سلاماً علیک یا رسول اللہ**"۔

(غلام اویس قرنی، احوال و آثار مفتی عزیز احمد قادری بدایونی، مطبوعہ لاہور ۱۹۹۱ء، ص ۱۳۲)

رئیس العلماء مولانا غلام محمود ہزاروی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۹۱ء) فرمایا کرتے تھے کہ درود شریف کثرت سے پڑھا کرو، آپ خود بھی اکثر اوقات درود شریف پڑھنے میں مصروف رہتے تھے۔

(سید صابر حسین بخاری، تذکرہ باب العلوم مولانا غلام محمود ہزاروی، مطبوعہ لاہور ۱۹۹۱ء، ص ۲۷۔۲۸)

حضرت باباجی پیر محمد علی شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء) کرماں والا ضلع اوکاڑہ (پنجاب۔پاکستان) اپنے ہر مرید کو بعد نماز تہجد پانچ سو مرتبہ درود شریف روزانہ پڑھنے کی تلقین فرماتے تھے۔

(قلمی یادداشت خلیل احمد رانا عفی عنہ)

حضرت مفتی اشفاق احمد رضوی مدظلہ، سابق مہتمم جامع العلوم خانیوال (پنجاب) حال مقیم برطانیہ نے ایک مرتبہ راقم الحروف کو بتایا کہ ۱۹۹۴ء میں حج کے موقع پر مدینہ منورہ کی حاضری کے دوران میں ایک دن سید الشہداء سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار اقدس پر زیارت کے لئے گیا، زیارت و حاضری سے واپسی پر میں جس ٹیکسی پر گیا تھا اُس کی طرف واپس آنے لگا تو دور سے دیکھا کہ ٹیکسی ڈرائیور جو کہ سوڈانی تھا، وہ کوئی کتاب پڑھ رہا ہے، میں جب قریب گیا تو اس نے کتاب بند کر کے ڈیش بورڈ میں رکھ دی، میں نے گاڑی میں بیٹھ کر چلنے کے لئے کہا اور وہ کتاب دیکھنے کے لئے اُٹھالی، کھول کر دیکھا تو وہ دلائل الخیرات شریف تھی، میں نے بوسہ دے کر آنکھوں سے لگایا اور پوچھا کہ آپ اسے روزانہ پڑھتے ہیں؟ وہ ڈرائیور کہنے لگا کہ الحمد للہ میں روزانہ مکمل دلائل الخیرات شریف پڑھتا ہوں۔

(قلمی یادداشت خلیل احمد رانا عفی عنہ)

الحاج عنایت الٰہی نقشبندی علیہ الرحمہ، کراچی (متوفی ۲۰۰۰ء) نے اپنی وفات سے کچھ برس قبل نیت کی تھی کہ وہ ایک کروڑ مرتبہ درود شریف کا ورد کریں گے، ابھی ۸۳ لاکھ مرتبہ ہی پڑھ پائے تھے کہ اُن کا بلاوا آ گیا، درود شریف کی مشہور کتاب "اوئل الخیرات" تصنیف علامہ سید عبدالغفور نامی علیہ الرحمہ (حیدر آباد دکن) بھی انہوں نے طبع کروا کے مفت تقسیم کی تھی۔

(تعارفی کتابچہ بابت ۱۷واں سالانہ عرس مبارک خطیب پاکستان مولانا محمد شفیع اوکاڑوی علیہ الرحمہ، مرتبہ علامہ کوکب نورانی اوکاڑوی، مطبوعہ کراچی اکتوبر ۲۰۰۰ء، ص ۱۸)

حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی، امیر دعوت اسلامی، مقیم کراچی لکھتے ہیں کہ میں دعوت اسلامی کے ایک قافلے کے ساتھ سکھر (سندھ) گیا تو وہاں میری برادری کے ایک معمر بزرگ حاجی احمد فتانی نے محبت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چاشنی سے بھر پور یہ واقعہ سنایا کہ بمقام "کتیانہ" (ریاست جونا گڑھ۔ بھارت) میں ایک سنگ تراش رہا کرتا تھا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بہت عاشق اور مدینہ منورہ کا دیوانہ تھا، درود و سلام سے بڑی محبت رکھتا تھا، درود شریف کا مشہور مجموعہ "دلائل الخیرات" شریف اس کو زبانی یاد تھا، اس کا معمول تھا کہ جب کوئی پتھر تراشتا تو اس دوران دلائل الخیرات شریف پڑھتا رہتا، ایک بار حج کے پُر بہار موسم میں جب عاشقوں کے قافلے حرمین طیبین کی طرف رواں دواں تھے اس کی قسمت کا ستارہ چمکا، ایک رات جب سویا تو

خواب میں دیکھا کہ مسجد نبوی شریف میں حاضر ہے اور والیءِ بیکساں، مدینے کے سلطان، نبی آخر الزماں، رحمت عالمیاں صلی اللہ علیہ وسلم بھی جلوہ فرما ہیں، سبز سبز گنبد کے انوار سے فضا منور ہو رہی ہے اور نورانی مینار بھی نور برسا رہے ہیں مگر مینار شریف کا ایک کنگرہ شکستہ تھا، اتنے میں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لب ہائے مبارک کو جنبش ہوئی گویا پھول جھڑنے لگے فرمایا! میرے دیوانے وہ دیکھو ہمارے مینارہ کا ایک کنارہ ٹوٹ گیا ہے، تم ہمارے مدینہ میں آؤ اور اس کنگرے کو پھر سے بنا دو، جب آنکھ کھلی تو تنہائی تھی اور کانوں میں والئی مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مبارک کلمات گونج رہے تھے، مدینہ کا بلاوا آ چکا تھا مگر یہ سوچ کر آنکھوں سے آنسو چھلک پڑے کہ میں بہت غریب آدمی ہوں، میرے پاس مدینہ منورہ کی حاضری کے وسائل نہیں، ادھر عشق نے کہا وسائل نہیں تو کیا غم ہے تمہیں تو خود سلطان مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلایا ہے تم وسائل کی فکر کیوں کرتے ہو، چنانچہ دیوانے نے رخت سفر باندھا، اپنے اوزاروں کا تھیلا کندھے پر چڑھایا اور ''پور بندر'' (مہاراشٹر۔ بھارت) کی بندرگاہ کی طرف چل پڑا، ادھر نبدرگاہ پر سفینۂ مدینہ تیار کھڑا تھا، مسافر تیار ہو چکے تھے، لنگر اٹھا دیئے گئے تھے، لیکن سفینۂ مدینہ جنبش کرنے کا نام نہیں لیتا تھا، دیر ہو رہی تھی، اتنے میں جہاز کے عملے میں سے کسی کی نظر دور سے جھومتے ہوئے دیوانے پر پڑی، عملہ کے لوگ سمجھے کہ شاید کوئی زائر مدینہ سوار ہونے سے رہ گیا ہے، جہاز چونکہ گہرے پانی میں کھڑا تھا لہٰذا جہاز والوں نے ایک کشتی ساحل کی طرف بھیجی، عاشق مدینہ اس کشتی کے ذریعے جہاز میں پہنچ گیا، اس کے سوار ہوتے ہی سفینہ جھومتا ہوا سوئے مدینہ چل پڑا، اس کے پاس ٹکٹ نہیں تھا اور نہ ہی کسی نے اس سے ٹکٹ پوچھا، بالآخر دیوانہ مدینہ منورہ پہنچ گیا، دیوانہ بے تاب ہو کر روضۂ اطہر کی طرف بڑھا، کچھ خدام حرم کی نظر جونہی دیوانے پر پڑی تو بولے ارے یہ تو وہی ہے جس کا حلیہ ہمیں دکھایا گیا ہے، دیوانہ اشکبار آنکھوں سے سنہری جالیوں کے سامنے حاضر ہوا، پھر باہر آ کر خواب میں جو جگہ دکھائی گئی تھی اُس کو بغور دیکھا تو واقعی ایک کنگرہ شکستہ تھا، چنانچہ اپنی کمر میں رسی بندھوا کر خدام کی مدد سے دیوانہ گھٹنوں کے بل اوپر چڑھا اور حسب الارشاد کنگرہ شریف کو تراش کر از سر نو بنا دیا، جب دیوانے نے سبز گنبد کا اتنا قرب پایا تو بے تاب روح نے واپس جانے سے انکار کر دیا، جب دیوانے کا وجود نیچے اُتارا گیا تو دیکھنے والوں کے کلیجے پھٹ گئے کیونکہ دیوانے کی روح تو کب کی سبز سبز گنبد کی رعنائیوں پر نثار ہو چکی تھی۔ (ملخصاً بتغیر قلیل)

(مولانا محمد الیاس قادری، فیضان سنت، مطبوعہ کراچی ۱۴۰۹ھ، ص ۱۴۳ تا ۱۴۵)

مشتاقان دُرود شریف کے لئے چند تحائف

حضرت سیدی شیخ شہاب الدین احمد بن عبداللطیف الشرجی الزبیدی یمنی صاحب مختصر البخاری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۸۹۳ھ) نے اپنی کتاب "الصلات والعوائد" میں درود شریف کے درج ذیل صیغے کا ذکر کیا اور کہا کہ الفقیہ الصالح عمر بن سعید بن ابی السعود ہمدانی صاحب ذی عقیب رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۶۶۳ھ) روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی ہر روز تینتیس (۳۳) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا (مرنے کے بعد) اللہ تعالیٰ اس کی قبر اور قبر انور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان سے حجابُ دور فرما دے گا، درود شریف یہ ہے:

اللھم صل و سلم و بارک علیٰ سیدنا محمد

صلوٰۃً تکُوْ نُ لَکَ رِ ضاوً وَّ لِحقہٖ اَدَ آ ءً.

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی، سعادۃ دارین فی الصلوٰۃ علی سید الکونین (عربی)، مطبوعہ بیروت ۱۳۱۶ھ، ص ۲۴۵)

ترجمہ۔ اے اللہ ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود وسلام اور برکت نازل فرما جو تیری رضا اور اُن کے ادائے حق کا ذریعہ ہو۔

حضرت شیخ شہاب الدین ابو حفص عمر بن محمد سہروردی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۶۳۲ھ) نے اپنی شہرہ آفاق تصنیف "عوارف المعارف" میں اس درود شریف کو تفصیل سے درج فرمایا۔

(شیخ شہاب الدین سہروردی، عوارف المعارف (اردو ترجمہ) مطبوعہ مدینہ پبلی کیشنز کراچی ۱۹۸۹ء، ص ۵۴۰)

مولوی محمد زکریا سہارنپوری، سابق امیر تبلیغی جماعت نے فضائل درود شریف (مشمولہ تبلیغی نصاب) میں اس درود شریف کو طوالت کے ساتھ نقل کیا۔

(مولوی محمد زکریا سہارنپوری، فضائل درود شریف، مطبوعہ لاہور، ص ۵۲)

پروفیسر ابوبکر غزنوی (غیر مقلد) سابق وائس چانسلر اسلامی یونیورسٹی بہاولپور نے اپنی کتاب "قربت کی راہیں" میں یہی درود شریف "مسنون درود شریف کی چالیس حدیثیں" کے عنوان کے تحت حدیث نمبر ۳۷ میں لکھا، اور حدیث کے آخر میں لکھا "روی حدیثھا ابن ابی عاصم فی

بعض تصنیفه مرفوعا"۔

(پروفیسر ابوبکر غزنوی، قربت کی راہیں، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۷ء، ص ۱۴۹، ۱۵۰)

الصلوٰة المخدومیه

اللهم صل علىٰ مُحمد و علىٰ اٰل مُحمد و اَصحابهٖ واولادهٖ وازواجهٖ و ذُریاتهٖ و اهل بیتهٖ واَهل بیته واَصهارهٖ واَنصارهٖ واَشیاعهٖ و محبّیهٖ واُمتهٖ و عَلینا مَعهم اَجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

حضرت مخدوم سید جلال الدین جہانیاں جہاں گشت بخاری اوچی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۷۸۵ھ/۱۳۸۳ء) جب بغرض زیارت روضۂ مبارک حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مدینہ منورہ حاضر ہوئے تو عرض کیا ''السلام علیک یا جدی'' تو جواب میں روضہ مبارک سے آواز آئی ''علیک السلام یا ولدی'' بعد میں آپ مذکورہ درود شریف پڑھنے میں مشغول ہو گئے تو روضہ مبارک سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بلند واز سے فرمایا! اے میرے بیٹے اگر کوئی شخص سوموار کی رات یہ درود شریف سات مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجات پوری فرمائے گا، ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی۔

حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جو کوئی اس درود شریف کو کثرت سے پڑھے گا وہ مجلس حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مشرف ہوگا اور اس پر اولین وآخرین کے علوم کھل جائیں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

(سید باقر بن سید عثمان بخاری اوچی، جواہر الاولیاء (فارسی) مطبوعہ مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد ۱۳۹۶ھ/ ۱۹۷۶ء، ص ۲۶۸)

الصلوٰة الحضوری

حضرت خواجہ کلیم اللہ شاہ جہاں آبادی چشتی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۲۴ ربیع الاول ۱۱۴۲ھ)

فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص درج ذیل درود شریف ایک کروڑ مرتبہ پڑھ لے تو پڑھنے والے کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صحبت میسر ہوگی، یعنی وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مجلس بابرکت کا حضوری بن جائے گا، درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّد تَعَیُّنِکَ الْاَقْدَمْ وَالْمَظْھَرِ الْاَتَمِّ لِاِسْمِکَ الْاَعْظَمْ بِعَدَدِ تَجَلِّیَاتِ ذَاتِکَ وَتَعَلُّقَاتِ صِفَاتِکَ وَآلِہٖ کَذٰلِکَ۔

(مکتوبات کلیمی، فارسی (قلمی مخطوطہ)، مکتوب خواجہ کلیم اللہ شاہ جہاں آبادی رحمتہ اللہ علیہ بنام خواجہ نظام الدین اورنگ آبادی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۲رذی قعدہ ۱۱۴۲ھ)، مکتوب نمبر ۸۷، ص ۱۷۴ (مملوکہ مخزونہ حکیم اللہ بخش انصاری اسد نظامی مرحوم)

ایک مرتبہ حضرت شیخ الاسلام خواجہ قمرالدین سیالوی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۴۰۱ء/ ۱۹۸۱ء) کے پاس مہار شریف ضلع بہاول نگر (پنجاب) کے صاحبزادہ صاحب تشریف لائے اور آپ کی خدمت میں یہی مذکورہ خاص دُرود شریف پڑھا اور اس کے بہت فوائد بیان فرمائے، اس کے بعد خواجہ قمرالدین سیالوی رحمتہ اللہ علیہ اکثر یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔

(ڈاکٹر تسخیر احمد پی ایچ ڈی، مضمون چند یادیں، ماہنامہ ضیائے حرم لاہور (شیخ الاسلام نمبر)، شمارہ اکتوبر ۱۹۸۱ء، ص ۱۱۰)

الصلوٰۃ البیر (کنویں والا دُرود)

درود شریف کے مشہور مجموعہ ''دلائل الخیرات شریف'' کے مؤلف الامام شیخ عبداللہ محمد بن سلیمان الحسنی الجزولی السملالی الشاذلی المالکی رحمتہ اللہ علیہ ۸۰۷ھ میں بمقام سوس شہر (لیبیا، افریقہ) میں پیدا ہوئے، آپ حضرت امام حسن بن علی المرتضٰے رضی اللہ عنہم کی اولاد میں سے ہیں اور افریقی کی بربر قوم کے قبیلہ جزولہ کی شاخ سملالہ سے آپ کا تعلق تھا، آپ نے فاس شہر (مراکش) کے مدرسہ الصفارین میں علم حاصل کیا، جہاں آپ کا رہائشی حجرہ آج بھی محفوظ ہے۔ پھر ساحلی شہر ریف چلے آئے یہاں آپ نے حضرت سیدی شیخ محمد بن عبداللہ رحمتہ اللہ علیہ سے باطنی علوم حاصل کر کے خلوت میں چودہ سال ریاضت کی، پھر مخلوق خدا کو نفع پہنچانے کے لئے خلوت سے نکلے اور شہر آسفی میں خلق خدا کی رہنمائی کرنے لگے، تقریباً بارہ ہزار چھ سو پینسٹھ آدمی آپ کے ہاتھ پر بیعت کر کے گناہوں سے تائب ہوئے، آپ سے بڑی بڑی کرامات اور خوارق عجیبہ ظاہر ہوئے، بڑے عابد و زاہد تھے، آفاق میں آپ ذکر کی مہک پھیلی، پھر آپ شہر آفرغال میں تشریف لے آئے اور رشد و ہدایت کا کام

شروع کیا۔

(ماہنامہ ضیائے حرم، لاہور، شمارہ جون ۱۹۹۳ء، ص ۴۵، ۴۶، مضمون، دلائل الخیرات اور صاحب دلائل، مضمون نگار علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری، بحوالہ خیر الدین زرکلی، الاعلام، مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۱۵۱۔ محمد بن شعب، دائرۃ المعارف، مطبوعہ پنجاب یونیورسٹی لاہور، ج ۷، ص ۲۲۷۔)

(علامہ محمد مہدی فاسی مغربی، مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات (عربی) المطبعۃ التازیہ مصر، ص ۳)

آپ ایک مرتبہ آپ اپنے مریدین کے ہمراہ سفر کرتے ہوئے شہر فاس کے ایک گاؤں میں پہنچے تو وہاں ظہر کی نماز کا وقت تنگ ہونے لگا، وضو کے لئے پانی کی تلاش میں ایک کنویں کے پاس پہنچے تو پانی نکالنے کے لئے کوئی ڈول رسی وغیرہ نہ تھی، آپ اسی سوچ میں کھڑے تھے کہ ایک بلند مکان کی کھڑکی سے ایک آٹھ نو سالہ لڑکی شیخ الجزولی رحمتہ اللہ علیہ کو دیکھ رہی تھی، وہ پوچھنے لگی آپ کون ہیں؟ آپ نے بتایا کہ میں محمد بن سلیمان الجزولی ہوں، وہ کہنے لگی کہ آپ تو وہ انسان ہیں جن کی نیکی کی بے حد تعریف کی جاتی ہے اور آپ حیران ہیں کہ کنویں سے پانی کیسے نکالیں، وہ لڑکی نیچے آئی اور اس نے کنویں میں اپنا لعاب گرا دیا جس کی وجہ سے پانی ایک دم کناروں سے جوش مار کر بہنے لگا، آپ نے وضو کیا اور نماز سے فارغ ہو کر اس لڑکی سے پوچھا کہ تجھے یہ عظمت کیسے ملی؟ وہ کہنے لگی! مجھے یہ عظمت اور برکت اس ذات پاک پر کثرت سے درود شریف پڑھنے کی بدولت ملی ہے کہ جب وہ ذات اقدس صحرا میں تشریف لے جاتے تو ان کے دامن اقدس میں وحشی جانور بھی پناہ لیتے اور ان کے دامن رحمت سے چمٹ جاتے (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)، حضرت شیخ جزولی رحمتہ اللہ علیہ نے پوچھا تم کون سا درود پڑھتی ہو؟ اُس نے بتا دیا، آپ نے قسم کھائی کہ وہ حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود پڑھنے کے موضوع پر ایک کتاب لکھیں گے، یہ واقعہ کتاب دلائل الخیرات شریف لکھنے کا سبب بنا، آپ نے اس لڑکی کا بتایا ہوا درود شریف بھی اس کتاب کے جز سابع میں شامل کیا، دلائل الخیرات کا پورا نام "دلائل الخیرات وشوارق الانوار فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار علیہ الصلوٰۃ والسلام" ہے۔

آپ کا وصال یکم ربیع الاول ۸۷۰ھ کو سوس شہر (لیبیا، افریقہ) میں نماز فجر کی پہلی رکعت کے دوسرے سجدے میں ہوا اور اُسی روز ظہر کے وقت مسجد کے قریب دفن ہوئے، آپ کی کوئی اولاد نہ تھی، آپ کے خلفاء میں شیخ ابو عبداللہ محمد الصمد سہلی رحمتہ اللہ علیہ اور شیخ ابو محمد عبدالکریم المنذری رحمتہ اللہ علیہ مشہور ہوئے۔

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی فلسطینی، جامع الکرامات الاولیاء (اردو ترجمہ) مطبوعہ مکتبہ حامدیہ لاہور ۱۹۸۲ء، ص ۶۹۴)

(علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری، مضمون دلائل الخیرات اور صاحب دلائل، ماہنامہ ضیائے حرم لاہور، شمارہ جون ۱۹۹۳ء، ص ۴۶، بحوالہ اسماعیل پاشا بغدادی، ہدیۃ العارفین، مطبوعہ بغداد (عراق)، ج ۲، ص ۲۰۴))

وفات کے ستتر سال بعد مراکش کے شاہ نے آپ کے جسد کو سوس سے منتقل کرا کے مراکش کے مشہور قبرستان ''ریاض العروس'' میں دفن کرایا اور اس پر ایک عالیشان قبہ بنوایا، جب آپ کا جسد مبارک نکالا گیا تو بالکل تازہ تھا، مٹی نے اس پر کوئی تغیر پیدا نہیں کیا تھا، حاضرین نے اُنگلی سے چہرہ مبارک کو دبایا تو خون اپنے مقام سے سرک گیا، جب انگلی ہٹائی تو خون پھر اپنے مقام پر آ گیا، آپ کے مزار مبارک پر انوار عظیمہ کا ظہور ہوتا ہے، ہر وقت زائرین کا ہجوم رہتا ہے جو وہاں قرآن کریم اور دلائل الخیرات شریف پڑھتے رہتے ہیں، حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھنے کی وجہ سے آپ کی قبر شریف سے کستوری کی خوشبو آتی ہے''۔

(اولیاء اللہ کی شان وشوکت اور توقیر ظاہر کرنے کے لئے مزارات پر گنبد بنانا مسلمانوں کا صدیوں سے معمول ہے، علامہ شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد ذھبی حنبلی دمشقی (متوفی ۷۴۸ھ) جو کہ ابن تیمیہ حرانی کے شاگرد ہیں، اپنی مشہور کتاب ''تذکرۃ الحفاظ'' کے گیارھویں طبقہ میں امام ابوعوانہ شافعی اسفرائینی نیشاپوری (متوفی ۳۱۶ھ) کے حالات میں لکھتے ہیں کہ ''آپ کی قبر اسفرائن شہر کے اندر ہے اس پر گنبد بنا ہے اور زیارت گاہ عوام ہے'' (تذکرۃ الحفاظ، اردو ترجمہ حافظ محمد اسحاق غیر مقلد، تقدیم وتہذیب، منیر احمد سلفی غیر مقلد، مطبوعہ اسلامک پبلشنگ ہاؤس لاہور ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱، ج ۳، ص ۵۴۵۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں!

''مشہور محدث شیخ شمس الدین محمد بن یوسف بن علی بن عبدالکریم کرمانی بغدادی شارح بخاری علیہ الرحمہ (متوفی ۷۸۶ھ) نے اپنے زمانہ حیات میں ہی اپنے لئے قبر اور عاقبت خانہ حضرت شیخ ابواسحاق شیرازی بغدادی علیہ الرحمہ کے مزار کے جوار میں بنا لیا تھا اور اس کے اوپر ایک قبہ بھی تعمیر کرا لیا تھا، چنانچہ اسی میں دفن ہوئے''۔

(شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، بستان المحدثین (فارسی، اردو) مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱۹۸۴ء، ص ۳۲۲۔)

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی، جامع کرامات الاولیاء (اردو ترجمہ) مطبوعہ مکتبہ حامدیہ لاہور ۱۹۸۲ء، ج ۱، ص ۶۹۴)

صلوٰۃ البیر یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَائِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ.

(دلائل الخیرات، حزب سابع، (حاشیہ) مطبوعہ مکتبہ خیر کثیر (نور محمد) کراچی، ص ۲۲۱)

الصلوٰۃ المحمودیہ

حضرت سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۴۲۱ھ) مدفون غزنی (افغانستان)، بڑے

صالح پرہیز گار بادشاہ تھے، آپ کے درود شریف کو "دس ہزاری درود" بھی کہتے ہیں، اس کا ایک بار پڑھنا دس ہزار بار درود پڑھنے کے برابر شمار کیا جاتا ہے، علامہ شیخ اسماعیل حقی بروسوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۳۷ھ) اپنی تفسیر قرآن "روح البیان" میں اس درود شریف کے متعلق ایک واقعہ تحریر فرماتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک شخص نے سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ مجھے عرصہ دراز سے یہ تمنا تھی کہ آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت خواب میں ہو تو اپنے دُکھ درد ظاہر کروں اور اپنی زبوں حالی کی داستان سناؤں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ شب میری قسمت کا ستارہ چمکا اور مجھے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دیدار نصیب ہوا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مسرور پا کر میں نے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میں ایک ہزار درہم کا مقروض ہوں اور اس کی ادائیگی سے عاجز ہوں، ڈرتا ہوں کہ اگر موت آگئی تو یہ قرض میرے ذمہ رہ جائے گا، یہ سن کر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ تم محمود بن سبکتگین کے پاس جاؤ اور کہو کہ مجھے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے بھیجا ہے، لہٰذا میرا قرض ادا کر دو، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میری بات پر وہ کیسے اعتماد کریں گے، اس کے لئے وہ نشانی طلب کریں گے تو میں کیا کروں گا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا اسے جا کر کہو کہ محمود تم میرے لئے تیس ہزار مرتبہ درود شریف سونے سے پہلے پڑھتے ہو اور تیس ہزار مرتبہ درود شریف بیدار ہو کر پڑھتے ہو۔

اس شخص سے یہ پیغام سن کر سلطان محمود پر گریہ طاری ہو گیا اور وہ رونے لگے، اس کا سارا قرض ادا کیا اور ایک ہزار درہم مزید نذرانہ کے طور پر پیش کئے، اہل دربار متعجب ہوئے اور عرض کی کہ عالی جاہ آپ نے اس شخص کی ایسی بات کی تصدیق کر دی جو ناممکن ہے، ہم آپ کی خدمت میں شب و روز حاضر رہتے ہیں ہم نے کبھی اتنی مقدار آپ کو درود شریف نہیں دیکھا، سلطان محمود نے کہا تم سچ کہتے ہو، لیکن میں نے علماء سے سنا تھا کہ جو شخص یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھے گا وہ دس ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہوگا، لہٰذا میں سوتے وقت اس کو تین مرتبہ پڑھ لیتا ہوں اور تین مرتبہ بیدار ہو کر پڑھ لیتا ہوں اور میں یقین رکھتا تھا کہ میں نے ساٹھ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا ہے اور میرے آنسو خوشی کے تھے کہ علماء کا ارشاد صحیح تھا کہ اس کا ثواب اتنا ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بارگاہ میں قبول فرمایا، درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ

وَ تَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَ كَرَّ الْجَدِيْدَانِ وَاسْتَقَلَّ الْفُرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَ اَرْوَاحَ اَهْلِ بَيْتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَالسَّلَامُ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَثِيْرًا۔

(علامہ اسماعیل حقی بروسوی، تفسیر روح البیان (عربی) مطبوعہ مصر، ج ۷، ص ۲۳۴)

قاضی محمد زاہد الحسینی دیوبندی (اٹک، پنجاب) خلیفہ مولوی حسین احمد دیوبندی کانگریسی نے بھی اپنی کتاب ''رحمت کائنات'' میں یہ درود شریف تفسیر روح البیان کے حوالے سے درج کیا ہے۔

(قاضی محمد زاہد الحسینی، رحمت کائنات، مطبوعہ اٹک ۱۹۸۴ء، ص ۲۲۱)

ایک عظیم دُرود شریف

امام شیخ یوسف بن اسماعیل نبہانی فلسطینی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۵۰ھ/۱۹۳۲ء۔ مدفون بیروت، لبنان) فرماتے ہیں کہ مجھے سیّدی حافظ محمد عبدالحی بن شیخ عبدالکبیر کتانی فاسی مراکشی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۸۱ھ) نے ہمارے شیخ سیّدی ابراھیم سقا مصری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۹۸ھ) کے شیخ سیّدی محمد صالح بخاری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۶۲ھ) کی تحریر دکھائی جو شیخ ابراھیم سقا ازہری مصری کی اجازت میں تحریر تھی، حضرت صالح بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی یہ روایت حضرت شیخ رفیع الدین قندھاری رحمۃ اللہ علیہ سے ہے، حضرت شیخ سقار حمۃ اللہ علیہ کی یہ اجازت بہت مشہور ہے، میں (نبہانی) نے یہ اجازت اپنی کتاب ''ھادی المرید الی طرق الاسانید'' میں ذکر کی ہے، شیخ محمد صالح بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی وہ تحریر جو صاحبزادہ کتانی مراکشی علیہ الرحمہ نے مجھے دکھائی اس میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک بلیغ درود شریف تحریر ہے، اس کی فضیلت اور سند بھی تحریر کی ہے، یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھنا ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔

(شیخ رفیع الدین قندھاری (متوفی ۱۲۴۱ھ) معاصر غلام علی آزاد بلگرامی، حیدر آباد دکن کے نہایت مشہور معروف عالم فاضل صوفی اور شاعر تھے، آپ کے ہزار ہا مرید تھے، آپ کی تصانیف میں ثمرات مکیہ، تذکرہ شعراء فارسی اور انوار القندھار (قلمی کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن)، تذکرہ نو بہار، تاریخ اولیاء دکن وغیرہ مشہور ہیں، آپ حضرت شاہ رحمت اللہ مجددی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۲۶ ربیع الاول ۱۱۹۵ھ) مدفون رحمت آباد (نیلور) کے مرید تھے آپ کے خلفاء میں مولانا شجاع الدین مجددی حیدر آبادی مشہور ہیں۔ (سہ ماہی العلم کراچی، شمارہ، اپریل تا جون ۱۹۶۸ء، ص ۴۸ تا ۵۵)

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی، جامع کرامات الاولیاء (اُردو ترجمہ) حصہ اول، مطبوعہ مکتبہ حامدیہ لاہور ۱۹۸۲ء، ص ۹۱۶)

سیدی شیخ عبداللہ بن محمد الخیاط الھاروشی المالکی المغربی التیونسی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۷۵ھ/۱۷۶۱ء) نے اپنی کتاب ''کنوز الاسرار فی الصلوٰۃ علی النبی المختار'' (صلی اللہ علیہ وسلم) میں یہ درود شریف انہی فضائل کے ساتھ نقل کیا ہے۔ درود شریف یہ ہے:

''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّحِیْنٍ o

(شیخ یوسف بن اسماعیل نبھانی، سعادۃ دارین (عربی)، مطبوعہ بیروت ۱۳۱۶ھ، ص ۳۲۰

شیخ عبداللہ الھاروشی المالکی رحمتہ اللہ علیہ کی ایک اور کتاب بھی دُرود شریف کے فضائل میں ہے، جس کا نام ''الفتح المبین والدر الثمین فی فضل الصلاۃ والسلام علی سید المرسلین'' ہے۔ عمر رضا کحالہ، معجم المؤلفین، مطبوعہ بیروت، ج ۶، ص ۱۱۸)

اَلصَّلوٰۃُ الْمَشِیْشِیَّۃُ

قطب جامع، الکامل، الوارث، الواصل الموصل مولانا عبدالسلام بن مشیش حسنی مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (المتوفی ۶۲۲ھ)، یہ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلی مالکی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شیخ ہیں۔

اِس دُرود شریف کی نسبت بڑے بڑے اغواث، اقطاب، اوتاد، نجباء، نقباء، مفسرین، محدثین، اولیاء، صلحاء اور فقہاء کا اتفاق ہے کہ دُرود شریف کے اکثر صیغوں سے افضل ہے، اکثر اغواث زمانہ اور اقطاب وقت نے اس کی متعدد شرحیں لکھیں، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس کی شرح ''فیوض الحرمین میں لکھی ہے۔

قطب وقت سیّد عبدالغنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجد دوق، مجدد دین امام زبیدی کے پیرومرشد ہیں، عارف باللہ احمد نخعی سے روایت کرتے ہیں کہ اس دُرود شریف کے پڑھنے سے وہ انوار و برکات حاصل ہوتے ہیں جن کی حقیقت سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا اور اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی مدد اور فتح ربانی حاصل ہوتی ہے اور صدق و اخلاص سے ہمیشہ پڑھنے والے کا سینہ کھل جاتا ہے، کاروبار میں کامیابی ہوتی ہے اور باطن اور ظاہر کی تمام آفتوں، بلاؤں اور باطنی وظاہری بیماریوں سے اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجاتا ہے اور دشمنوں پر فتح پاتا ہے اور کاروبار میں اللہ تعالیٰ کی تائید سے

توفیق دیا جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب ﷺ کی عنایات اس کے شامل حال رہتی ہیں۔

اس دُرود شریف کا وظیفہ دو طرح پر ہے:

۱۔ نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ اور نماز مغرب کے بعد ایک مرتبہ پڑھا جائے۔

۲۔ بعد نماز فجر ۳ بار، بعد نماز مغرب ۳ بار، بعد نماز عشاء ۳ بار پڑھا جائے۔

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۱۱۱، ۱۱۲)

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ مِّنْہُ انْشَقَّتِ الْاَسْرَارُ وَ انْفَلَقَتِ الْاَنْوَارُ وَفِیْہِ ارْتَقَتِ الْحَقَآئِقُ وَتَنَزَّلَتْ عُلُوْمُ اٰدَمَ فَاَعْجَزَ الْخَلَآئِقَ وَلَہٗ تَضَآءَلَتِ الْفُھُوْمُ فَلَمْ یُدْرِکْہُ مِنَّا سَابِقٌ وَّ لَا لَاحِقٌ فَرِیَاضُ الْمَلَکُوْتِ بِزَھْرِ جَمَالِہٖ مُوْنِقَۃٌ وَّحِیَاضُ الْجَبَرُوْتِ بِفَیْضِ اَنْوَارِہٖ مُتَدَفِّقَۃٌ وَّ لَا شَیْءَ اِلَّا وَھُوَبِہٖ مَنُوْطٌ اِذْ لَوْ لَا الْوَاسِطَۃُ لَذَھَبَ کَمَا قِیْلَ الْمَوْسُوْطُ صَلٰوۃً تَلِیْقُ بِکَ مِنْکَ اِلَیْہِ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ سِرُّکَ الْجَامِعُ الدَّالُّ عَلَیْکَ وَحِجَابُکَ الْاَعْظَمُ الْقَائِمُ لَکَ بَیْنَ یَدَیْکَ اَللّٰھُمَّ اَلْحِقْنِیْ بِنَسَبِہٖ وَحَقِّقْنِیْ بِحَسَبِہٖ وَعَرِّفْنِیْ اِیَّاہُ مَعْرِفَۃً اَسْلَمُ بِھَا مِنْ مَّوَارِدِ الْجَھْلِ وَاَکْرَعُ بِھَا مِنْ مَّوَارِدِ الْفَضْلِ وَاحْمِلْنِیْ عَلٰی سَبِیْلِہٖ اِلٰی حَضْرَتِکَ حَمْلًا مَّحْفُوْفًا بِنُصْرَتِکَ وَاقْذِفْ بِیْ عَلَی الْبَاطِلِ فَاَدْمَغَہٗ وَزُجَّ بِیْ فِیْ بِحَارِ الْاَحَدِیَّۃِ وَانْشُلْنِیْ مِنْ اَوْحَالِ التَّوْحِیْدِ وَاَغْرِقْنِیْ فِیْ عَیْنِ

بَحرِ الوَحدَةِ حَتّٰی لَا اَریٰ وَ لَا اَسمَعَ وَلَا اَجِدَ وَلَا اُحِسَّ اِلَّا بِهَا وَاجعَلِ الحِجَابَ الاَعظَم حَیٰوۃَ رُوحِی وَرُوحَهٗ سِرَّ حَقِیقَتِی وَحَقِیقَتَهٗ جَامِعَ عَوَالِمِی بِتَحقِیقِ الحَقِّ الاَوَّلِ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ اِسمَع نِدَآئِی بِمَا سَمِعتَ بِهٖ نِدَآءَ عَبدِکَ زَکَرِیَّا وَانصُرنِی بِکَ لَکَ وَاَیِّدنِی بِکَ لَکَ وَاجمَع بَینِی وَبَینَکَ وَحُل بَینِی وَبَینَ غَیرِکَ اللّٰهُ اللّٰهُ اللّٰهُ اِنَّ الَّذِی فَرَضَ عَلَیکَ القُراٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ ط رَبَّنَآ اٰتِنَا مِن لَّدُنکَ رَحمَةً وَّهَیِّ لَنَا مِن اَمرِنَا رَشَدًا ، اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِکَتَهٗ یُصَلُّونَ عَلَی النَّبِیِّ ط یٰاَیُّهَا الَّذِینَ اٰمَنُوا صَلُّوا عَلَیهِ وَسَلِّمُوا تَسلِیماً۔

اَلصَّلٰوۃُ التَّفرِیجِیَّةُ

خزینۃ الاسرار میں شیخ عارف محمد حقی نازلی امام قرطبی سے نقل کرتے ہیں کہ جو شخص اس دُرود شریف کو ہر روز ہمیشہ ۴۱ بار یا ۱۰۰ بار یا زیادہ پڑھتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے غم وفکر کو دور، اس کی تکلیف اور مشکل کو حل کردے، اس کا کام آسان کرے، اس کا سرّ نورانی کردے، اس کی قدر بلند کردے، اس کی حالت سنوار دے اور اس کا رزق وسیع کرے، بہت زیادہ بھلائیوں اور نیکیوں کے دروازے اس پر کھول دے، حکومت میں اس کی بات کا اثر ڈال دے، زمانے کے حادثوں سے اسے مامون کرے، بھوک اور محتاجی کی تکلیف سے اسے بچالے، مخلوق کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دے اور اللہ کریم سے جو چیز مانگے اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عطا کرے۔

مذکورہ فوائد اور اس کے علاوہ بے شمار برکات اس دُرود شریف کو ہمیشہ پڑھتے رہنے سے حاصل ہوتی ہیں۔

اس دُرود شریف کا وظیفہ کرنے کے مندرجہ ذیل طریقے ہیں:

۱۔ ہر پنجگانہ نماز کے بعد گیارہ بار پڑھے۔

۲۔ ہر نماز کے بعد اکتالیس بار پڑھے۔

۳۔ ہر روز سو بار پڑھے۔

۴۔ ہر روز مرسلین (علیہم السلام) کی گنتی کے مطابق ۳۱۳ بار پڑھے۔

۵۔ ہر روز ایک ہزار بار پڑھے۔

اس کو وہ کچھ ملے کہ صفت کرنے والے اس کی تعریف نہ کر سکیں کہ نہ اس کو کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی انسان کے دل میں خیال گزرا۔

۶۔ کسی اہم معاملہ میں کامیابی چاہنے والا یا کسی بلا میں گرفتار شخص یہ دُرود شریف چار ہزار چار سو چوالیس بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی مراد اور مطلب براری نیت کے مطابق کر دے گا۔

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۱۶۴، ۱۶۵)

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَا مًا تَامًّا عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی بِهِ الْحَوَآئِجُ وَتُنَالُ بِهِ الْغَآئِبُ وَ حُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَیُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَةٍ وَّ نَفَسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

اَلصَّلٰوۃُ الْمُنْجِیَةُ

ہر مہم اور مصیبت کے وقت ایک ہزار بار پڑھا جائے تو مشکل حل ہو جائے اور مراد پوری ہو جائے، یہ دُرود شریف رسول کریم ﷺ نے شیخ صالح موسیٰ ضریر رحمۃ اللہ علیہ کو اس وقت سکھایا جب کہ وہ بحری جہاز میں سوار تھے، جہاز ڈوبنے لگا، تمام لوگ چلانے لگے، شیخ مذکور پر خواب کا غلبہ ہوا رسول کریم ﷺ کی زیارت ہوئی، فرمایا جہاز والوں سے کہو کہ یہ دُرود شریف ہزار بار پڑھیں، کہتے ہیں کہ میری آنکھ کھلی اور میں نے جہاز والوں سے بیان کیا تو جب ہم نے تین سو بار پڑھا تو جہاز چل

پڑا اور جو کوئی پانسو بار پڑھے، ہر قسم کا فائدہ اور غناء حاصل کرے۔

شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یہ دُرود شریف عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے، آدھی رات کو جو کوئی کسی دنیوی یا اُخروی حاجت کے لئے پڑھے، اللہ تعالیٰ پوری کر دے گا، واقعی قبولیت دُعا کے لئے اُچک لے جانے والی بجلی سے بھی زیادہ تیز رفتار، اکسیر اعظم اور بہت بڑا تریاق ہے۔

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۷۶تا۷۸)

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

دُرود تاج

حضرت مولانا قاری شاہ سلیمان پھلواری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب صلوٰۃ وسلام میں لکھا ہے کہ حضرت خواجہ سیّد ابوالحسن شاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دُرود تاج نبی کریم ﷺ کی جناب میں زیارت کے وقت پیش کیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ اس دُرود شریف کے لئے منظوری عطا فرمائیے کہ یہ ایصال ثواب کے وقت ختم میں پڑھا جایا کرے، حضور ﷺ نے منظور فرمالیا، اس دُرود شریف کی یہ فضیلت بہت بڑی ہے، دیگر فضائل اور اس کے پڑھنے کے طریقے مطبوعہ کتابوں میں تحریر ہیں۔

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ
وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ
وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَنْقُوْشٌ
فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ
مُّعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ
الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی کَھْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ
جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ط وَاللّٰہُ
عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ
وَسِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ
مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ
شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَۃِ
الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ
السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ
وَالْمَسَاکِیْنِ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ
وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ
الْمَشْرِقَیْنِ وَالْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَی
الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ نُوْرٍ مِنْ نُّوْرِ اللّٰہِ
یٰاَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

وَسَلِّمُوا تَسْلِيماً.

اَلصَّلٰوةُ الْفَاتِحَةُ

جواہر المعانی مطبوعہ مصر میں اس دُرود شریف کے بہت زیادہ محیر العقول فضائل درج ہیں، عارف تیجانی رحمۃ اللہ علیہ کو حضور نبی کریم ﷺ بوقت زیارت ارشاد فرماتے ہیں، جو اس دُرود شریف کو ایک بار پڑھے اس کو اتنا ثواب مل جائے گا جتنا اس دن دُرود و وظائف پڑھنے والوں کو ملے گا۔

غوث زمانہ حضرت محمد البکری الکبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو مسلمان اس دُرود شریف کو عمر بھر میں ایک بار پڑھ لے گا، اگر بفرض محال وہ دوزخ میں داخل ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کے حضور میں میرا دامن گیر ہو جائے۔

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۱۴۴)

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِىْ اِلٰى صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَصْحَابِهٖ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ.

صَلٰوةُ النُّوْرِ الذَّاتِيِّ

سیّد ابی الحسن شاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مؤلف ''حزب البحر'' و امام طریقہ شاذلیہ علیہ۔

اس دُرود شریف کو ایک بار پڑھا جائے تو ایک لاکھ بار دُرود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آ جائے تو یہ دُرود شریف پانسو بار پڑھا جائے، اللہ کریم بحرمت نبی کریم ﷺ اس کی حاجت پوری کر دیتا ہے اور مشکل حل فرما دیتا ہے۔

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ السَّارِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ.

صَلٰوۃُ السَّعَادَۃِ

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ اس دُرود شریف کو ایک بار پڑھا جائے تو چھ لاکھ بار دُرود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

دُرود شریف یہ ہے :

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ.

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۱۴۹)

صَلٰوۃ کَمَالِیَہ

اس دُرود شریف کو پڑھنے سے ستر ہزار مرتبہ دُرود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

اگر کسی کو نسیان کی بیماری ہو تو وہ نماز مغرب اور عشاء کے درمیان بلا تعداد اس دُرود شریف کو پڑھا کرے، ان شاء اللہ یہ بیماری دُور ہو جائے گی اور حافظہ بڑھ جائے گا۔

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْکَامِلِ وَعَلٰی اٰلِہٖ کَمَا لَا نِہَایَۃَ لِکَمَالِکَ وَعَدَدَ کَمَالِہٖ.

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۱۹۱)

صَلٰوۃُ حَلِّ الْمُشْکِلَاتِ

مفتی دمشق حامد آفندی رحمۃ اللہ علیہ ایک دفعہ سخت مشکلات میں گرفتار ہو گئے، وہاں کا وزیر اُن کا سخت دشمن ہو گیا، وہ رات کو نہایت درجہ کرب و بلا میں تھے کہ آنکھ لگ گئی، نبی کریم ﷺ تشریف

لائے، تسلی دی اور یہ دُرود شریف سکھایا کہ جب تو اس کو پڑھے گا، اللہ کریم تیری مشکل حل کر دے گا

آنکھ کھل گئی، یہ دُرود شریف پڑھا تو مشکل حل ہو گئی۔

اکابرین ملت نے اکثر مشکلات میں اس کو پڑھا ہے، فتاویٰ شامی کے مؤلف علامہ سید ا

عابدین رحمۃ اللہ علیہ کے ثبت میں اس کی باضابطہ سند موجود ہے۔

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۱۵۴)

اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نف

پڑھے، پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد **قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْن** اور دوسری رکعت میں بعد الحمد سو

اخلاص پڑھے، فارغ ہونے پر قبلہ رُو ایسی جگہ بیٹھے جہاں سو جانا ہو اور صدق دل سے توبہ کر

ہوئے ایک ہزار بار **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْم** پڑھے، اس کے بعد دو زانو مؤدبانہ بیٹھ کر یہ تصور باندھ لے

رسول کریم ﷺ کے حضور حاضر ہوں اور عرض کر رہا ہوں، سو بار، دو سو بار، تین سو بار غرضیکہ پڑ

جائے، جب نیند کا غلبہ ہو تو اسی جگہ دائیں کروٹ پر قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے، جب پچھلی را

جاگے تو پھر اسی جگہ مؤدبانہ بیٹھ کر صبح کی نماز تک دُرود شریف پڑھتا رہے، پڑھتے وقت اپنی حاجت

حل مشکلات کا تصور رکھے، ان شاء اللہ تعالیٰ ایک رات میں یا تین راتوں میں مُراد بر آئے گی، آخ

رات جمعہ ہو تو بہتر ہے۔

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّ

قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہ۔

صلوٰۃ قطب الاقطاب سیّد احمد بدوی رضی اللہ عنہ

اس کے فضائل درج ذیل ہیں:

۱۔ انوار کثیرہ حاصل ہوتے ہیں۔

۲۔ بہت سے اسرار منکشف ہو جاتے ہیں۔

۳۔ حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت خواب اور بیداری میں ہو جاتی ہے۔

وظیفہ

۱۔ نماز فجر اور مغرب کے بعد ۳،۳ بار پڑھے، عجیب و غریب اسرار نظر آئیں۔

۲۔ ہر نماز کے بعد سات بار پڑھے۔

۳۔ ایک سو بار پڑھے تو ۳۳ بار دلائل الخیرات کے پڑھنے کا ثواب ملے۔

۴۔ چالیس روز ۱۰۰ بار روزانہ استقامت کے ساتھ پڑھے تو ایسے انوار اور بھلائیاں دیکھے کہ ان کی قدر اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا ہے۔

(علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی، افضل الصلوٰت، طبع بیروت، ص ۵۶، ۸۷)

دُرود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَۃِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِیَّۃِ وَلَمْعَۃِ الْقَبْضَۃِ الرَّحْمَانِیَّۃِ وَاَفْضَلِ الْخَلِیْقَۃِ الْاِنْسَانِیَّۃِ وَاَشْرَفِ الصُّوْرَۃِ الْجِسْمَانِیَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَرَارِ الرَّبَّانِیَّۃِ وَخَزَآئِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَآئِیَّۃِ صَاحِبِ الْقَبْضَۃِ الْاَصْلِیَّۃِ وَالْبَھْجَۃِ السَّنِیَّۃِ وَالرُّتْبَۃِ الْعَلِیَّۃِ مَنِ انْدَرَجَتِ النَّبِیُّوْنَ تَحْتَ لِوَآئِہٖ فَھُمْ مِّنْہُ وَاِلَیْہِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْیَیْتَ اِلٰی یَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَیْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً کَثِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

چند شبہات کا ازالہ

دُرود شریف کے بارے میں بعض کم علم لوگ یہ اعتراض کیا کرتے ہیں کہ نماز میں پڑھے جانے والا دُرود شریف ابراہیمی ہی اصل اور صحیح درود ہے، اس کے علاوہ جتنے بھی درود ہیں وہ سب من گھڑت، خود ساختہ اور بدعت ہیں، ان کا پڑھنا بدعت، ناجائز اور غلط ہے۔

ان لوگوں کا دعویٰ کہاں تک درست ہے یہ تو آئندہ صفحات میں قارئین پر واضح ہو جائے گا،

مگر ہم ان معترضین سے اتنا عرض کریں گے کہ قرآن مجید کی آیت کریمہ ''ان اللہ وملئکۃ یصلون علی النبی یایھا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیماً میں صَلُّوا سے جس صلوٰۃ کا حکم دیا گیا ہے وہ صلوٰۃ مطلق ہے، یہاں عام حکم ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے صرف دُرود پڑھنے کا حکم دیا، اسے کسی ایک صیغہ یا عبارت یا درود ابراہیمی سے مقید نہیں کیا اور نہ ہی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی تاکید کی ہے کہ آپ نے فرمایا ہو کہ خبردار صرف ان الفاظ کے ساتھ مجھ پر درود شریف پڑھو، اگر ان کے علاوہ پڑھو گے تو وہ درود نہیں ہوگا یا وہ قبول نہیں ہوگا۔

جب اللہ تعالیٰ نے درود پڑھنے کے عام حکم کو درود ابراہیمی سے مقید نہیں کیا اور نہ ہی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا فرمایا تو کسی کو کیا اختیار ہے کہ وہ قرآن مجید کے مطلق حکم کو صرف درود شریف ابراہیمی پڑھنے کے ساتھ مقید کرے اور اپنی اس من گھڑت اور بدعتی رائے کو مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کے لئے استعمال کرے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا!

''ان لوگوں کا کیا حال ہے جو کتاب اللہ میں ایسی شرائط لگاتے ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں جو شرط کتاب اللہ میں نہیں ہے وہ باطل ہے اگر چہ وہ سو شرائط بھی ہوں''۔

(مشکوۃ، ص ۲۴۹، مسلم، کتاب العتق، ص ۴۹۴)

قرآن مجید کی آیت کریمہ ان اللہ وملئکۃ یصلون علی النبی یایھا الذین امنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیماً (بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس نبی پر، اے ایمان والو تم ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو) پر غور کریں اس میں فرمایا گیا کہ ''درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو''، کیا نماز کے علاوہ دوسرے عام اوقات میں درود شریف ابراہیمی پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے یا صرف اس کے ایک جز یعنی صرف درود پڑھنے پر عمل ہوتا ہے؟ قرآن کریم کی آیت مبارکہ میں صلوٰۃ کے ساتھ سلام کا بھی حکم ہے اور ''تسلیماً'' فرما کر سلام کہنے پر زیادہ تاکید فرمائی، جب کہ درود شریف ابراہیمی میں سلام کا لفظ نہیں ہے۔

صحیح بات یہ ہے کہ درود ابراہیمی کی فضیلت سے کسی کو انکار نہیں، مگر کیا یہ درود شریف پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کے پورے حکم کی تعمیل ہوتی ہے؟ درود ابراہیمی تو تشہد کا جز اور تکملہ ہے، سلام کہنے کی جو تاکید ہے اس کی تکمیل تشہد (یعنی التحیات) میں حاضر وخطاب کے صیغے (السلام علیک ایھا النبی) سے سلام بھیج کر ہوتی ہے، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے یہی سمجھا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد و تعلیم سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے۔ (ملخصاً)

(علامہ سید محمد حاشم فاضل شمسی، صلوٰۃ وسلام، حصہ دوم، مطبوعہ، ورلڈ فیڈریشن آف اسلامک مشن کراچی ۱۹۸۲ء، ص ۱۸)

حدیث شریف میں ہے کہ جب ان اللہ وملئکۃ آیت نازل ہوئی اور حکم دیا گیا کہ اے ایمان والواس (نبی) پر درود بھیجواور خوب سلام بھیجو تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا (کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بلا شک وشبہ ہم نے آپ کی خدمت میں سلام عرض کرنا جان لیا ہے (یعنی التحیات میں السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ) آپ پر صلوٰۃ یعنی درود شریف کس طرح عرض کریں، تو حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے صرف درود ابراہیمی کی تعلیم دی، سلام کی تعلیم نہیں دی، کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا تھا کہ سلام عرض کرنا تو آپ کے سکھانے سے ہم نے سیکھ لیا ہے جو کہ التحیات میں عرض کردیا کرتے ہیں، آپ صلوٰۃ یعنی درود شریف سکھلا دیجئے۔

(مسلم مع نووی، جلد ا، ص ۱۷۵)

دوسری حدیث میں درود ابراہیمی ارشاد فرمانے کے بعد نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے خود ہی فرمایا "والاسلام کماقد علمتم (اور سلام جیسا کہ تم نے جان لیا ہے)۔

(امام مسلم بن الحجاج القشیری نیشاپوری (متوفی ۲۶۱ھ)، مسلم شریف بحاشیہ امام نووی، جلد ا، ص ۱۷۵)

جولوگ کہا کرتے ہیں کہ صرف دُرود ابراہیمی ہی پڑھنا چاہیئے وہ اس حدیث پر غور کریں کہ دُرود ابراہیمی کے ساتھ ندائیہ کلمات سے سلام عرض کرنا بھی ضروری ہے۔

غیر مقلدین کے امام محدث شوکانی (متوفی ۱۲۵۰ھ) لکھتے ہیں:

"فیفید ذٰلک ان ھذہ الالفاظ المرویۃ مختصۃ بالصلوٰۃ واما خارج الصلوٰۃ فیحصل الامتثال بما یفید قولہ سبحنہٗ وتعالیٰ ان اللہ وملئکۃ یصلون علی النبی یایھا الذین اٰمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما فاذا قال القائل اللھم صل وسلم علی محمد فقد امتثل الامر القرانی"

(محمد بن علی شوکانی یمنی، تحفۃ الذاکرین، مطبوعہ دار الکتب العلمیۃ بیروت، ص ۱۱۱)

ترجمہ۔ اس سے ثابت ہوا کہ یہ روایت کردہ درود ابراہیمی نماز ہی سے خاص ہے

لیکن نماز سے باہر حکم ربانی کی تعمیل اللہ تعالیٰ کے ارشاد ان اللہ وملئکۃ (الایۃ) کے مطابق عمل کرنے سے ہو جائے گی، پس کہنے والے نے کہا اللھم صل وسلم علی محمد (اے اللہ درود وسلام حضرت محمد پر بھیج) تو اس نے قرآن مجید کے حکم پر عمل کیا"۔

مندرجہ بالا احادیث اور شرح سے واضح ہوگیا کہ نماز میں درود ابراہیمی پڑھا جائے اور نما
سے باہر جو درود بھی جائے اس میں سلام کا لفظ ضرور آئے تا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل پوری ہو اور اگ
نماز سے باہر بھی درود شریف ابراہیمی ہی پڑھنا ہو تو اس کے آخر پر السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللّٰ
وبرکاتہٗ پڑھنا چاہیے۔

(مولانا محمد سعید شبلی (متوفی ۱۹۸۲ء)، احسن الکلام فی فضائل الصلوٰۃ والسلام، مطبوعہ مرکزی مجلس رضا لاہور ۱۴۰۰ا
ص ۸،۹ (ملخصا))

اَب دیکھنا یہ ہے کہ التحیات میں پڑھا جانے والا دُرود شریف یعنی درود ابراہیمی کون س
ہے؟ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ مطالعہ کی توفیق عطا فرمائی ہے وہ جانتے ہیں کہ درود ابراہیمی کے الفاظ بھ
ایک جیسے نہیں، ایک حدیث میں تو وہ الفاظ ہیں جو عام طور پر التحیات میں پڑھتے ہیں، اس کے علا
امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی اس حدیث کو ملاحظہ فرمائیے:

"ابو حُمید الساعدی انھم قالوا یارسول اللہ کیف نصلی علیک قال قولو اللھم صل علی محمد وازواجہ وذریتہ کما صلیت علی اٰل ابراھیم وبارک علی محمد وازواجہ وذریتہ کما بارکت علی اٰل ابراھیم انک حمید مجید"۔

(امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، (متوفی ۱۹۴ھ)، صحیح بخاری، (کتاب الدعوات) جلد ثانی، مطبوعہ اصح المطابع کراچی ۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱ء، ص ۹۴۱)

ترجمہ۔ ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ روایت کرتے ہیں کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) ہم آپ پر دُرود کیسے پڑھیں تو ارشاد فرمایا کہ یوں پڑھو اللھم صل علی محمد وازواجہ وذریتہ (آخر تک)

بخاری شریف کی دوسری حدیث:

"عن ابو سعید الخدری قال قلنا یارسول اللہ ھد السلام علیک فقد علمنا فکیف نصلی علیک قال قولوا اللھم صلی علی محمد عبدک ورسولک کما صلیت علی ابراھیم وبارک علی محمد وآل محمد کمابارکت علی ابراھیم وآل ابراھیم".

(امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، (متوفی ۱۹۴ھ)، صحیح بخاری، (کتاب الدعوات) جلد ثانی، مطبوعہ اصح المطابع کراچی ۱۳۸۱ھ/۱۹۶۱ء، ص ۹۴۰)

ان درود شریف کے الفاظ میں اور عام طور پر التحیات میں پڑھے جانے والے دُرود شریف ابراہیمی کے الفاظ میں جوفرق ہے وہ بالکل واضح ہے، اَب اگر کوئی جاہل یہ کہے کہ جناب یہ تو دُرود ابراہیمی نہیں تو اس کو اللہ تعالیٰ ہی ہدایت دے سکتا ہے، سب الفاظ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشادات ہیں، سب بجا ہیں، سب حق ہیں، سب نور ہیں، ان میں سے جس پر بھی عمل کیا جائے درست ہے، کسی ایک پر عمل کرنا اور دوسروں کو بدعت و ناجائز کہنا کسی جاہل کا شیوہ تو ہوسکتا ہے لیکن ایک پڑھے لکھے آدمی کو یہ بات کسی طرح زیب نہیں دیتی۔

اس کے علاوہ احادیث صحیحہ میں درود شریف کے اور بھی صیغے ہیں، ابن ماجہ کی ایک حدیث سماعت فرمائیے:

"عن عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ قال اذا صلیتم علی رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) فاحسنوا لصلوٰۃ علیہ فانکم لاتدرون لعل ذٰلک یعرض علیہ قال فقالوا لہ فعلمنا".

یعنی حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کو کہا کہ جب نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود پڑھو، بڑے خوبصورت انداز سے پڑھا کرو، تم اس حقیقت کو نہیں جانتے تمہارا درود بارگاہ رسالت میں پیش کیا جاتا ہے، حاضرین نے عرض کی کہ آپ ہمیں ایسا درود سکھائیے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ یوں درود شریف پڑھا کرو:

"قال قولوا اللھم جعل صلوٰتک ورحمتک وبرکاتک علی سید المرسلین وامام المتقین وخاتم النبیّن محمد عبدک ورسولک وامام الخیر وقائد الخیر ورسول الرحمۃ اللھم ابعثہ

مقاماً محمود الغبطة به الاولون والاخرون اللهم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراهیم وعلی آل ابراهیم انک حمید مجید اللهم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراهیم وعلی آل ابراهیم انک حمیدٌ مجید"۔

(امام ابوعبداللہ محمد بن یزید قزوینی (متوفی ۲۷۳ھ)، سنن ابن ماجه (عربی) مطبوعہ کتب خانہ میر محمد آرام باغ کراچی، ص ۶۵)

ان پیارے پیارے الفاظ میں جو محبت، ادب اور والہیت جھلک رہی ہے، اس سے اہل ذوق ہی پوری طرح لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

یہاں یہ امر قابل غور ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس درود شریف پر کسی صحابی نے اعتراض نہ کیا کہ یہ من گھڑت درود آپ نے کہاں سے نکالا، آج تک کسی اہل علم حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درود شریف کا انکار نہیں کیا، رہے جہلاء اور خواہ مخواہ اعتراض کرنے والے، تو ان کا فیصلہ اللہ تعالیٰ محشر کے روز خود فرمائے گا۔

ایک ایمان افروز واقعہ بھی سن لیجئے، اس واقعہ کے ناقل ابن قیم جوزی ہیں جو کہ تمام وہابیوں کے امام اور مقتداء ہیں، اسے پڑھ کر آپ کا ایمان تازہ ہو جائے گا اور معترضین کی فضول گوئی آپ پر واضح ہو جائے گی، وہ لکھتے ہیں:

"وقال عبدالله بن الحکم، رأیت الشافعی فی النوم فقلت، مافعل الله بک؟ قال، رحمنی وغفرلی وزفنی الی الجنة کما تزف العروس، ونثر علی کما ینثر علی العروس، فقلت، بم بلغت هذه الحال؟ فقال لی قائل، یقول لک بما فی کتاب الرسالة من الصلوٰة علی النبی صلی الله علیه وسلم قلت، فکیف ذلک؟ قال، وصلی الله علی محمد عدد ماذکره الذاکرون وعدد ماغفل عن ذکره الغافلون، قال، فلماأ صبحت نظرت الی الرسالة فوجدت الامر کما رأیت صلی الله علیه وسلم"۔

(محمد بن ابی بکر المعروف حافظ ابن قیم جوزی (متوفی ۷۵۱ھ)، جلاء الافهام (عربی) مطبوعہ دار الطباعۃ المحمدیہ قاہرہ مصر، ص ۲۴۷)

ترجمہ۔ عبداللہ بن حکم کہتے ہیں کہ میں نے امام شافعی کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیسا سلوک فرمایا، آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم فرمایا، مجھے بخش دیا اور مجھے جنت میں اس طرح لے جایا گیا جس طرح دلہن کو لے جایا کرتے ہیں، مجھ پر (رحمت کے پھول) اس طرح نچھاور کئے گئے جس طرح دلہن پر نچھاور کئے جاتے ہیں، میں نے پوچھا یہ عزت افزائی کس بات کا صلہ ہے تو کہنے والے نے مجھے کہا کہ تو نے اپنی کتاب ''الرسالۃ'' میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو درود کہا ہے، یہ اس کا صلہ ہے، عبداللہ کہتے ہیں میں نے پوچھا اے امام وہ درود شریف کس طرح ہے؟ امام شافعی نے فرمایا وہ درود شریف اس طرح ہے:

''وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَعَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ''

اس واقعہ سے واضح ہوا کہ امام شافعی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی شہرہ آفاق کتاب الرسالہ کے خطبہ میں محبت بھرے الفاظ میں جب اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود لکھا جس کا ذکر صحاح ستہ کی کسی کتاب میں نہیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ عزت افزائی فرمائی، معلوم ہوا کہ دل محبت سے لبریز ہو، روح عشق مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم سے سرشار ہو، الفاظ میں خلوص و نیاز اور اَدب مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کا نور چمک رہا ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے دُرود کو قبول فرماتا ہے۔

(پیر محمد کرم شاہ، مضمون ''نماز جنازہ کا طریقہ''، ماہنامہ ضیائے حرم لاہور، شمارہ نومبر ۱۹۷۳ء، ص ۳۵،۳۶)

معترضین کے اکابر علماء نے درج ذیل درود شریف کو اپنی کتابوں میں ''مسنون درود شریف'' کے عنوان کے تحت درج کیا ہے اور انہیں پڑھنے کی ترغیب دی، قارئین کرام انصاف فرمائیں کہ کیا یہ درود شریف، درود ابراہیمی سے مختلف نہیں؟ اگر یہ مختلف ہیں تو ان کو ناجائز کیوں نہیں کہا جاتا؟ مثلاً:

۱۔ اللھم صل علی محمد کما امرتنا ان نصلی علیہ کما ینبغی ان یصلی علیہ۔

(اشرف علی تھانوی، زاد السعید، مطبوعہ تاج کمپنی لاہور، ص ۱۷

ایضاً۔ محمد زکریا کاندھلوی، فضائل درود شریف، مطبوعہ نعمانی کتب خانہ لاہور، ص ۵۹

ایضاً۔ پروفیسر سید ابوبکر غزنوی، قربت کی راہیں، مطبوعہ مکتبہ غزنویہ شیش محل روڈ لاہور ۱۹۷۷ء، ص ۱۴۹)

۲۔ اللھم صل علی محمد وانزله المقعد المقرب عندک یوم القیامۃ۔

(حافظ ابن قیم جوزی، جلاءء الافھام، مطبوعہ مصر، ص ۴۸

ایضاً۔ اشرف علی تھانوی، زاد السعید، مطبوعہ لاہور، ص ۳۱

ایضاً۔ محمد زکریا کاندھلوی، فضائل درود شریف، مطبوعہ لاہور، ص ۵۲

ایضاً۔ پروفیسر ابوبکر غزنوی، قربت کی راہیں، مطبوعہ لاہور، ص ۱۴۹)

۳۔ اللھم صل علی روح محمد فی الارواح وعلی جسده فی الاجساد وعلی قبره فی القبور۔

(مولوی محمد ابراہیم سیالکوٹی، سراجاً منیرا، مطبوعہ سیالکوٹ ۱۳۸۴/۱۹۶۴ء، ص ۲۹

ایضاً۔ محمد زکریا سہارنپوری، فضائل درود شریف، مطبوعہ لاہور، ص ۵۹، ۱۲۲

ایضاً۔ پروفیسر ابوبکر غزنوی، قربت کی راہیں، مطبوعہ لاہور ۱۹۷۷ء، ص ۱۵۰)

۴۔ جزی اللہ عنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم بما ھو اھلہ۔

(محمد زکریا سہارنپوری، فضائل درود شریف، مطبوعہ نعمانی کتب خانہ اُردو بازار لاہور، ص ۵۱

ایضاً۔ پروفیسر سید ابوبکر غزنوی، قربت کی راہیں، مطبوعہ لاہور، ۱۹۷۷ء، ص ۱۵۱)

وہابی دیوبندی علماء نے یہ جو درود لکھے ہیں کیا یہ درود ابراہیمی ہیں؟ اگر سارے درود صحیح ہیں تو پھر امت میں فساد کیوں برپا کیا جاتا ہے؟ اور سنئے:

مولوی محمد ابراہیم میر سیالکوٹی (غیر مقلد) لکھتے ہیں!

"ایک طریقہ درود شریف پڑھنے کا یہ ہے کہ ہر روز نماز عشاء کے بعد صاف وستھرے لباس سے جو حلال کمائی سے حاصل کیا ہو، ملبوس ہو کر تازہ وضو کر کے اور خوشبو لگا کر خلوت میں ہو کہ شور وشغب سے توجہ میں خلل نہ پڑے، صاف وستھرا مصلےٰ بچھائے اور یہ درود شریف پڑھے:

اللھم صلی علی سیدنا محمد وآلہٖ کماتحب وترضےٰ۔

(مولوی محمد ابراہیم سیالکوٹی، سراجاً منیرا، مطبوعہ سیالکوٹ، ۱۹۶۴ء، ص ۲۸)

(ایضاً۔ مولوی حسین احمد دیوبندی، مکتوبات شیخ الاسلام، ج ۲، ص ۵۴)

٦۔ مولوی اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں کہ درود شریف تنجینا کا بکثرت پڑھنا اور مکان میں لکھ کر چسپاں کرنا تمام امراض وبائیہ، ہیضہ وطاعون وغیرہ سے حفاظت کے لئے مفید اور مجرب ہے اور قلب کو عجیب وغریب اطمینان بخشتا ہے۔ درود شریف تنجینا یہ ہے:

"اللھم صل علی سیدنا محمد صلوٰۃ تُنجینا بھا من جمیع الاھوال والافات وتقضی لنا بھا جمیع الحاجات وتطھرنا بھا من جمیع الاسیّات وترفعنا بھا اعلی الدرجات وتبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیوٰۃ وبعد الممات"۔

(اشرف علی تھانوی، زادالسعید، مطبوعہ تاج کمپنی کراچی، ص ۱۵)

نواب صدیق حسن خاں بھوپالی (غیر مقلد) نے درود شریف تنجینا کے بارے میں لکھا کہ یہ درود شریف حاجات دنیاوی ودینی کے لئے اکسیر اعظم ہے۔

(نواب صدیق حسن خاں بھوپالی، الداء والدوا، مطبوعہ نعمانی کتب خانہ لاہور، ص ۱۶۴)

ان درود شریف کے علاوہ محدثین وفقہاء علیھم الرحمہ نے اپنی کتابوں میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام مبارک کے ساتھ "صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم" کے الفاظ لکھے ہیں حالانکہ یہ الفاظ بھی حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ماثور نہیں ہیں اور نہ ہی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین سے ان الفاظ کا ثبوت ملتا ہے بلکہ یہ درود شریف تو صحابہ کرام کے کئی سو سال بعد لکھا جانے لگا ہے، کیونکہ محدثین جب حدیث شریف میں الفاظ "قال قال رسول اللہ" لکھتے تو آگے درود ابراہیمی لکھنے کے بجائے یہ مختصر درود (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) لکھنے لگے، مگر معترضین نے کبھی بھی یہ نہ کہا کہ یہ درود شریف ناجائز وبدعت ہے، بلکہ اس درود کو اپنی کتابوں میں لکھتے ہیں اور پڑھتے ہیں۔

غیر مقلدین کے امام حافظ ابن قیم جوزی دمشقی (متوفی ۷۵۱ھ) کی ایک کتاب کا نام "جلاء الافھام فی الصلوٰۃ والسلام علی خیر الانام" ہے، اس کتاب کا اردو ترجمہ مشہور غیر مقلد عالم ومؤرخ قاضی محمد سلیمان منصور پوری سابق سیشن جج ریاست پٹیالہ، ہندوستان (متوفی ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۰ء) نے "الصلوٰۃ والسلام علی خیر الانام" کے نام، سے کیا، اس کے علاوہ حال ہی میں مشہور غیر مقلد مولوی عبدالغفور اثری خطیب جامع مسجد اہل حدیث، محلہ واٹرورکس سیالکوٹ نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام "احسن الکلام فی الصلوٰۃ

والسلام علی النبی خیر الانام "ہے، ان تینوں صاحبان اپنی اپنی کتاب کا نام رکھ کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ دُرود ابراہیمی کے علاوہ درود وسلام کے اور صیغے بھی استعمال ہو سکتے ہیں، چاہے حدیث میں انہی لفظوں کے ساتھ ان کا ثبوت نہ ہو، کیونکہ "الصلوٰۃ و السلام علی النبی خیر الانام" بھی تو درود ہے۔

ایک اعتراض یہ بھی کیا جاتا ہے کہ یہ جو درود "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ" پڑھا جاتا ہے، یہ تو گھڑا ہوا خود ساختہ درود ہے، پاکستان کے علاوہ کسی اور ملک میں نہیں پڑھا جاتا۔

اس جاہلانہ اعتراض کے بارے میں عرض ہے کہ جب "الصلوٰۃ والسلام علی خیر الانام" یا "الصلوٰۃ والسلام علی النبی خیر الانام" لکھنا اور پڑھنا جائز ہے تو اسی طرح "علیک" کے ساتھ "الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ" بھی بدعت و ناجائز نہیں ہو سکتا، کیونکہ اگر ابن قیم، قاضی سلیمان منصور پوری اور مولوی عبدالغفور اثری کا لکھا ہوا دُرود ناجائز نہیں تو الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ بھی ناجائز نہیں، ورنہ ان دونوں میں فرق بتایا جائے، رہا یہ شبہ کہ "علیک" ضمیر خطاب کا صیغہ ہے تو چونکہ "علیک" بلفظہٖ نماز میں استعمال ہوتا ہے، لہذا جس طرح نماز میں اس کا استعمال ممنوع نہیں تو اسی طرح بیرون نماز بھی اس کا استعمال ممنوع نہیں ہو سکتا، ورنہ وجہ فرق بتایا جائے، نیز جس طرح نماز میں ایھا النبی نداء کے ساتھ پڑھا جاتا ہے، اسی طرح بیرون نماز بھی نداء کے ساتھ یارسول اللہ پڑھنا شرک و ممنوع نہیں ہو سکتا، کیونکہ جو معنی و مفہوم ایھا النبی کا ہے وہی مفہوم یا رسول اللہ کا ہے، جو لوگ کہتے ہیں کہ بس نماز والا ہی درود پڑھنا چاہیئے وہ یہ کیوں نہیں کہتے کہ نماز والا اسلام بھی پڑھنا چاہیئے یعنی السلام علیک ایھا النبی ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

یہاں یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ حرف نداء یا کے ساتھ درود شریف تو تب پڑھا جائے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دُور سے سماعت فرماتے ہوں۔

اس بارے میں غیر مقلدین کے امام ابن قیم جوزی نے ایک حدیث نقل کی ہے:

علامہ سیدی احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں!

"قال الطبرانی: حدثنا یحییٰ بن ایوب العلاف حدثنا سعید بن ابی مریم عن خالد بن زید عن سعید بن ابی ھلال عن ابی الدرداء قال:

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اكثروا الصلاة على يوم الجمعة فانه يوم مشهود تشهده الملائكة، ليس من عبد يصلى الابلغنى صوته حيث كان، قلنا: وبعد وفاتک؟ قال: وبعد وفاتى، ان الله حرم الارض ان تاكل اجساد الانبياء".

ذكره الحافظ المنذرى فى الترغيب، وقال رواه ابن ماجه باسناد جيد

(محمد بن ابی بکر المعروف ابن قیم جوزی، جلاء الافہام (عربی)، مطبوعہ دار الطباعۃ محمدیہ بالازہر قاہرہ (مصر) ۱۳۹۲ھ، ص ۶۳)

(امام احمد بن حجر الہیتمی المکی (متوفی ۹۷۴ھ)، الجواهر المنظم فى زيارة القبر الشريف النبوى المكرم المعظم، (متوفی ۹۷۴ھ)، مطبوعہ بالمطبعۃ الخیریہ (مصر) ۱۳۳۱ھ، ص ۲۱)

ترجمہ۔ طبرانی نے بسند مذکور کہا، حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جمعہ کے دن مجھ پر زیادہ درود پڑھا کرو، اس لئے کہ وہ یوم مشہود ہے، اُس دن فرشتے حاضر ہوتے ہیں کوئی بندہ (کسی جگہ سے) مجھ پر دُرود نہیں پڑھتا مگر اس کی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے وہ جہاں بھی ہو، حضرت ابودرداء فرماتے ہیں ہم (صحابہ) نے عرض کیا حضور آپ کی وفات کے بعد بھی؟ فرمایا ہاں میری وفات کے بعد بھی، بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کردیا ہے کہ وہ انبیاء کے جسموں کو کھائے۔

اس حدیث کو حافظ منذری نے ترغیب میں ذکر کیا اور کہا کہ ابن ماجہ نے اسے بسند جید روایت کیا۔

یہاں یہ شبہ نہ کیا جائے کہ سُنن ابن ماجہ میں یہ حدیث نہیں ہے پھر حافظ منذری کا رواہ ابن ماجہ بسند جید کہنا کیونکر صحیح ہوسکتا ہے؟ اس لئے کہ حافظ منذری نے رواہ ابن ماجہ کہا ہے "فی سُننہٖ" نہیں کہا، مرویات ابن ماجہ سُنن ابن ماجہ میں منحصر نہیں بلکہ تفسیر و تاریخ بھی ان کی تصانیف ہیں۔

(ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ جولائی اگست ۱۹۶۲ء، (حیات النبی نمبر)، ص ۴۶)

غیر مقلدین کے امام حافظ ابن قیم کی اس نقل کردہ حدیث سے ثابت ہوا کہ کہ درود شریف پڑھنے والا جہاں بھی ہو اس کی آواز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سماعت فرماتے ہیں۔

مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنی کتاب ''بوادر النوادر'' جلد اوّل، مطبوعہ ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور، صفحہ ۲۰۵ پر اس حدیث کی سند اور متن دونوں پر کلام کیا ہے، ضیغم اسلام علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (متوفی ۱۹۸۶ء) نے اعتراضات کا مفصل، مدلل، علمی اور تحقیقی جواب اپنی تصنیف ''حیات النبی ﷺ'' میں دے دیا ہے۔

رہا یہ اعتراض کہ یہ گھڑا ہوا خود ساختہ درود ہے، تو سنئے!

مولوی اشرف علی تھانوی (متوفی ۱۹۴۳ء) نے ایک دن کہا، ''جی چاہتا ہے کہ آج درود شریف زیادہ پڑھوں وہ بھی ان الفاظ سے کہ **الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ**''۔

(ظفر احمد تھانوی، حاشیہ، شکر النعمہ بذکر الرحمۃ الرحمہ، مطبوعہ مکتبہ تھانوی دفتر الابقاء کراچی، ص ۱۸)

مولوی حسین احمد دیوبندی ''**الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ**'' کے بارے میں لکھتے ہیں!

''ہمارے مقدس بزرگان دین اس صورت اور جملہ صورت درود شریف کو اگرچہ بصیغۂ خطاب ونداء کیوں نہ ہوں مستحب و مستحسن جانتے ہیں اور اپنے متعلقین کو اس کا امر کرتے ہیں''۔

(حسین احمد دیوبندی، الشہاب الثاقب، مطبوعہ انجمن ارشاد المسلمین لاہور ۱۹۷۹ء، ص ۲۴۴)

سجاد بخاری دیوبندی، مدیر ماہنامہ تعلیم القرآن، راولپنڈی نے بھی ''**الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ**'' کو درود شریف تسلیم کیا ہے۔

(ماہنامہ تعلیم القرآن، راولپنڈی، شمارہ ستمبر ۱۹۶۰ء، ص ۳۶)

حافظ صلاح الدین یوسف غیر مقلد نے بھی ''**الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ**'' کو دُرود شریف تسلیم کیا ہے۔

(قبر پرستی ایک حقیقت پسندانہ جائزہ: مطبوعہ مکتبہ ضیاء الحدیث، لاہور، طبع سوم ۱۹۹۲ء، ص ۱۸۶)

مولوی محمد زکریا سہارنپوری سابق امیر تبلیغی جماعت نے ''**الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ**'' کو درود شریف ہی کہا ہے۔

(محمد زکریا سہارنپوری، فضائل درود، مطبوعہ نعمانی کتب خانہ اُردو بازار لاہور، ص ۲۸)

ان کے علاوہ علماء دیوبند کے پیرو مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمہ (متوفی ۱۸۹۹ء) نے بھی **الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ** کو درود شریف کہا۔

(حاجی امداد اللہ مہاجر مکی، ضیاء القلوب (کلیات امدادیہ) مطبوعہ دار الاشاعت کراچی ۱۹۷۶ء، ص ۱۵، ۱۶)

حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ان کی حقیقت کو جانتا ہے نہ ان کی تعریف کر سکتا ہے، اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حقیقت میں جیسے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، جیسا کہ خدا تعالیٰ کو ان کی طرح کوئی نہیں پہچانتا۔ انتہیٰ"

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے اس بیان سے واضح ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں جو کمالات اور خوبیاں بیان کی جائیں وہ سب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مرتبہ سے قاصر ہیں اور کسی قسم کے اطراء و مبالغہ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعریف میں راہ نہیں ملتی بجز اثبات الوہیت کے، اور یہ امر ظاہر ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو روحانی طور پر حاضر ناظر سمجھنا، باابتداء آفرینشِ خلق سے دخول جنت و نار تک جمیع ما کان و ما یکون کے علم کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عالم ماننا، نیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نور کہنا، اسی طرح خزائن الٰہیہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ کرم میں بعطاء الٰہی تسلیم کرنا، علیٰ ہذا القیاس جس قدر صفات اور کمالات تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اہل سنت قرآن وحدیث کی روشنی میں ثابت مانتے ہیں، ان میں سے کوئی وصف بھی صفت الوہیت نہیں، (کیونکہ عطائی وصف الوہیت نہیں ہو سکتے) لہٰذا کمالات مذکورہ کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مدح و ثنا کو معاذ اللہ اطراء اور مبالغہ کہنا دروغِ بے فروغ ہے، علامہ امام شرف الدین بوصیری رحمتہ اللہ علیہ نے قصیدہ بُردہ میں کیا خوب کہا ہے

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارٰى فِىْ نَبِيِّهِمْ

وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحاً فِيْهِ وَاحْتَكِمْ

ترجمہ۔ "چھوڑ دے اس چیز کو (یعنی الوہیت کو) جس کا دعویٰ کیا تھا نصاریٰ نے اپنے نبی حجرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں اور حکم کر ہر اُس چیز کے ساتھ جو تو چاہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح و ثنا میں اور اس پر اچھی طرح پختہ اور مظبوط رہ"۔ (ملخصاً)

(ماہنامہ السعید، ملتان، شمارہ ستمبر ۱۹۶۲ء، ص ۸، ۹)

قاضی محمد زاہد الحسینی دیوبندی لکھتے ہیں!

"دُرود شریف اس محبت ایمانی اور روحانی عقیدت کا اظہار ہے جو ایک خوش بخت مسلمان سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پیش کرتا ہے، اس لئے جن کلمات میں

رہا یہ سوال کہ یہ درود شریف پاکستان کے علاوہ بھی کہیں اور پڑھا جاتا ہے یا نہیں تو سنئے!

نامور مورّخ و ادیب نسیم حجازی اپنے سفر نامہ حج میں ترکی کے سفر کا حال لکھتے ہیں:

"کوئی گیارہ بجے کے قریب ہم نے قونیہ کا رُخ کیا...... ڈرائیور کے ساتھ ایک اور نوجوان تھا، جو ٹوٹی پھوٹی انگریزی میں بات کر سکتا تھا، جمعہ کا دن تھا اور ہم نے اپنے گائیڈ کو روانہ ہوتے وقت ہی بتا دیا تھا کہ ہم راستے کی کسی مسجد میں جمعہ کی نماز کے لئے رُکنا چاہتے ہیں، انقرہ سے قونیہ کا فاصلہ قریباً ڈیڑھ سو میل تھا اور ہمارا ڈرائیور شہر کے مضافات سے نکلنے کے بعد تقریباً ستر میل فی گھنٹہ کے حساب سے کار چلا رہا تھا اس کار میں ڈرائیور کے سامنے ایک چھوٹی سی تختی لٹک رہی تھی جس پر "الرزق علی اللہ" کے الفاظ کندہ تھے، کوئی آدھ یا پون گھنٹہ کے بعد سڑک کے کنارے ایک چھوٹی سی بستی کی مسجد کے قریب کار رُکی اور ہم اُتر پڑے، ترک کسانوں کی اس بستی کی سب سے خوبصورت عمارت یہ مسجد تھی، میں نے وضو کے لئے کوٹ اُتارا تو ایک دیہاتی نے پانی کا کوزہ بھر کر میرے سامنے رکھ دیا، وضو سے فارغ ہو کر اُٹھا تو اس نے ایک صاف تولیہ پیش کر دیا۔

مسجد کے اندر قالین بچھے ہوئے تھے جنہیں دیکھ کر یہ محسوس ہوتا تھا کہ ان لوگوں کی کمائی کا بیشتر حصہ اپنے گھروں کی بجائے خدا کے گھر کی آرائش پر صرف ہوتا ہے، مسجد نمازیوں سے بھری ہوئی تھی، بستی کے مکانات کی تعداد دیکھنے کے بعد یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہاں ہر آدمی نماز پڑھتا ہے، جماعت میں ابھی کچھ دیر تھی اور خطیب صاحب ایک کتاب سے فارسی کے کسی شاعر کا نعتیہ کلام پڑھ رہے تھے، وہ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد نمازیوں کو دُرود و سلام پڑھانا شروع کر دیتے، الفاظ وہی تھے جن سے ہر پاکستانی کے کان آشنا ہیں "الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وسلم علیک یا حبیب اللہ" کچھ دیر بعد منبر پر کھڑے ہو کر خطیب نے عربی زبان میں خطبہ پڑھا اور اس کے بعد جماعت کھڑی ہو گئی، ہم نماز سے فارغ ہو کر باہر نکلے تو تمام نمازیوں کو قند کی ڈلیوں کا ایک ایک لفافہ اور گلاب کے عرق کا ایک ایک گھونٹ تقسیم کیا گیا، جب نمازی باری باری دروازے کے قریب پہنچتے تھے تو ایک شخص گلاب پاش سے عرق کے چند قطرے ان کی ہتھیلی پر ڈال دیتا تھا اور وہ اسے پی لیتے تھے، دوسرا شخص قند کی ڈلیوں سے

بھرے ہوئے چھوٹے چھوٹے لفافے ان کو تقسیم کرتا جاتا تھا، مجھے معلوم ہوا کہ ہر جمعہ کی نماز کے بعد اسی طرح گلاب کا عرق اور قند تقسیم کی جاتی ہے"۔

(نسیم حجازی، پاکستان سے دیار حرم تک، مطبوعہ قومی کتب خانہ فیروز پور روڈ لاہور، ص ۹، تا ۱۱ ۵)

قاضی محمد زاہد الحسینی (اٹک، پاکستان) خلیفہ مجاز مولوی حسین احمد دیوبندی لکھتے ہیں کہ علامہ عبدالحمید خطیب پاکستان میں سعودی عرب کے پہلے سفیر تھے، پاکستان آنے سے پہلے مکہ مکرمہ میں شیخ الحرم تھے اور حکومت سعودیہ کی مجلس شوریٰ کے رکن بھی تھے، قرآن کریم کی مختصر تفسیر بنام "تفسیر الخطیب" "سیرت نبوی پر "تائیة الخطیب" "اور" اسمی الرسلات" نامی کتابیں لکھیں، اس کے علاوہ سلطان عبدالعزیز بن سعود کی سوانح حیات "الامام العادل" کے نام سے دو جلدوں میں لکھی، پاکستان سے سبکدوش ہونے کے بعد دمشق چلے گئے اور وہیں ۱۳۸۱ھ میں انتقال کیا، یہ اپنی کتاب "اسمی الرسلات" میں لکھتے ہیں:

"میں مسجد حرام میں مدرس تھا تو مجھ سے ملک شام کے ایک حاجی نے آکر شکایت کی کہ میں بیت اللہ شریف کے مطاف میں الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کہہ رہا تھا کہ ایک عالم نے جو اپنے آپ کو نجدی ظاہر کرتا ہے مجھے روک دیا، میں نے شیخ ابن مانع اور شیخ عبدالظاہر امام مسجد حرام سے پوچھا تو ان دونوں نے فرمایا کہ اس کے پڑھنے میں کوئی حرج نہیں مگر جس نے روکا ہے وہ ان (دونوں شیوخ) کو بھی بُرا بھلا کہہ رہا ہے، (لہذا) یہ بات اور اس قسم کی دوسری باتیں لوگوں کی نظر میں وہابیہ نجدیہ کی حقارت کا باعث بنی ہوئی ہیں، کیا واقعی علمائے نجدیہ وہابیہ کا یہ عقیدہ ہے کہ الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ کہنا حرام ہے؟ تو میں نے اس کا جواب دیا کہ تمام اسلاف وہابیہ اس صلوٰۃ وسلام کو جائز قرار دیتے ہیں، بعض لوگ خواہ مخواہ اپنے غلط عقائد کو وہابیہ کے ساتھ خلط سلط کر کے وہابیہ کو بدنام کر رہے ہیں"۔

(قاضی محمد زاہد الحسینی، تذکرۃ المفسرین، مطبوعہ اٹک ۱۴۰۱ھ، ص ۲۰۵، ۲۰۳)

آج بھی مدینہ منورہ میں روضہ مقدسہ کے سامنے یہی درود شریف پڑھا جاتا ہے، دوسرے عرب ممالک عراق، شام، مصر اور لیبیا وغیرہ میں اذان کے بعد یہی درود شریف پڑھا جاتا ہے جو یقین نہیں کرتا وہ اپنے کسی عزیز سے جو وہاں رہتا ہو تصدیق کر لے۔

ایک سوال کا جواب

کیا درود شریف میں مزید کلمات کا اضافہ کیا جاسکتا ہے؟ یعنی ایسے کلمات کا اضافہ کرنا جس سے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت وشان ظاہر ہوتی ہو۔

اس کے جواب میں عرض ہے کہ فقہاء کرام نے نماز کے درود میں لفظ ''سیّدنا'' کی زیادتی کو مستحب اور افضل قرار دیا ہے، صاحب درمختار نے فرمایا ''وندب السیادۃ لان زیادۃ الاخبار الواقع عین السلوک والادب فھو افضل من ترکہ'' (یعنی نماز میں دُرود شریف میں) ''سیّدنا'' کا لفظ کہنا مستحب ہے، کیونکہ اخبار واقعی کا زیادہ کرنا عین ادب کی راہ چلنا ہے، لہذا اس کا پڑھنا اس کے چھوڑنے سے افضل ہے اور فتاویٰ شامی میں ہے:

''والافضل الایتان بلفظ السیادۃ کما قالہ ابن ظھیرۃ وصرح بہ افتی الشارح لان فیہ الایتان بما امرنا بہ وزیادۃ الاخبار بالواقع الذی ھو ادب فھو افضل من ترکہ''۔ (فتاویٰ شامی، جلد اوّل، ص ۴۷۹)

یعنی لفظ ''سیّدنا'' لانا افضل ہے (نماز کے دُرود شریف میں، اللھم صلی علی سیدنا محمد کہنا افضل ہے)، جیسا کہ ابن ظہیرہ نے کہا اور فقہاء کی ایک جماعت نے اس کی تصریح کی اور اسی کے مطابق شارح (صاحب درمختار) نے بھی فتویٰ دیا، کیونکہ اس میں اس چیز کا لانا ہے جس کا ہمیں حکم دیا گیا ہے (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر) اور زیادۃِ اخبار ہے اُس واقع کی جو عین ادب ہے، لہذا اس کا کہنا افضل ہے اس کے ترک سے۔

(علامہ سیّد احمد سعید کاظمی، الصلوٰۃ والسلام علی سید الانام، مطبوعہ ادارہ تحفظ دین ملتان، ص ۱۹)

مولوی محمد زکریا سہارنپوری سابق امیر تبلیغی جماعت لکھتے ہیں:

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کے ساتھ شروع میں ''سیّدنا'' کا لفظ بڑھا دینا مستحب ہے، درمختار میں لکھا ہے کہ سیّدنا کا بڑھا دینا مستحب اس لئے کہ ایسی چیز کی زیادتی جو واقعہ میں ہو، عین ادب ہے، جیسا کہ رملی شافعی وغیرہ نے کہا ہے۔

(محمد زکریا سہارنپوری، فضائل درود شریف، مطبوعہ نعمانی کتب خانہ لاہور، ص ۹۰)

پروفیسر ابوبکر غزنوی (غیر مقلد) لکھتے ہیں:

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی ''علی سید المرسلین'' کہنے کی تلقین فرما رہے ہیں (ابن ماجہ) تو پھر ''اللھم صلی علی سیدنا محمد'' کہنے پر معترض ہونے کی گنجائش کہاں باقی رہی (اور) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مولانا کہنے میں کچھ قباحت نہیں بلکہ عین

حُسن ادب ہے''۔

(پروفیسر ابو بکر غزنوی، قربت کی راہیں، مطبوعہ مکتبہ غزنویہ شیش محل روڈ لاہور ۱۹۷۷ء، ص ۱۲۳،۱۲۴)

مولوی حافظ عبدالرحمٰن ابن مفتی محمد حسن امرتسری دیوبندی مہتمم جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور راوی ہیں کہ :

''میرے والد صاحب نے ایک موقعہ پر مجھے یہ واقعہ سنایا کہ ایک دن مولانا داؤد غزنوی (غیر مقلد) آئے اور کہنے لگے کہ میں درود شریف پڑھتا ہوں تو اس کی عظمت بڑھانے کے لئے کچھ اور کلمات اس میں شامل کر لیتا ہوں سوچتا ہوں کہ یہ بے ادبی یا سنت کی خلاف ورزی تو نہیں؟ یہ بات ہو رہی تھی کہ اچانک مولانا محمد ادریس کاندھلوی تشریف لے آئے، مفتی صاحب نے انہیں مخاطب کر کے کہا آیئے مولانا اس وقت آپ کی ضرورت پڑ گئی پھر انہیں مولانا داؤد غزنوی کا سوال سنایا، مولانا ادریس صاحب نے نے کہا اس میں کوئی اشکال نہیں اور قرآن کی اس آیت سے استنباط فرمایا کہ یاایها الذین امنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما، اس میں صلّو اور سلّمو کے صیغے مطلق ہیں، اس اطلاق میں یہ خاص شکل بھی شامل ہے، مفتی صاحب نے یہ بات سنی تو فرمایا جزاک اللہ آپ نے خوب جواب دیا''۔

(پروفیسر ابو بکر غزنوی، سوانح عمری حضرت مولانا ابوداؤد غزنوی، مطبوعہ مکتبہ غزنویہ، لاہور ۱۹۷۴ء، ص ۱۹۵)

عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی لکھتے ہیں:

''ایک مرتبہ مولانا ولایت حسین صاحب نے (مولوی رشید احمد گنگوہی سے) دریافت کیا کہ نماز میں درود شریف کے اندر لفظ ''سیدنا'' ملانا چاہیئے یا نہیں؟ حضرت نے فرمایا کہ ہاں، مولوی صاحب نے عرض کی! کسی روایت میں لفظ سیدنا پایا نہیں گیا، حضرت امام ربانی نے فرمایا! اگرچہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لفظ سیدنا نہ فرمایا مگر ہمیں یہی لائق ہے کہ ملائیں''۔

(عاشق الٰہی میرٹھی، تذکرۃ الرشید، جلد ۲ مطبوعہ ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور، ص ۲۹۱)

ایک شبہ کا ازالہ

یہاں ایک شبہ پیدا ہو سکتا ہے کہ آپ تو کہتے ہیں کہ درود شریف میں ایسے کلمات کا اضافہ کرنا جائز ہے جن سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت وشان ظاہر ہوتی ہو، لیکن حدیث

سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان بیان کرنے میں مبالغہ کرنا جائز نہیں:

''حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے نہ بڑھاؤ جیسے نصاریٰ نے عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کو بڑھایا، میں اللہ تعالیٰ کا صرف عبد ہوں، لہذا تم مجھے ''عبداللہ ورسولہ'' کہو''۔

حضرت علامہ سیدی احمد سعید کاظمی رحمتہ اللہ علیہ اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں!

''یہ حدیث صحیحین (بخاری ومسلم) کی متفق علیہ ہے، رسول اکرم سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث شریف میں یہ ارشاد فرمایا کہ مجھے الوہیت اور معبودیت کے درجہ تک نہ بڑھاؤ، جیسا کہ عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا کہہ کر انہیں اِلٰہ اور معبود بنایا اور مقامِ عبدیت ورسالت سے بڑھا کر معبودیت اور الوہیت تک پہنچادیا۔

جو لوگ اس حدیث کو پڑھ کر رسول اکرم سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان رسالت اور کمال عبدیت بیان کرنے سے روکتے ہیں انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ شان رسالت اور کمال عبدیت کے مقام ومرتبہ میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں مبالغہ ممکن نہیں، اس لئے کہ عبدیت ورسالت کا کوئی کمال ایسا نہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا نہ فرمادیا ہو، نیز یہ کہ اس مقام عبدیت ورسالت میں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کوئی حد نہیں نہ اس میں زیادتی اور مبالغہ متصور ہے، البتہ الوھیت اور معبودیت کی صفت اگر کوئی شخص معاذ اللہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت کرے تو یقیناً اس نے مبالغہ کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حد سے بڑھایا، لیکن کسی مسلمان کے حق میں یہ گمان کرنا کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو الوہیت اور معبودیت کے درجہ تک پہنچایا ہے، بڑا جرم اور گناہِ عظیم ہے، کوئی مسلمان جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اپنی زبان سے پڑھتا ہو اور دل سے اس کا یقین رکھتا ہو اس کے حق میں ان کا گمان شدید قسم کی سوءظنی ہے، جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''ان بعض الظن اثم'' یعنی بعض ظن گناہ ہوتے ہیں، مختصر یہ کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس بیان کرنے میں مبالغہ ممکن نہیں بجز اس کے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے الوہیت ثابت کی

جائے اور اس حدیث میں خود اس کی تصریح موجود ہے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا لاتطرونی کما اطرت النصاریٰ (الحدیث) یعنی مجھے ایسا نہ بڑھاؤ جیسا نصاریٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو بڑھایا۔

ظاہر ہے کہ نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اِلٰہ مانا تھا جیسا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "واذ قال اللہ یعیسیٰ أأنت قلت للناس اتخذونی وامی الٰھین من دون اللہ"، ثابت ہوا کہ حدیث مبارک میں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ثابت ہوا کہ حدیث مبارک میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اِلٰہ ماننے کی نہی وارد ہے، یہ نہیں کہ ماسوائے الوہیت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان تسلیم کرنے سے منع کیا گیا ہو، حاشا وکلّا ایسا ہرگز نہیں، بلکہ ہر وہ خوبی اور کمال جو الوہیت کے ماسویٰ ہے وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت و متحقق ہے۔

حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کی شرح کرتے ہوئے اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں!

(فارسی سے ترجمہ)

"(پس مجھے خدا کا بندہ اور اس کا رسول کہو) مقام "عبدیت" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام خاص اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صفت مخصوصہ ہے، اس لئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے عبد حقیقی ہیں اور اس وصف عبدیت میں سب سے زیادہ اتم واکمل اور ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال مدح اور علوِ مقام اسی صفتِ عبدیت کی طرف اسناد کرنے میں ہے، حد سے بڑھانا اور مبالغہ کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح شریف میں راہ نہیں پاتا، جس صفتِ کمال کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اثبات کریں اور جس کمال وخوبی کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کریں وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ سے قاصر ہے، بجز اثبات صفتِ الوہیت کے کہ وہ درست نہیں۔

(ترجمہ شعر)۔ "یعنی امر شرع اور دین کو محفوظ رکھنے کے لئے انہیں خدا نہ کہو، اس کے علاوہ جو صفت چاہو حضور صلی

اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدح میں بیان کرو"۔

نثر یا نظم کی طرز پر پیش کرے جائز اور درست ہے...... چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور فداک ابی وامی اور فداک روحی جیسے عشق و محبت میں ڈوبے ہوئے کلمات سے اپنی تسکین قلبی کا کچھ سامان مہیا کیا......
اس لئے محبت ایمانی اور عقیدت روحانی کی بنا پر بہترین پیرایہ اختیار کرے، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر بہترین طرز اور اچھے پیرائے میں درود بھیجو (جواہر البحار، جلد ۳، صفحہ ۸۳)...... چنانچہ عشاق اور خدام مقدور بھر جس انداز اور طرز اور کلمہ کو تلاش کر سکے اسے بیان کرنے کا شرف حاصل کیا...... درود وسلام کے کئی کلمات ہزاروں کی تعداد میں امت نے تالیف کیے، بعض ایسے بھی ہیں جن کی پسندیدگی کی سند حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں عطا فرمائی"۔

(قاضی محمد زاہد الحسینی، رحمت کائنات، مطبوعہ اٹک، ۱۹۸۴ء، ص ۲۱۹، ۲۲۰)

ابوالاعلیٰ مودودی لکھتے ہیں!

"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر صرف درود سلام جائز ہی نہیں بلکہ بہت بڑے ثواب کا کام ہے، یہ درود وسلام عربی میں بھی ہو سکتا ہے اور نعتیہ نظم ونثر میں کسی دوسری زبان میں بھی ہو سکتا ہے"۔

(ابوالاعلیٰ مودودی، درود وسلام، مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن (پرائیویٹ) لمیٹڈ اُردو بازار لاہور ۱۹۸۹ء، ص ۱۴)

ان عبارات سے ثابت ہوگیا کہ درود شریف کے تمام مجموعے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عشاق نے ترتیب دیئے ہیں، وہ دنیا کی کسی زبان میں ہوں، نظم میں ہوں یا نثر میں ہوں مثلاً دلائل الخیرات شریف، دُرود تاج، دُرود لکھی، درود مستغاث وغیرہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اور یہ جائز ہیں اگر کوئی جاہل ان کے پڑھنے سے روکتا ہے تو اُسے اللہ تعالیٰ ہی ہدایت دے سکتا ہے۔

محمد اقبال کیلانی غیر مقلد، جامعہ ملک سعود، ریاض (سعودی عرب) اپنی کتاب "درود شریف کے مسائل" میں "مسئلہ نمبر ۲۴" کے تحت لکھتے ہیں!

"درود تنجینا، درود ماہی، درود مقدس، درود تاج، درود لکھی اور درود اکبر (چاروں حصوں) کے الفاظ غیر مسنون ہیں"۔

(محمد اقبال کیلانی، درود شریف کے مسائل، مطبوعہ حدیث پبلی کیشنز لاہور ۱۹۹۴ء، ص ۴۳)

مولوی ثناء اللہ امرتسری غیر مقلد درود تاج، درود لکھی اور دلائل الخیرات کے بارے میں لکھتے ہیں!

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلیم کردہ درود وہ ہے جو التحیات میں پڑھا جاتا ہے اس کے سوا باقی سب لوگوں کے بنائے ہوئے ہیں، جن کی پابندی کرنے کا حکم نہیں"۔

(فتاوئ ثنائیہ، جلد اول، مطبوعہ ادارہ ترجمان السنۃ، ۷، ایبک روڈ لاہور، ص ۳۶۵)

غیر مقلدین وہابی علماء نے درود ابراہیمی کے علاوہ تمام درودوں کو غیر مسنون، غیر ماثور اور بناوٹی کہا ہے، اب دیکھنا یہ کہ غیر مقلدین علماء درود ابراہیمی کے علاوہ کسی دوسرے غیر مسنون، غیر ماثور اور بناوٹی درود کو بھی لکھنا پڑھنا جائز سمجھتے ہیں یا نہیں؟ اگر جائز سمجھتے ہیں تو ان کا اعتراض فضول ہے۔

تو عرض ہے کہ محمد اقبال کیلانی غیر مقلد نے اپنی کتاب "درود شریف کے مسائل" کے جس صفحہ پر درود تاج اور دیگر درودوں کے متعلق لکھا ہے کہ یہ غیر مسنون ہیں، کیلانی صاحب نے اسی صفحہ پر دس مرتبہ درود شریف " صلی اللہ علیہ وسلم " لکھا ہے۔

مولوی ثناء اللہ امرتسری غیر مقلد نے اپنے اسی فتوئ کے شروع میں لکھا" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم"۔

فتاوئ ثنائیہ کے محشی، مولوی شرف الدین دہلوی غیر مقلد، میں لکھتے ہیں!

"درود شریف بہتر وہی ہے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے، مختصر پڑھنا ہو تو" صلی اللہ علیہ وسلم "پڑھ لیا جائے"۔

(فتاوئ ثنائیہ، جلد اول، مطبوعہ ادارہ ترجمان السنۃ، ۷، ایبک روڈ لاہور، ص ۲۲۱)

تمام دنیا کے غیر مقلدین کو چیلنج ہے کہ انہوں نے جو درود شریف "صلی اللہ علیہ وسلم" کو پڑھنا جائز لکھا ہے، وہ اس درود کو مسنون، ماثور اور غیر بناوٹی ثابت کریں، یہ چیلنج قیامت تک ہے، کیا یہ درود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اُمت کو تعلیم فرمایا؟ کیا یہ درود صحابہ کرام نے پڑھا ہے؟ اگر نہیں پڑھا تو کیا یہ درود غیر مسنون اور بناوٹی درود کے زمرے میں نہیں آتا؟، اس درود شریف کو پڑھتے ہوئے انہیں غیر مسنون، غیر ماثور اور بناوٹی کے الفاظ یاد نہیں آتے، آج تو دھاندلی چل جائے گی مگر روز قیامت اس کا جواب ضرور دینا پڑے گا۔

بعض لوگ کہہ دیتے ہیں کہ دُرود تاج شریف میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے

"دافع البلاء" کے الفاظ ہیں، دافع البلاء تو اللہ تعالیٰ ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ایسے الفاظ نہیں ہونے چاہئیں جو اللہ تعالیٰ کے لئے ہوں۔

ان جہلاء کی بے عقلی کے مطابق تو قرآن کریم کی درج ذیل آیات کو بھی قرآن سے نکال دینا چاہئے کیونکہ ان سے بھی شرک کا شبہ پڑتا ہے، دیکھئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا!

✿ لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ماعنتم حریص علیکم بالمومنین رء وف رحیم (سورۃ التوبہ، آیت ۱۲۸)

✿ انه لقول رسول کریم (سورۃ الحاقۃ، آیت ۴۰)

لہٰذا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عزیز، رءوف، رحیم اور کریم بھی نہ کہنا چاہئے، کیونکہ یہ نام اللہ تعالیٰ کے بھی تو ہیں۔

معترضین جو اس کا جواب دیں گے وہی جواب درود تاج کے جملے دافع البلاء کا ہوگا، کیونکہ اگر ان ناموں کے اشتراک سے وہاں شرک نہیں تو یہاں کیسے شرک ہوگا؟

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ قَالَ اَنَا اُحْیٖ وَاُمِیْتُ

(سورۃ البقرۃ، آیت ۲۵۸)

"جب کہ ابراہیم علیہ السلام نے نمرود سے کہا کہ میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے تو نمرود بولا میں بھی زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں"۔

قرآن مجید میں دوسری جگہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

"اَنِّیْ اَخْلُقُ لَکُمْ مِّنَ الطِّیْنِ کَهَیْـَٔةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَکُوْنُ طَیْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُبْرِئُ الْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ (سورۃ آل عمران، آیت ۴۹)

"میں تمہارے لئے بناتا ہوں مٹی سے پرندوں کی سی صورت پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے پرندہ ہو جاتی ہے اور مادر زاد اندھے کوڑھی کو تندرست کر دیتا ہوں اور اللہ کے حکم سے مُردوں کو زندہ کر دیتا ہوں"۔

موت وحیات دینا اللہ تعالیٰ کا کام ہے، نمرود نے موت وحیات دینے کی نسبت اپنی طرف کی، یہی شرک ہے، لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام

نے مردوں کوزندہ کرنے کی نسبت عطائے الٰہی سے اپنی طرف کی جوعین ایمان ہے، اگر کوئی مومن حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوعطائے الٰہی سے دافع البلاء والوباء والقحط والمرض والالم مانے یا کہے تو کیسے شرک ہوگا؟

رہا یہ اعتراض کہ دُرودتاج شریف میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے''دافع البلاء والوباء والقحط والمرض والالم ''اور''نور من نوراللہ'' کے الفاظ کہنا درست نہیں توان اعتراضات کا مفصل جواب علامہ سیّد احمد سعید کاظمی قدس سرہٗ دے چکے ہیں، مختصر جواب یہاں بھی نقل کئے دیتے ہیں :

علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں!

کوئی مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دافع حقیقی نہیں سمجھتا، دافع حقیقی صرف اللہ تعالیٰ ہے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم محض وسیلہ اور واسطہ ہونے کی حیثیت سے دافع مجازی ہیں۔

بایں طور کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دفع عذاب کا سبب ہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا''وَمَا كَانَ اللهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ'' (سورۃ الانفال) یعنی آپ کے ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ لوگوں کو عذاب نہیں دے گا، اس آیت سے ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دفع عذاب کا وسیلہ ہیں، نیز فرمایا! وَمَا كَانَ اللهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (پ۹، سورۃ الانفال) اللہ تعالیٰ لوگوں کے استغفار کی وجہ سے بھی انہیں عذاب نہیں دے گا۔

استغفار بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی سے ملا، اس لئے جب تک مومنین کا استغفار ہے حضور کا وسیلہ برقرار ہے۔

- حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے طفیل مدینہ منورہ کی مٹی جذام کے لئے شفاء ہوگئی۔ (الوفاء، علامہ ابن جوزی، ج ۱، ص ۲۵۳۔ وفاء الوفاء، علامہ سمہودی، ج ۱، ص ۶۷)
- حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دعا سے مدینہ منورہ کی بیماریاں (یہودی بستی) جحفہ کی طرف منتقل ہوئیں۔ (بخاری شریف، ج ۱، ص ۵۵۹۔ ج ۲، ص ۱۰۴۲)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی میں تلوار کی ضرب لگی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس پر تین مرتبہ پھونکا، اس کے بعد انہیں کوئی تکلیف محسوس نہ ہوئی۔ (بخاری شریف، ج ۲، ص ۶۰۵۔ مشکوٰۃ، ص ۵۳۳)

حضرت عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کی پنڈلی ٹوٹ گئی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پنڈلی پر

مبارک ہاتھ پھیر دیا تو تکلیف رفع ہوگئی۔ (بخاری، ج ۲، ص ۵۷۷)

مسلم شریف میں ایک طویل حدیث وارد ہے، جس کے آخری حصے کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت عطاء حضرت اسماء کے پاس حاضر ہوئے، انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جُبہ مبارک نکالا اور فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسے پہنتے تھے اور ہم اس جبے کو پانی سے دھو لیتے ہیں تا کہ اس کے ذریعے اپنے بیماروں کے لئے شفاء حاصل کریں۔ (مسلم شریف، ج ۲، ص ۱۹۰)

صحیحین و دیگر کتب احادیث میں باسانیدہ کثیرہ یہ مضمون وارد ہے کہ عہد رسالت میں مدینے میں قحط پڑا، خطبہ جمعہ کے موقع پر حضور ﷺ سے باران رحمت کی دعا کے لئے عرض کیا گیا، حضور نے دعا فرمائی اور فوراً ہی باران رحمت شروع ہوگئی اور اس کثرت سے بارش ہوئی کہ اگلے جمعہ کے موقع پر حضور سے عرض کیا گیا کہ اب تو بارش کی وجہ سے لوگوں کے مکان گرنے لگے، آپ دعا فرمائیں کہ بارش رک جائے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مسکرائے اور آسمان کی طرف اپنے دونوں مبارک ہاتھ اُٹھا کر چاروں طرف اشارہ فرمایا اور دعا فرمائی، حضور کے اشارے کے ساتھ بادل پھٹتا گیا اور صاف آسمان گول دائرے کی طرح نظر آنے لگا، مدینہ میں بارش رک گئی، آس پاس جاری رہی۔ (بخاری، ج ۱، ص ۱۴۰، ۱۴۱، ۵۰۶)

آیات قرآنیہ اور احادیث مبارکہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلاء، وباء، قحط، مرض اور الم کے دفع ہونے کا سبب بنایا، دافع حقیقی محض اللہ تعالیٰ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کمال عبدیت کے باعث عون الٰہی کا مظہر اتم و اکمل ہیں، اسی اعتبار سے درود تاج میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دافع البلاء والوباء والقحط والمرض والالم کہا گیا، جس میں شرک کا کوئی شائبہ نہیں پایا جاتا، بلکہ یہ تو کمال عبدیت کا بلند مقام ہے۔ (ملخصاً)

(علامہ سید احمد سعید کاظمی، درود تاج پر اعتراضات کے جوابات، مطبوعہ ملتان ۱۹۸۶ء، ص ۵۵ تا ۶۰)

علماء دیوبند کا عقیدہ

مولوی محمد عارف سنبھلی، استاد ندوۃ العلماء لکھنؤ لکھتے ہیں!

"لیکن یہ عقیدہ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے اولیاء مقربین کے ذریعہ بھی اپنے بندوں کو فیض اور مدد پہنچاتا ہے اور عالم میں بڑے تصرفات و انقلابات کا ان کو واسطہ بناتا ہے، اہل سنت والجماعت علماء دیوبند کا عقیدہ ہے، اور خود حضرت شاہ اسماعیل شہید رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ اس کے قائل بلکہ داعی ہیں، وہ اپنی بینظیر کتاب "منصب امامت"

میں ولایت کے ایک خاص مقام اور اس پر فائز ہونے والے اولیاء اللہ (اصحاب خدمت) کے بارہ میں فرماتے ہیں:

حکم علی الاطلاق ایشاں را واسطہ در تصرف کونیہ میگرداند مثل نزول امطار ونمو اشجار وتقلیب احوال وادوار وتحول اقبال وادبار سلاطین وانقلابات حالات اغنیاء ومساکین ورفع بلاء ودفع وباء وامثال ذالک۔

(اللہ تبارک وتعالیٰ جو حکیم مطلق ہے، ان اولیاء مقربین کو عالم کون کے تصرفات میں واسطہ بناتا ہے، جیسے بارشوں کا نازل ہونا، درختوں کا نشو ونما پانا اور حالات کا پلٹا کھانا، بادشاہوں پر اقبال یا ادبار آنا، دولت مندوں، فقراء ومساکین کے احوال کا بدل جایا، بلاؤں کا ٹل جانا، وباؤں کا ہٹ جانا اور ان جیسے دوسرے تصرفات)

پھر اس کی سند میں حضرت شاہ شہید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مشکوٰۃ شریف کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں ان ابدال کا ذکر ہے جن کا مستقر شام بتلایا گیا ہے اور ان کے بارے میں فرمایا گیا ہے۔

یسقی بھم الغیث وینحس بھم علی الدعواء ویصرف عن اھل الشام بھم العذاب

(ان کے ذریعہ اور ان کی برکت سے بارش نازل ہوتی ہے اور دشمنوں کے مقابلہ میں مدد کی جاتی ہے اور ان کے ذریعہ اور ان کی برکت سے اہل شام کے عذاب اور آفات کو ہٹایا جاتا ہے)

(مولوی محمد عارف سنبھلی، بریلوی فتنہ کا نیا روپ، مطبوعہ ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور ۱۹۷۸ء، ص ۱۳۶، ۱۳۷)

فتویٰ علماء دیوبند

سوال۔ کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ درود تاج میں **دافع البلاء والوباء والقحط والمرض والالم** کے الفاظ آتے ہیں یہ پڑھنے درست ہیں؟ ان کے پڑھنے سے شرک تو لازم نہیں آتا؟

جواب۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کو بایں معنیٰ "دافع البلاء" کہنا کہ آپ کے ذریعہ سے بلاء دفع ہوتی ہے، درست ہے، اور بایں معنی کہ آپ خود استقلالاً بلاء دفع کرتے ہیں درست نہیں، ایسے لفاظ جو موہوم شرک ہوں اور عوام میں مفسدہ کا

باعث ہوں قابل اجتناب واحتراز ہیں، سرور کائنات علیہ التحیۃ والتسلیم کی خدمت اقدس میں درود بھیجنے کے لئے دوسرے صحیح درود شریف بہت ہیں ان کو ہی پڑھا جائے۔

(ماخوذ من مجموعہ الفتاویٰ، جلد۲، ص۱۹۲) فقط واللہ اعلم

الجواب صحیح۔ بندہ محمد عبداللہ غفرلہ مفتی خیر المدارس ملتان

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ ۲۸ شوال ۱۳۷۹ھ

(خیر الفتاویٰ، جلد ۱، مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ص ۳۳۸)

اس فتویٰ میں دیوبندی مفتیوں نے صاف لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان معنوں میں دافع البلاء کہنا کہ آپ کے ذریعہ سے بلاء دفع ہوتی ہے، درست ہے اور استقلال کے معنی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دافع بلاء کہنا درست نہیں۔

(خیر الفتاویٰ، جلد اول، مطبوعہ ملتان ۱۹۸۷، ص ۳۳۸)

اہل سنت کا عقیدہ

الحمد للہ اہل سنت وجماعت کا یہی عقیدہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ اور ذریعہ سے بلائیں دفع ہوتی ہیں، اسی لئے آپصلی اللہ علیہ وسلم کو مجازی طور پر دافع البلاء کہا جاتا ہے، استقلال کے معنوں میں دافع البلاء کہنا اہل سنت کے نزدیک شرک ہے کیونکہ استقلال تو الوھیت کے لئے ہے۔

عجیب فتویٰ

فتویٰ میں جو یہ کہا گیا ہے کہ ایسے الفاظ موہوم شرک ہیں ان سے بچنا چاہئے، تو یہ بھی عجیب فتویٰ ہے، جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مجازی دافع البلاء مان رہے ہیں اور مستقل دافع البلاء ماننے کی نفی کر رہے ہیں تو شرک کی جڑ تو کٹ گئی، پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل ومناقب سے جی چُرانا اور آپ کے لئے ان الفاظ کو استعمال نہ کرنے کے بہانے بنانا، محبت رسول کی علامت نہیں بلکہ بغض رسول کی علامت ہے۔

پھر فتویٰ میں یہ بھی لکھا ہے کہ درود بھیجنے کے لئے دوسرے صحیح درود شریف بہت ہیں ان ہی کو پڑھا جائے، تو پھر ان کا یہ کہنا درست نہ رہا کہ صرف نماز والا درود شریف ابراہیمی ہی درود ہے اور کوئی درود نہیں ہے۔

غیر مقلدین کا عقیدہ

مولوی محمد ابراہیم میر سیالکوٹی (غیر مقلد) لکھتے ہیں!

''اہل صلاحیت (صالح لوگوں) کے دم قدم سے بیماریوں اور آفتوں کا دُور ہونا اور بارشوں کا بوقت ضرورت برسنا اور رزق و مال میں افزائش، احادیث صحیحہ مرفوعہ اور آثار صحابہ و تابعین اور دیگر بزرگان دین کے واقعات سے ثابت ہے اور یہ متواترات کی جنس سے ہے، اس سے انکار کی گنجائش نہیں''۔

(مولوی محمد ابراہیم میر سیالکوٹی، سراجاً منیرا، مطبوعہ سیالکوٹ ۱۳۸۴ھ/۱۹۶۴ء، ص ۵۵)

ایک شبہ کا ازلہ

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''قُلْ لَا اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ نَفْعاً وَّ لَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہ'' یعنی اے محبوب فرمادو کہ میں تو اپنی ذات کے لئے بھی نفع و نقصان کا مالک نہیں مگر جو اللہ چاہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نفع و نقصان کے بھی مالک نہیں تو دوسروں کے لئے کیا دافع البلاء ہوں گے؟

جواب۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ میں بغیر اللہ تعالیٰ کے چاہے کسی نفع و نقصان کا مالک نہیں، الاماشاء اللہ یعنی اس کے چاہنے اور اُس کے دینے سے، اُس کے اذن سے مالک ہوں، یہاں ذاتی مستقل ملکیت کا انکار ہے اور اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ملکیت کا اقرار ہے، یہی اہل سنت کا عقیدہ ہے۔

مولوی نذیر حسین دہلوی غیر مقلد (متوفی ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۰ء) لکھتے ہیں!

''نفع و ضرر حقیقت میں خدا ہی کی جانب سے ہوتا ہے، خدا کے سوا کسی اور میں یہ طاقت نہیں ہے کہ کسی کو بغیر اذن کے نفع و ضرر پہنچاوے، تو یہ عقیدہ بے شک اہل سنت و جماعت کا ہے اور ایسا عقیدہ ہر مسلمان کو رکھنا چاہئے، اس عقیدہ کے حق ہونے پر متعدد آیات قرآنیہ و احادیث نبویہ صاف اور صریح طور پر دلالت کرتی ہیں، قال اللہ تعالیٰ قل لا املک لنفسی نفعاً و لا ضرا الا ماشاء اللہ''۔

(فتاویٰ نذیریہ، جلد اول، مطبوعہ اہل حدیث اکادمی کشمیری بازار لاہور ۱۳۹۰ھ/۱۹۶۱ء، ص ۱۹)

آخر میں عرض ہے اور شاید یہ بات معترضین کی سمجھ میں آجائے کہ علم طب میں دوا ''سم الفار'' ضار یعنی مُضر ہے، نقصان پہنچانے والی ہے، اور ''بنفشہ'' نافع ہے یعنی نفع پہنچانے والا ہے۔

تو جب یہ دوائیں جو کہ اللہ نہیں ہیں، یہ مجازی طور پر نفع ونقصان پہنچانے والی ہیں، مجازی طور پر انہیں ضار اور نافع کہہ سکتے ہیں، کوئی شرک نہیں ہوتا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مجازی طور پر دافع البلاء والوباء کیوں نہیں کہہ سکتے؟ یہاں کیوں شرک ہو جاتا ہے؟ یہ عجیب عقیدہ ہے، اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہئے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو سراپا رحمت وبرکت ہیں۔

کئی سال قبل جماعت اسلامی کے ترجمان رسالہ ماہنامہ "فاران" کراچی، شمارہ نمبر ۱۲، بابت ماہ جون، جولائی ۱۹۸۰ء میں محمد جعفر شاہ پھلواروی کا ایک مضمون شائع ہوا جس میں درود تاج شریف پر کچھ اعتراضات کئے تھے کہ اس میں لغوی اور لسانی غلطیاں ہیں جو کہ ایک غیر عربی دان بھی نہیں کرسکتا، پھر یہ اعتراضات عام لوگوں تک پہنچانے کے لئے ایک پمفلٹ کی صورت میں "ادعیہ پر تحقیقی نظر" کے نام سے شائع کئے گئے، بعد میں ہفت روزہ "اہل حدیث" لاہور، شمارہ ۱۷ شوال ۱۴۰۰ھ

میں بھی یہ اعتراضات شائع ہوئے، معترضین کے خیال میں ان اعتراضات کا جواب قیامت تک ممکن نہ تھا، اتفاقاً پمفلٹ کی اشاعت کے چند سال بعد غزالئی زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی امروہوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۹۸۶ء) کراچی تشریف لے گئے تو دار العلوم نعیمیہ کراچی کے بعض علماء نے آپ کو اس پمفلٹ کے متعلق بتایا، الحمد للہ آپ نے ملتان واپس تشریف لانے کے بعد اس کے تمام اعتراضات کا مدلل جواب تحریر فرمایا، آپ لکھتے ہیں!

"مجھے افسوس ہے کہ پمفلٹ اب اتنے عرصے کے بعد یکم جنوری ۱۹۸۶ء کو مجھے ملا، اے کاش یہ مضمون اسی وقت میرے سامنے آجاتا تو اس "ادعیہ پر تحقیقی نظر" کا جواب فوری طور پر بروقت لکھ کر میں شائع کر دیتا"۔

(علامہ سید احمد سعید کاظمی، درود تاج پر اعتراضات کے جوابات، مطبوعہ کاظمی پبلی کیشنز ملتان ۱۹۸۶ء، ص ۹، ۱۰)

جعفر شاہ پھلواروی نے اپنے مضمون میں یہ بھی لکھا تھا کہ!

"میں نے جن غلطیوں کی نشاندہی کی ہے وہ اگر لغوی ہیں تو لغت ہی سے اس کا جواب دینا چاہئے، صَرف ونحو (یعنی عربی گرائمر) کی بات کی ہے تو صرف صَرف ونحو ہی کے قواعد سے اس کی تردید کرنی چاہئے، فکری معاملہ ہے تو فکری انداز سے اس کو غلط ثابت کرنا چاہئے، میری گزارشوں کا یہ جواب نہیں کہ فلاں صاحب علم بزرگ نے تو ان غلطیوں کی نشان دہی کی نہیں لہذا تمھاری نشان دہی غلط ہے"۔

(محمد جعفر شاہ پھلواروی، ادعیہ پر تحقیقی نظر، مطبوعہ ادارہ معارف الحق کراچی ۱۹۸۰ء، ص ۱۶)

علامہ کاظمی رحمتہ اللہ علیہ اس کے جواب میں ''درود تاج پر اعتراضات کے جوابات'' کتاب لکھی آپ کتاب کے آخر میں فرماتے ہیں!

''پھلواروی صاحب کے اس مطالبے کو حرف بحرف ہم نے پورا کر دیا، ہم نے ان کے جواب میں اس بات پر اکتفا نہیں کیا کہ فلاں صاحب علم بزرگ نے ان غلطیوں کی نشان دہی نہیں کی لہذا پھلواروی صاحب کی نشان دہی غلط ہے، بلکہ پھلواروی صاحب نے جن لغوی غلطیوں کی نشان دہی کی ہے ہم نے لغت ہی سے ان کا جواب دیا ہے اور صَرف ونحو کی بات کی تردید ہم نے صرف ونحو ہی کے قواعد سے کی ہے اور ان کی فکری غلطیوں کا جواب فکری ہی انداز سے دیا ہے''۔

(علامہ سید احمد سعید کاظمی، درود تاج پر اعتراضات کے جوابات، مطبوعہ کاظمی پبلی کیشنز ملتان ۱۹۸۶ء، ص ۱۱۹)

''نور من نور اللہ'' کا مفہوم

''نور من نور اللہ'' کے معنی یہ نہیں کہ معاذ اللہ حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور، اللہ تعالیٰ کے نور کا مادہ ہے، یا حصہ ہے، جُز ہے، جیسا کہ بعض لوگوں کو جہالت کی بنا پر مغالطہ ہوتا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور، اللہ تعالیٰ کے نور کا نہ تو مادہ ہے، نہ جز اور نہ ٹکڑا ہے، لفظ ''مِـــنْ'' جزیت کے لئے نہیں ہے بلکہ لفظ ''مِـنْ'' تشریفیہ ہے، یعنی شرافت اور بزرگی کے لئے ہے، کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور براہ راست نور ذات الٰہی کے فیض سے پیدا کیا گیا ہے، لفظ ''مِن'' سے مغالطہ میں مبتلا ہو کر یہ خیال کرنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور، اللہ تعالیٰ کے نور کا جُز ہے تو خالص کفر ہے۔

امام احمد رضا قادری بریلوی رحمتہ اللہ علیہ ''مِنْ نُوْرِہٖ'' کی تشریح میں فرماتے ہیں!

''عین ذات الٰہی سے پیدا ہونے کے یہ معنی نہیں کہ معاذ اللہ ذاتِ الٰہی، ذاتِ رسالت کے لئے مادہ ہے، جیسے انسان مٹی سے پیدا ہوا، یا عیاذ باللہ ذاتِ الٰہی کا کوئی حصہ یا کل ذات نبی ہو گیا، اللہ عزوجل حصے اور ٹکڑے اور کسی کے ساتھ متحد ہونے یا کسی شئے میں حلول فرمانے سے پاک ومنزہ ہے''۔

(امام احمد رضا بریلوی، صلاۃ الصفانی نور المصطفیٰ، مطبوعہ لاہور، ص ۴۷)

امام احمد رضا فاضل بریلوی علیہ الرحمہ دوسری جگہ فرماتے ہیں:

''حاش للہ یہ کسی مسلمان کا عقیدہ کیا گمان بھی نہیں ہو سکتا کہ نور رسالت یا کوئی چیز معاذ اللہ،

ذاتِ الٰہی کا جز یا عین و نفس ہے، ایسا عقیدہ ضرور کفر وارتداد ہے"۔

(امام احمد رضا بریلوی، مجموعہ رسائل نور وسایہ، مطبوعہ لاہور، ص ۳۶)

علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمتہ اللہ علیہ حدیث نور کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"حدیث کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے نور پاک یعنی ذات مقدسہ کو اپنے نور یعنی اپنی ذات مقدسہ سے پیدا فرمایا، اس معنی یہ نہیں کہ معاذ اللہ، اللہ تعالیٰ کی ذات حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات کا مادہ ہے یا نعوذ باللہ حضور کا نور اللہ کے نور کا کوئی حصہ یا ٹکڑا ہے، عن ذالک علوا کبیرا، اگر کسی ناواقف شخص کا یہ اعتقاد ہے تو اسے توبہ کرنا فرض ہے، اس لئے کہ ایسا ناپاک عقیدہ خالص کفر وشرک

ہے، اللہ تعالیٰ اس سے محفوظ رکھے، بلکہ اس حدیث کے یہ معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی ذاتی تجلی فرمائی جو حُسن الوہیت کا ظہور اوّل تھی، بغیر اس کے کہ ذات خداوندی نور محمد کا مادہ یا حصہ اور جزو قرار پائے، یہ کیفیت متشابہات میں سے ہے، جس کا سمجھنا ہمارے لئے ایسا ہی ہے جیسا کہ قرآن وحدیث کے دیگر متشابہات کا سمجھنا"۔

(علامہ سید احمد سعید کاظمی، میلاد النبی، مطبوعہ مبارک پور اعظم گڑھ ۱۴۰۰ھ، ص ۱۹)

علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ نے ایک دوسری جگہ اس کی وضاحت اس طرح کی ہے!

"حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خدا کے نور سے مخلوق ماننے کا یہ مطلب نہیں کہ معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے جزو ہیں، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نورِ ذات کا جلوہ ہیں، بلا تشبیہ جس طرح آئینہ میں سورج کی روشنی اس کے انوار کا جزو نہیں ہوتی بلکہ ایک تجلی ہوتی ہے، اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نور ذات کی تجلی اور اس کا جلوہ ہیں، البتہ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اقانیم ثلاثہ میں سے ایک اقنوم مانتے ہیں اور "اب، ابن اور روح القدس" تینوں کو اجزاء قرار دے کر ان کے مجموعے کو خدا کہتے ہیں، مختصر یہ کہ خدائے قدوس کے لئے اس کے نورِ ذات کا جلوہ ماننا اسلام ہے اور اس کے لئے جز ثابت کرنا عیسائیت ہے"۔

(علامہ سید احمد سعید کاظمی، اسلام اور عیسائیت، مطبوعہ ملتان ۱۹۶۲ء، ص ۲۲)

ایک اُلجھن کا حل

یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کا نور کبھی جزء نہیں ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نور سے کیسے پیدا ہو گئے، یہ بات سمجھ میں نہیں آ رہی۔

اس سوال کا جواب علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ نے اپنی ایک تقریر میں آسان لفظوں میں دیا ہے، جو درج ذیل ہے، آپ فرماتے ہیں!

''دیکھئے سورج آسمان پر چمک رہا ہے، آپ نیچے زمین پر آئینہ رکھ دیں، ایمان سے کہنا کہ اس آئینے میں سورج چمکتا ہوا نظر آئے گا یا نہیں؟ اس آئینے میں روشنی اور نور آئے گا یا نہیں؟ یقیناً آئے گا، اب بتایئے کہ اس آئینے میں جو روشنی ہے وہ سورج کی روشنی ہے یا نہیں؟ اب اگر کوئی یہ کہے کہ نہیں جناب یہ سورج کی روشنی نہیں، اگر یہ سورج کی روشنی ہے تو جتنی روشنی اس میں آئی اتنی روشنی سورج میں کم ہو جانی چاہئے، کیا آپ اس بات کو مان لیں گے؟ یقیناً نہیں مانیں گے، آپ دوسرا آئینہ رکھ دیں، تیسرا رکھ دیں، ہر آئینہ میں پورا سورج چمکتا ہوا نظر آئے گا، مگر وہاں کوئی کمی نہیں آئے گی، اگر کوئی کہے کہ نہیں صاحب کمی تو ہو ہی گئی، تو میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ایک دو آئینے رکھنے سے تو کچھ کمی ہوا اور اگر ہزاروں لاکھوں آئینے رکھ دیئے جائیں تو سورج کا تو بالکل صفایا ہی ہو جائے اور سورج کا سارا نور ان آئینوں میں تقسیم ہو کر ختم ہو جائے، تو میرے بھائی اگر کروڑوں اربوں آئینے بھی رکھ دیئے جائیں تو وہاں کمی نہیں آئے گی، جب وہاں کمی نہیں آئی تو پتہ چلا کہ آئینہ جو سورج کے نیچے رکھا ہے وہ سورج کا جز نہیں ہے، اور سورج جو اس آئینے میں چمکتا ہوا نظر آ رہا ہے آپ اس آئینے کے نور کو کیا کہیں گے؟ سورج کا جز تو کہہ نہیں سکتے کیونکہ نہ تو اصل سورج آئینے میں آیا اور نہ ہی آئینہ سورج کا حصہ بنا بلکہ آئینہ سورج کے نور کا مظہر بنا، لہٰذا اس کو سورج کے نور کا جلوہ کہیں گے، حصہ، جز یا ٹکڑا نہیں کہہ سکتے''۔

(علامہ سید احمد سعید کاظمی، تقریر مقصود کائنات، مطبوعہ لاہور ۱۹۸۵ء، ص ۱۴)

امام محمد بن عبدالباقی زرقانی مالکی مصری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ (متوفی ۱۱۲۲ھ)

حدیث جابر کے الفاظ ''من نورہٖ'' کی شرح میں فرماتے ہیں!

''(من نورہٖ) اضافة تشریف واشعار بانه خلق عجیب وان له شانا له مناسبة ما الی الحضرة الربوبیة علی حد قو له تعالیٰ'' ونفخ فیه من روحی'' وهی بیانیة ای من نور هو ذاته لا بمعنی انها مادة خلق نوره منها بل بمعنی تعلق الارادة به بلاواسطة شئی فی وجوده''۔

(امام محمد بن عبدالباقی زرقانی، شرح مواهب اللدنیه، ج ۱، ص ۵۵)

ترجمہ۔ (اپنے نور سے) مراد ہے کہ نور کی نسبت اللہ تعالیٰ کی محض شرافت کے طور پر

ہے اور آگاہ کرنا ہے کہ وہ نور عجیب مخلوق ہے اور اس نور کی بڑی شان ہے کہ اس کی حضرت ربوبیت کی طرف کچھ مناسبت ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ''اس میں اپنی روح پھونکی'' یا یہ نسبت علم نحو کی رو سے بیانیہ ہے، یعنی اس نور سے پیدا کیا جو ذات باری تعالیٰ کا عین ہے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات مادہ ہے کہ جس سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نور پیدا کیا گیا، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی واسطہ کے اپنے ارادے سے پیدا کیا۔

مولانا عبدالحی فرنگی محلی لکھنوی (متوفی ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۶ء) لکھتے ہیں!

''ان الاضافة فی قوله من نوره کالاضافة فی قوله تعالیٰ فی قصة خلق آدم ونفخت فیه من روحی و کقوله تعالیٰ فی قصة سیدنا عیسیٰ وروح منه و کقولهم بیت الله للکعبة والمساجد وقولهم روح الله لعیسیٰ وغیر ذلک''۔

(مولانا عبدالحی لکھنوی، الاثار المرفوعه فی الاخبار الموضوعة، مطبوعہ ادارۃ احیاء السنۃ، گھرجاکھ (گوجرانوالہ)، ص ۳۹)

ترجمہ۔ یعنی اس حدیث میں نور کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف اسی طرح ہے جیسے حضرت آدم علیہ السلام کے متعلق قرآن کریم میں ہے کہ میں نے اپنی روح آدم میں پھونکی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق فرمایا ''اپنی روح سے''، اور جیسے کعبہ شریف کو بیت اللہ کہتے ہیں اور مسجدوں کو بھی بیت اللہ کہتے ہیں اور جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو روح اللہ کہتے ہیں۔

ارشاد ربانی ہے :

''وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ''

(سورۃ النساء، آیت ۱۷۱)

علامہ سید محمد آلوسی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں :

''کلمہ من مجازاً ابتداءِ غایت کے لئے ہے، تبعیضیہ نہیں ہے، جیسے کہ عیسائیوں نے گمان کیا، کہتے ہیں کہ ہارون الرشید کے دربار کا ایک ماہر طبیب عیسائی تھا، اُس نے ایک دن علامہ علی بن حسین واقدی مروزی سے مناظرہ کیا اور کہا کہ تمہاری

کتاب (قرآن پاک) میں ایک آیت ہے، جس

سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام، اللہ تعالیٰ کے جز ہیں اور یہی آیت پیش

کی (وروح منه)، علامہ واقدی نے یہ آیت پیش کی :

"وسخر لکم ما فی السمٰوٰت وما فی الارض جمیعا منه"

(سورة الجاثیة: آیت ۱۳)

(اور تمہارے لئے وہ سب چیزیں مسخر کیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں، سب اس

کی طرف سے ہیں)

کہنے لگے کہ تمہاری بات مان لی جائے تو لازم آئے گا کہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی

جز ہوں، عیسائی لاجواب ہو گیا اور اسلام لے آیا، ہارون الرشید بہت خوش ہوا اور

واقدی کو گراں قدر انعام سے نوازا"۔

(علامہ سید محمود آلوسی، تفسیر روح المعانی، طبع ایران، ج ۶ ص ۲۳)

عیسائی طبیب کی سمجھ میں بات آگئی اور وہ اسلام لے آیا، اَب دیکھئے منکرین اور معترضین کی

عقل میں یہ بات آتی ہے اور وہ تسلیم کرتے ہیں یا اپنے انکار پر ہی ڈٹے رہتے ہیں؟ دیدہ باید!

مولوی اشرف علی تھانوی حدیث جابر کے الفاظ "من نورہٖ" کا مطلب لکھتے ہیں!

"نہ بایں معنی کہ نور الٰہی اس کا مادہ تھا بلکہ اپنے نور کے فیض سے پیدا کیا"۔

(اشرف علی تھانوی، نشر الطیب، مطبوعہ تاج کمپنی لاہور، ص ۶)

دیوبندی مکتبہ فکر کے مدرسہ خیر المدارس (ملتان) کے مفتی محمد انور لکھتے ہیں!

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو "نور من نور اللہ" کہا جاتا ہے یا نور اللہ کہا جاتا

ہے یہ اضافت محض تشریفی ہے، یہ مطلب نہیں کہ ذات خداوندی سے ایک جز لے کر

اسے ذات نبوی کے لئے مادہ قرار دیا گیا ہو ایسا کہنا بالکل غلط ہے"۔

(خیر الفتاویٰ، مرتبہ مفتی محمد انور، مطبوعہ ملتان ۱۹۷۸ء، ج ۱، ص ۱۴۶)

اعلیٰ حضرت کے ایک شعر پر اعتراض کا جواب

ایک مرتبہ غزالئ زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمۃ اللہ علیہ بہاول پور (پاکستان) میں تقریر

فرما رہے تھے، کسی نے سوال کیا کہ آپ تو کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ تعالیٰ کے نور کا حصہ،

ٹکڑا یا جز نہیں ہیں، مگر اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی حدائق بخشش میں کہتے ہیں:

''نورِ وحدت کا ٹکڑا ہمارا نبی''

تو آپ کیسے کہتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا ٹکڑا نہیں مانتے ؟

علامہ کاظمی صاحب علیہ الرحمہ نے جواب میں فرمایا کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی علیہ الرحمہ نے کس کا ٹکڑا مانا، واحد کا یا وحدت کا؟ آپ اللہ تعالیٰ کو واحد کہتے ہیں یا وحدت کہتے ہیں؟ ارے وحدت تو وصف ہے، اور صفات کے جلوے اور انوار ہوتے ہیں، اگر اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ فرماتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم واحد کا ٹکڑا ہیں یا اِلٰہ واحد کا ٹکڑا ہیں، تب تو آپ کی بات درست ہوتی، اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ واحد کا ٹکڑا نہیں فرمارہے وہ تو فرمارہے ہیں ''نورِ وحدت کا ٹکڑا ہمارا نبی''، وحدت صفت ہے اور اس صفت کے جو انوار و تجلیات ہیں وہ میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی صفت وحدت کے نور کا جلوہ ہیں، اللہ کی ذات کا ٹکڑا نہیں ہیں، ہم تو اللہ تعالیٰ کو واحد کہتے ہیں، تم اللہ تعالیٰ کو وحدت کہو تو تمھاری مرضی، بتایئے اللہ تعالیٰ واحد یا وحدت ہے؟ یقیناً اللہ واحد ہے، تو اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے کب کہا کہ حضور واحد کا ٹکڑا ہیں؟ پہلے تم وحدت کو اللہ بناؤ پھر اعلیٰ حضرت پر اعتراض کرو کہ انہوں نے اللہ کا ٹکڑا بنا دیا، اگر وحدت تمہارے نزدیک اللہ ہے تو پھر تم اپنے ایمان کی خبر لو۔

(روایت حافظ بشیر احمد سعیدی، خطیب جامع مسجد البدر، بہاری کالونی بہاولپور)

وما علینا الا البلاغ المبین

برکاتِ دُرود شریف

درود شریف اپنی ترتیب اور الفاظ کے لحاظ سے ان گنت ہیں مگر بعض درود شریف اپنی اپنی فضیلت اور خصوصیات کے اعتبار سے بہت مؤثر اور اہم ہیں چند درود شریف ایسے بھی ہیں جنہیں بہت شہرت ہے اور جن کا پڑھنا دینی ودنیوی حاجات اور آخرت کی بھلائی کے لیے بہت ہی نفع بخش ہے ان اوراد شریف میں سے درود شریف کے فضائل پڑھنے کا طریقہ اور فیوض برکات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) —— دُرودِ ابراہیمی

نماز میں جو دُرود پاک پڑھا جاتا ہے اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام آتا ہے اس لیے اسے دُرود ابراہیمی کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جب تعمیر بیت اللہ سے فارغ ہوئے تو آپ نے اپنی دُعا میں کہا کہ یا اللہ نبی آخرالزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت سے جو بوڑھا اس گھر کی طرف مُنہ کرکے دو رکعتیں پڑھے تو اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما اس پر حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ہاجرہؓ، حضرت سارہؓ اور حضرت اسحاقؑ نے آمین کہی اس کے بعد حضرت اسماعیل علیہ السلام نے اپنی دُعا میں یہ کہا کہ اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت سے جو نوجوان اس گھر کی طرف منہ کرکے دو رکعت پڑھے اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسحاق علیہ السلام بی بی ہاجرہؓ اور بی بی

سارہؓ نے آمین کہی پھر حضرت اسحاق علیہ السلام نے دُعا مانگی یا اللہ نبی آخرالزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت کا جو ادھیڑ عمر شخص اس گھر کی طرف منہ کر کے دو رکعت پڑھے تو اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما اس پر خاندان کے بقیہ افراد نے آمین کہی اس کے بعد حضرت بی بی سارہؓ نے دُعا مانگی یا اللہ نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت سے جو عورت اس گھر کی طرف مُنہ کر کے دو رکعت پڑھے اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما اس پر سب نے آمین کہی آخر میں حضرت بی بی ہاجرہؓ نے یوں دُعا کی کہ یا اللہ اُمت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جو لڑکی اس گھر کی طرف مُنہ کر کے دو رکعت پڑھے اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما اس پر سب نے آمین کہی۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خاندان کا یہ بیش بہا تحفہ جو اُمت محمدیہ کے حق میں پیش کیا گیا اس کے بدلے میں اُمت محمدی کو یہ حکم دیا گیا کہ خاندان ابراہیمی کے حق میں پانچوں نمازوں میں دُعا کیا کرو اور اس دُعا کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے درود ابراہیمی کی صورت میں بوضاحت بیان فرمایا۔ اس درود پاک سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان ابراہیم سے محبت کا اظہار ہوتا ہے اور اسی محبت کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایک بیٹے کا نام ابراہیم رکھا اس کے علاوہ شب معراج میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ اپنی اُمت کو میرا سلام کہہ دیجئے گا اس سلام کے جواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درود ابراہیمی میں ان پر سلام پیش کیا۔

یہ درود تمام درود کے صیغوں سے افضل ہے کیوں کہ اس درود کے الفاظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودہ ہیں۔ اس لیے اس درود پاک کو نماز کے علاوہ کثرت سے پڑھنا دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور اللہ کی رحمت و خوشنودی حاصل ہوتی ہے دنیا کے تمام کاموں میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے اور قدم قدم پر اللہ کی مدد شامل حال رہتی ہے حاجات پوری ہو جاتی ہیں۔ حضور کی شفاعت واجب

ہو جاتی ہے۔ رزق کی تنگی دور ہو جاتی ہے۔ مال واسباب میں برکت پیدا ہوتی ہے۔ خاتمہ بالایمان ہوتا ہے اس کے علاوہ آخرت کی زندگی سے متعلقہ تمام منازل آسان ہو جاتی ہیں اور اس درود پاک کو معمول سے پڑھنے والا جنت میں جائے گا۔

اس درود پاک کی سند بخاری شریف کی یہ روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے کہا ہے کہ ہم کعب بن عجرہ سے ملے انہوں نے کہا کہ کیا میں تمہیں حضور کی حدیث سناؤں ہم نے کہا فرمایئے تو پھر انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے التجا کی کہ یا رسول اللہ آپ پر درود بھیجنا تو ہم کو معلوم ہو چکا ہے مگر ہم درود کس طرح بھیجیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان الفاظ میں مجھ پر درود بھیجو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر صلوٰۃ بھیج

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ

جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ

آل پر صلوٰۃ بھیجی بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ

بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کو برکت دے جس طرح

بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو برکت دی

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

زیارت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بہت مؤثر اور اکسیر ہے۔ لہٰذا جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیئے کہ رمضان المبارک میں یہ درود روزانہ تہجد کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ بہت جلد زیارت سے سرفراز ہو گا اسے ایک بار پڑھنے سے ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے اور ایک سو حاجتیں پوری ہوتی ہیں دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کے لیے اسے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا بہت بہتر ہے غم و فکر اور مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے اسے بعد نماز فجر ۱۰۰ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ دل کو سکون حاصل ہو گا اور تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔

وسعت رزق اور قرضہ کی ادائیگی کے لیے بعد نماز عشاء ۲۱۲ مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے لہٰذا جو شخص قرض میں دبا ہوا ہو تو اس کے لیے اس درود پاک کا پڑھنا نہایت ہی مفید ہے جو شخص جمعہ کے روز اسے ہزار مرتبہ پڑھے وہ شخص جنت میں داخل ہو گا۔ یہ درود خاندان چشتیہ کے اکثر بزرگوں کے معمول میں سے ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر

بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ

ہر ایک ذرہ کے عوض دس کروڑ بار اور برکت دے

وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

اور سلام بھیج۔

(۴) — درود نعمت عظمیٰ

یہ درود شریف ایک طرح کا دریائے رحمت ہے اور اسے پڑھنے والا

دریائے رحمت میں غوطہ زن ہو جاتا ہے لہٰذا اس درود شریف کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جب پڑھنے والا اَللّٰھُمَّ صَلِّ کہتا ہے تو وہ اللہ کے فضل و کرم کے سمندر میں قدم رکھ دیتا ہے اور جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیتا ہے تو وہ دریائے رسالت کی موجوں میں آجاتا ہے اور جس وقت وہ وَعَلٰی اٰلِہٖ کہتا ہے تو اس پر اہل بیت جیسی عنایات ہونے لگتی ہیں اور جب عَلٰی اَصْحَابِ کہتا ہے تو اسے صحابہ جیسی خیر و برکت ملنا شروع ہو جاتی ہے اس درود کے پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دل کی تمنائیں پوری ہوتی ہیں روح اور دل کو تروتازگی ملتی ہے دلی مرادیں اللہ تعالیٰ پوری کرتا ہے۔ لہٰذا جو شخص اس درود شریف کے فیوض و برکات سے سرخرو ہونا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو ہر نماز کے بعد کثرت سے پڑھے اگر ایسا نہ کر سکے تو ایک بار ضرور پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ

مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

پر درود برکت اور سلام بھیج

⑤ —— درود امام بوصیری

یہ حضرت امام بوصیری کے قصیدہ بردہ شریف کے دیباچہ کا شعر ہے جو درود بوصیری کے نام سے مشہور ہے دراصل یہ شعر قصیدہ بردہ شریف کا نچوڑ ہے اور بے پناہ دینی و دنیوی فوائد کا حامل ہے جو شخص یہ درود روزانہ سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ

شام پڑھے اس کا دل عشق رسول سے موجزن ہو جائے گا اور اگر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کو مدِنظر رکھے گا تو زیارت سے نوازا جائے گا۔ دراصل درُود کو دائمی طور پر پڑھنے والا اللہ اور اس کے رسول کا محبوب بندہ بن جاتا ہے اور مرنے کے بعد اسے حضور کی شفاعت سے جنت ملے گی۔

اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو ۱۲۰ دن تک پندرہ سو مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء پڑھے انشاء اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے حاجت پوری ہو گی۔ اگر کوئی مالی دشواری درپیش ہو یا کسی کا قرض دینا ہو یا کسی سے قرض وصول کرنا ہو اور اس کی ادائیگی یا وصولی کی کوئی صورت بنتی ہوئی نظر نہ آتی ہو تو چالیس دن تک اسے روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ رزق میں فوراً اضافہ ہو جائے گا اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔ نماز فجر کے بعد روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھنے سے عزت اور شہرت میں اضافہ ہو گا ۱۲ سال تک روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے سے درجہ ولایت حاصل ہو گا۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

اے میرے مولا تُو اپنے حبیب پر ہمیشہ ہمیشہ درُود و

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

سلام بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

یا اس طرح پڑھیں

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

اے میرے پروردگار تُو اپنے حبیب پر ہمیشہ ہمیشہ درود و

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

سلام بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

⑥ — درُود تاج

درُود تاج بے پناہ فیوض و برکات کا منبع ہے اور یہ عاشقان رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب وظیفہ ہے بے شمار صوفیا اور اولیاء نے یہ درُود پاک خود پڑھا اور اپنے سلسلہ طریقت میں اپنے ارادتمندوں کو پڑھنے کی تلقین کی اس درُود پاک میں پڑھنے والے کو صاحب کشف بنا دینے کی خصوصیت بہت نمایاں ہے لہٰذا اگر کوئی شخص صاحب کشف بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس درُود پاک کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے اور تین سال تک یہی معمول جاری رکھے انشاء اللہ اس عرصہ میں صاحب کشف بن جائیگا اور اگر وہ اس سلسلے کو تاحیات جاری رکھے تو وہ صاحب روحانیت بن جائے گا۔ کیونکہ درود صفائی قلب کے لیے نہایت ہی اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اس لیے جو شخص اس درُود پاک کو روزانہ کم از کم مرتبہ پڑھتا ہو اس کا دل گناہوں سے پاکیزہ ہو جاتا ہے اور نیک راستے پر گامزن ہو جاتا ہے اس کے علاوہ اگر کوئی شخص رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خواہش مند ہو تو وہ اسے شب جمعہ میں ۱۷۰ مرتبہ پڑھے اور ۴۰ جمعہ تک یہی عمل جاری رکھے انشاء اللہ شرف زیارت سے مشرف ہو گا۔

دفع سحر یا آسیب اور جن شیاطین کے تنگ کرنے کی صورت میں اس درُود پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ آسیب یا جن وغیرہ ہو تو دفع ہو جائے گا اضافہ رزق کے لیے بعد نماز فجر، مرتبہ روزانہ وظیفہ کے طور پر پڑھنا روزی میں اضافے کا سبب بنتا ہے دشمنوں ظالموں حاسدوں اور حاکموں کی زیادتیوں سے بچنے کے لیے اسے روزانہ ایک بار پڑھنا ہی کافی ہے کسی نیک مقصد یا حاجت کے لیے نصف شب کے بعد چالیس مرتبہ صدق دل سے پڑھنا بہت اکسیر ہے شفائے امراض کے لیے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا شفایابی کا موجب ہو گا اگر کوئی حب تسخیر خلق کے لیے اس کا عامل بننا

چاہے تو اسے چاہیئے کہ چالیس رات خلوت میں بیٹھ کر اسے روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے انشاءاللہ چلہ مکمل ہونے پر جس کی طرف توجہ کرے گا وہی قائل ہو کر اسیر ہو جائے گا۔

بانجھ عورت کے واسطے اکیس خرموں پر سات دفعہ پڑھ کر دم کرے اور ہر روز ایک خرما اُس کو کھلائے۔ پھر بعد غسلِ طہارت اُس سے ہم بستر ہو۔ خُدا کے فضل سے فرزندِ صالح پیدا ہوگا اگر عورت حاملہ کو کسی بھی قسم کا خلل ہو تو سات دن تک سات مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے۔ مالک کے فضل سے خیر ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما

صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِؕ

جو صاحب تاج و معراج اور براق والے اور جھنڈے

دَافِعِ الْبَلَاۤءِ وَالْوَبَاۤءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ

والے ہیں جن کے وسیلے سے بلا وبا قحط مرض اور دکھ

وَالْاَلَمِؕ اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

دور ہوتے ہے آپ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت

مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِؕ سَيِّدِ الْعَرَبِ

کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے آپ عرب

وَالْعَجَمِؕ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ

و عجم کے سردار ہیں آپ کا جسم نہایت مقدس خوشبو دار پاکیزہ

مُنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط شَمْسُ الضُّحٰی

اور خانہ کعبہ و حرم پاک میں منور ہے آپ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری

بَدْرُ الدُّجٰی صَدْرُ الْعُلٰی نُوْرُ الْھُدٰی

رات کے ماہتاب بلندیوں کے صدرنشین راہ ہدایت کے نور

کَھْفُ الْوَرٰی مِصْبَاحُ الظُّلَمِ ط جَمِیْلُ الشِّیَمِ ط

مخلوقات کی جائے پناہ اندھیروں کے چراغ نیک اطوار کے مالک

شَفِیْعُ الْاُمَمِ ط صَاحِبُ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ط وَاللّٰہُ

امتوں کے بخشوانے والے بخشش و کرم سے موصوف ہیں اللہ

عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُہٗ

آپ کا نگہبان جبریل آپ کے خدمت گزار براق آپ کی

وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ وَسِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی مَقَامُہٗ

سواری معراج آپ کا سفر سدرۃ المنتہیٰ آپ کا مقام اور

وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ

(قرب خداوندی میں) قاب قوسین کا مرتبہ آپ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپ

مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِ

کا مقصود ہے اور مقصود آپ کو حاصل ہے آپ

الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ

رسولوں کے سردار نبیوں میں سب سے پیچھے آنے والے گنہگاروں کے

اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَۃِ

بخشوانے والے مسافروں کے غمخوار دنیا جہان کے لیے رحمت عاشقوں کی

الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ

راحت مشتاقوں کی مراد خدا شناسوں کے

الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السّٰلِكِيْنَ مِصْبَاحِ

آفتاب راہ خدا پہ چلنے والوں کے چراغ مقربوں

الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَ

کے راہ نما محتاجوں غریبوں اور مسکینوں سے

الْمَسٰكِيْنَ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ

محبت رکھنے والے جن وانس کے سردار حرمین کے نبی

اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ

دونوں قبلوں (بیت المقدس و کعبہ) کے پیشوا اور دُنیا و آخرت میں

صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ

ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب قوسین پر فائز ہیں دو

الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ

مشرقوں اور دو مغربوں کے رب کے محبوب

الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى

ہیں حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے جدِّ امجد

الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

اور ہمارے اور (تمام) جن وانس کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد بن عبد اللہ جو

نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ يٰاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ

اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں اے نورِ جمال محمدی کے مشتاقو!

بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

آپ پر اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر درود و سلام

وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا○

بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے

⑦ ــــ درُود تاریہ

یہ درُود گوناں گوں روحانی اسرار کا خزینہ ہے بلکہ اس میں حصول معرفت کا راز چھپا ہے جسے عارفوں اور ولیوں کے سوا کوئی دوسرا نہ جان سکا۔ اس لیے اہل روحانیت میں اس درُود شریف کو بہت اہمیت حاصل ہے لہٰذا جو شخص اس درُود شریف کے اسرار جاننا چاہیئے۔ اسے چاہیئے کہ مرشد کامل سے اجازت لے کر اس درُود پاک کی دعوت پڑھے اس کی دعوت پڑھنے کا یہ طریقہ ہے کہ کسی تنہائی والی جگہ پر ۴۰ دن کے لیے گوشہ نشینی اختیار کرے اور دن کے وقت روزہ رکھے اور چلہ کے دوران رات دن یہی درُود پڑھے پھر دیکھے پردہ غیب سے اس پر عجیب و غریب اسرار ظاہر ہوں گے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک میں اعتکاف کے دوران بھی اگر یہی درُود پاک پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ اسے بے شمار روحانی اسراروں سے نوازے گا۔

دُنیوی فائدہ یہ ہے کہ اس درُود پاک کو پڑھنے والا ہمیشہ رنج و غم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے لہٰذا جب کسی پر کوئی مُصیبت آئے تو فوراً اس درُود پاک کا ورد کرنا چاہیئے انشاء اللہ مُصیبت فوراً ختم ہو جائے گی یعنی زحمت رحمت میں تبدیل ہو جائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا

اے اللہ تو درود نازل کر ایسا درود جو کامل ہو اور سلام بھیج ایسا سلام جو

تَامًّا عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

مکمل ہو اوپر ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جن کے

تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَ

ذریعے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں اور پریشانیاں رفع ہوتی ہیں، اور

تُقْضٰى بِهِ الْحَوَآئِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَآئِبُ

ضرورتیں پوری ہوتی ہیں اور مقاصد حاصل ہوتے ہیں

وَحُسْنُ الْخَوَاتِيْمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ

اور خاتمہ بخیر ہوتا ہے، اور بادل آپ کے معزز چہرہ کو دیکھ کر

الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ فِىْ كُلِّ

سیراب ہوتا ہے اور درود بھیج آپ کی اولاد پر اور آپ کے دوستوں پر

لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

ہر لمحہ اور ہر سانس میں مطابق اپنی معلومات کے شمار کے،

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ ۝

اے اللہ اے اللہ اے اللہ

۸ —— درودِ تنجینا

درودِ تنجینا سے مراد وہ درود شریف ہے جسے پڑھنے سے ہر مشکل اور مہم سے نجات ملتی ہے علامہ فاکہانی نے قمر منیر میں ایک بزرگ شیخ موسیٰ کا واقعہ بیان کیا ہے کہ انہوں نے بتایا کہ ہم ایک قافلے کے ساتھ ایک بحری جہاز میں سفر کر رہے تھے کہ جہاز طوفان کی زد میں آ گیا یہ طوفان قہر خداوندی بن کر جہاز کو ہلانے لگا ہم لوگ یقین کر بیٹھے کہ چند لمحوں کے بعد جہاز ڈوب جائے گا اور ہم لقمۂ اجل بن جائیں گے کیوں کہ ملاحوں نے بھی یہ سمجھ لیا تھا کہ اتنے تند و تیز جہاز سے کوئی قسمت والا جہاز ہی بچا ہے شیخ فرماتے ہیں اس عالم افراتفری میں مجھ پر نیند کا غلبہ ہو گیا چند لمحے غنودگی طاری ہوئی میں نے دیکھا کہ ماہ بطحا حضرت محمد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور مجھے حکم دیا کہ تم اور تمہارے ساتھی یہ درود ہزار بار پڑھو۔ میں بیدار ہوا۔ اپنے دوستوں کو جمع کیا۔ وضو کیا اور درود پاک پڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی ہم نے تین سو بار درود پاک پڑھا تھا کہ طوفان کا زور کم ہونے لگا آہستہ آہستہ طوفان رُک گیا اور تھوڑے ہی وقت میں آسمان صاف ہو گیا اور سمندر کی سطح پُر امن ہو گئی۔ اس درود پاک کی برکت سے تمام جہاز والوں کو نجات مل گئی۔

اس درود پاک کا نام تنجی یا تنجینا رکھا گیا۔ اس کے بے پناہ فضائل ہیں اور بزرگانِ دین نے بارہا مرتبہ آزمایا ہے جناب غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک شخص نہایت مشکل میں گرفتار ہو گیا۔ اس نے وضو کر کے معطر ہو کر یہ درود پاک پڑھنا شروع کیا تو مشکل حل ہو گئی اس درود پاک کو جو شخص ادب و احترام سے قبلہ رو ہو کر ہر روز تین سو بار پڑھے گا اللہ کے فضل سے اس کی سخت سے سخت مشکل حل ہو جائے گی۔

شرح دلائل الخیرات کے مؤلف نے لکھا ہے کہ جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی

زیارت کا شوق ہو وہ خالص نیت سے یہ درود پڑھے اور بعد از نماز عشاء ایک ہزار بار پورا کرے اور بستر کو معطر کرکے باوضو ہی سوجائے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس روز کے اندر اندر ہی زیارت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہو گی اگر اللہ کرم کرے تو ہو سکتا ہے ایک ہفتے کے اندر ہی زیارت ہو جائے۔

ایک بزرگ کا کہنا ہے کہ جو شخص اس درود پاک کو صبح و شام دس دس بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا۔ اور اللہ کے قہر سے نجات ملے گی اللہ تعالیٰ اسے برائیوں سے محفوظ رکھے گا۔ اس کے غم مٹ جائیں گے۔

اس درود پاک کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ جو شخص بیماری سے تنگ آکر طبیبوں اور ڈاکٹروں سے مایوس ہو گیا ہو۔ اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ بیماری کی تکلیف سے نجات ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اللہ تعالیٰ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

پر ایسی رحمت و برکت نازل فرما جس سے ہمیں تمام

الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ

ڈر خوف اور آفتوں سے نجات ہو جائے اور جس کی برکت سے ہماری

الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ

تمام حاجتیں روا ہو جائیں اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک و صاف ہو جائیں

وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ أَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا

اور جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر متمکن اور جس کے ذریعے

بِهَا أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيعِ الْخَيْرَاتِ فِي

ہم زندگانی کی تمام نیکیوں اور مرنے کے بعد کی تمام اچھائیوں سے

الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ إِنَّكَ مُجِيبُ الدَّعَوَاتِ

بدرجۂ غایت فائدہ حاصل کریں خدائے پاک تحقیق آپ ہماری دعاؤں کے قبول فرمانے والے

وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ وَيَا

ہیں اور ہمارے درجات کو بلند کرنے والے اور ہماری حاجتوں کو برلانے والے اور ہماری

كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ

بلاؤں کو رفع کرنے والے اور ہماری سخت مشکلات

الْمُشْكِلَاتِ أَغِثْنِي أَغِثْنِي أَغِثْنِي يَا إِلٰهِي إِنَّكَ

کے حل کرنے والے میری فریاد کو پہنچیں، اور اسے اپنے حضور تک رسائی دیں میری عرض قبول فرمائیں الٰہی

عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

تحقیق تو ہی ہر چیز پر قادر ہے

⑨ درود ماہی

درود ماہی ہر قسم کی مصیبت اور آفت میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور رحمت سے حفاظت میں رکھتا ہے اسے کثرت سے پڑھنے والا دشمن کے حملے حاسد کے حسد جنات اور آسیب کے تنگ کرنے سے ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہتا ہے یہ درود شیطان کے وسوسوں کو دور کرتا ہے جو شخص اسے روزانہ بعد نماز فجر ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھے

اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت اور عزت افزائی کے لیے غیبی مخلوق سے ایک فرشتہ مقرر کر دیتا ہے جو ہر لحاظ سے درود پڑھنے والے کی حفاظت پر مامور رہتا ہے۔

جو شخص ہر نماز کے بعد چار ماہ تک اسے ایک مرتبہ پڑھے وہ ہمیشہ کے لیے لوگوں میں باعزت ہو جائے گا ہر شخص اس کی عزت کرے گا اور جو شخص اسے رمضان المبارک میں نماز تراویح کے بعد اہم مرتبہ پورا ماہ پڑھے اسے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو گی۔ اور جو شخص اس درود کو قید میں پڑھے وہ قید سے رہائی پائے گا اور جو تا حیات اسے روزانہ کثرت سے پڑھے اس پر دوزخ کی آگ حرام ہو جائے گی۔

اس درود شریف کی سند یہ ہے کہ ایک روز حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے کہ آپ کے پاس ایک اعرابی آیا اس کے پاس ایک بڑا برتن تھا جسے اس نے کپڑے سے ڈھانپ رکھا تھا اس اعرابی نے وہ برتن آپ کی خدمت اقدس میں پیش کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ اے اعرابی اس برتن میں کیا ہے اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین دن سے اس مچھلی کو پکا رہا ہوں مگر یہ بالکل پک نہیں رہی اس پر آگ کا کچھ اثر نہیں ہوتا اب آپ کے پاس لایا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے اچھی طرح جانتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مچھلی سے دریافت کیا تو مچھلی کو اللہ تعالیٰ نے قوت گویائی عطا فرما دی اور وہ بولنے لگی اس نے عرض کیا کہ میں پانی میں کھڑی تھی تو ایک آدمی آیا وہ ایک درود پڑھ رہا تھا اس کی آواز میرے کان میں پڑی اور میں نے پورا درود سنا حضور صَلّی اللہ علیہ وسَلّم نے فرمایا کہ اے مچھلی وہ درود پڑھ کر سنا چنانچہ اس نے پڑھ کر سنایا رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؓ کو فرمایا کہ اے حضرت علیؓ اس درود کو لکھ لو۔ اور لوگوں کو سکھاؤ انشاء اللہ اس درود پڑھنے والے پر دوزخ کی آگ ان پر حرام ہو جائے گی لہٰذا اس درود کو درود ماہی کہا جاتا ہے اور وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل پر جو مخلوق میں سب سے

خَیْرِ الْخَلَآئِقِ وَ اَفْضَلِ الْبَشَرِ وَ شَفِیْعِ

بہتر ہیں اور افضل البشر ہیں اور یوم حشر و نشر میں

الْاُمَمِ یَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ وَصَلِّ عَلٰی

امت کے شفیع ہیں اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر معلوم اعداد کی حد تک

بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ

کی آل پر درود اور برکت اور سلامتی بھیج اور تمام انبیاء

وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی کُلِّ الْمَلٰٓئِکَۃِ

اور رسولوں پر درود بھیج اور تمام مقرب ملائکہ اور

الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ

صالح بندوں پر زیادہ سے زیادہ درود اور سلام

وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا ۢ بِرَحْمَتِکَ

بھیج ساتھ اپنی رحمت اور اپنے

وَبِفَضْلِکَ وَبِکَرَمِکَ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ

فضل اور اپنے کرم کے اے سب سے زیادہ کرم

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ يَا قَدِيْمُ

کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ساتھ اپنی رحمت کے اے قدیم

يَا دَآئِمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا وِتْرُ يَا اَحَدُ يَا

اے ہمیشہ رہنے والے اے زندہ اے قائم اے وتر اے احد اے

صَمَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ

بے نیاز جسے کسی نے جنا نہیں اور نہ وہ کسی سے جنا گیا اور نہیں

يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ

اس کے جوڑ کا کوئی وہ اکیلا ہے۔ ساتھ اپنی رحمت کے اے سب سے زیادہ رحم

الرَّاحِمِيْنَ ؕ

کرنے والے

⑩ دُرودِ خمسہ

باعزت زندگی بسر کرنے اور ہر قسم کے مصائب اور مشکلات سے امن وامان میں رہنے کے لیے درود خمسہ کا ورد سب سے اعلیٰ اور مؤثر ہے۔ اس درود پاک کو کثرت سے پڑھنا ہر مہم میں یقیناً کامیابی کی دلیل ہے اور حاجات کے پورا ہونے کے لیے اس دُرود پاک کو ہر روز بعد نماز عشاء سو مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے۔ اس درود پاک کو روزانہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا مرنے کے بعد قبر میں سوال جواب میں آسانی راحت اور مغفرت کا سبب بنے گا۔ ایک دفعہ کا واقعہ ہے کہ ایک اللہ کا بندہ اس دارفانی سے کوچ کر گیا۔ ایک صاحب کشف ولی اللہ نے ان سے دریافت کیا کہ خدا نے تمہارے ساتھ کیا معاملہ کیا تو اس نے جواب دیا کہ میں ہر جمعرات کو درود خمسہ پڑھا کرتا تھا اس

وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھے بخش دیا۔ تحفۃ المقاصد میں ہے کہ یہ درود حضرت امام شافعیؒ کے معمولات میں شامل تھا اور آپ اسے کثرت سے پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی

اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اس تعداد میں صلوٰۃ بھیج جتنی کہ بھیجی

عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ

گئی ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی چاہت اور

تَرْضٰی اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

رضا کے مطابق رحمت نازل کر جیسا کہ تو نے نازل کی ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

کَمَآ اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی

رحمت نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ کَمَا تَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ

درود بھیج جیسا کہ ان پر درود بھیجنے کا حق ہے

(۱۱) درود غوثیہ

یہ درود خاندان قادریہ کے معمولات میں سے ہے اکثر قادری بزرگ اپنے مریدوں کو اسے روزانہ ۱۱ ۵ مرتبہ یا ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں یہ درود رحمت خداوندی کا خزانہ ہے لہٰذا جو شخص اس درود کو روزانہ ۱۱۱ مرتبہ تا حیات پڑھتا رہے وہ رحمت خداوندی سے مالا مال ہو جاتا ہے ایک اللہ کے بندے کا کہنا ہے کہ جو شخص روزانہ اس درود کو کم از کم ایک بار ضرور پڑھے اسے سات نعمتیں حاصل ہوں گی، (۱) رزق میں برکت (۲) تمام کام آسان ہو جائیں گے (۳) نزع کے وقت کلمہ نصیب

ہوگا (۴) جان کنی کی سختی سے محفوظ رہے گا (۵) قبر میں وسعت ہوگی (۶) کسی کی محتاجی نہ ہوگی (۷) مخلوق خدا اس سے محبت کرے گی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس درود کی برکات حاصل کرنے کے لیے اسے روزانہ پڑھنا چاہیئے اس کے علاوہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب اور زیارت کے لیے بھی یہ درود بہت مؤثر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ ہمارے سردار و آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ

جو جود و کرم کا خزینہ ہیں پر اور ان کی آل پر درود برکت

وَسَلِّمْ۔

اور سلام بھیج

کعبہ کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروڑوں سلام
تم پہ کروڑوں ثناء تم پہ کروڑوں درود

خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروڑوں درود

کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نامِ رضا تم پہ کروڑوں درود

(امام احمد رضا قادری بریلوی علیہ رحمۃ)